رجسٹرڈ ڈی سی نمبر 12
قیمت 10 روپے
MEMBER OF APNS
کوئٹہ اسلام آباد اور حب سے بیک وقت شائع ہونیوالا بلوچستان کا واحد کثیرالاشاعت روزنامہ
A.B.C Certified
DAILY AWAM QUETTA
روزنامہ عوام کوئٹہ
ایڈیٹر انچیف وسیم احمد
جلد 38 | بدھ | 02 جمادی الاول | 1448ھ | 14 اکتوبر 2026ء | فون 2832244-2829384 فیکس 2832255 | شمارہ 92

صوبائی حکومت تعاون نہیں کر رہی تھی، حکومت نے ایمرجنسی، گورنر راج نہایت مجبوری میں لگایا

معاہدہ ہو جاتا تو ایمرجنسی نہیں لگتی، ہم میں سے کوئی نہیں چاہتا تھا ایمرجنسی لگے، محسن نقوی

مذاکرات کے دوران چوتھی دفعہ 6 تبدیلیاں تجویز کی گئیں ہم نے ان سب کو مانا، جب سب طے ہوا تو تحریر وزیراعلیٰ کو دی گئی، وزیراعلیٰ نے وہ ٹیکسٹ مراد سعید کو بھیجا، اس کے بعد دو دن کی محنت ضائع ہو گئی

گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ میں آئین کی خلاف ورزی نہیں ہوئی ہے یہ آئین کے مطابق ہے۔ ہمیں بتائیں کہ کونسی شق کی خلاف ورزی ہوئی ہے، وزیر داخلہ کا ایوان بالا میں اپوزیشن لیڈر کی تقریر کا جواب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ اس دن معاہدہ ہو جاتا تو آج ایمرجنسی نہ لگتی، ہم میں سے (بقیہ نمبر 38 صفحہ 6 پر)

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر داخلہ سید محسن نقوی نے کہا کہ حکومت نے ایمرجنسی اور گورنر راج نہایت مجبوری کی وجہ سے (بقیہ نمبر 37 صفحہ 6 پر)

خیبر پختونخوا میں چند ماہ سے صورتحال انتہائی خراب تھی، وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف (بقیہ نمبر 42 صفحہ 6 پر)

حکومت کی ایک بار پھر اپوزیشن لیڈر کو اسپیکر چیمبر آ کر ملاقات کرنے کی دعوت

سردار ایاز صادق غیر جانبدار ہیں، ملکی مفاد اور آئینی معاملات میں بیٹھنے کیلئے جگہ اہمیت نہیں رکھتی، طارق فضل

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے ایک بار پھر قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی کو اسپیکر چیمبر آ کر ملاقات کرنے کی دعوت دیدی۔ میڈیا سے گفتگو (بقیہ نمبر 41 صفحہ 6 پر)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سے یورپی کمشنر برائے امور داخلہ و ہجرت میگنس برنر ملاقات کر رہے ہیں

پاک فوج کا ہائپرسونک بیلسٹک میزائل فتح ٹو توسیع شدہ رینج کا کامیاب تجربہ

میزائل کی رینج میں اضافے سے پاک فوج کی آپریشنل رسائی اور دور دراز اہداف کو نشانہ بنانے کی صلاحیت میں اضافہ ہوگا

صدر مملکت، وزیراعظم، چیف آف ڈیفنس فورسز اور سروسز چیفس نے کامیاب تجربے پر سائنسدانوں اور انجینئرز کو مبارکباد دی

راولپنڈی (این این آئی) پاک فوج نے ہائپرسونک بیلسٹک میزائل فتح ٹو توسیع شدہ رینج کا کامیاب تجربہ کیا۔ مسلح افواج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق میزائل جدید نیویگیشن سسٹم اور جدید ترین ایویونکس سے لیس ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فتح 2 ای آر منفرد راستے اور سمت تبدیل کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے، فتح 2 ای آر انتہائی درستگی سے اہداف کو نشانہ بنانیکی صلاحیت رکھتا ہے۔ آئی ایس (بقیہ نمبر 43 صفحہ 6 پر)

نوجوانوں کو قومی اور عالمی معیشت کا حصہ بنانے کیلئے جامع حکمت عملی ترتیب دی جائے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (بی ٹیوٹا) کے بورڈ کا گیارہواں اجلاس

اجلاس میں آئندہ سال تک صوبے کے 25 ہزار نوجوانوں کو مختلف شعبوں میں فنی تربیت فراہم کرنے کا منصوبہ منظور کر لیا گیا

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (بی ٹیوٹا) کے بورڈ کے گیارہویں اجلاس میں آئندہ سال تک صوبے کے 25 ہزار نوجوانوں کو مختلف شعبوں میں فنی تربیت فراہم کرنے کا منصوبہ منظور کر لیا (بقیہ نمبر 40 صفحہ 6 پر)

آئی ایم ایف نے پاکستان میں مہنگائی مزید بڑھنے کا خدشہ ظاہر کر دیا

جیو پولیٹیکل بحران کی صورت میں تیل کی قیمتیں تیزی سے بڑھ سکتی ہیں، آئی ایم ایف

اسلام آباد (این این آئی) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے رواں مالی سال پاکستان میں مہنگائی کی شرح مزید بڑھنے کا خدشہ ظاہر کیا ہے۔ آئی ایم ایف نے ورلڈ (بقیہ نمبر 39 صفحہ 6 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی کے گیارہویں بورڈ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اتحادی جماعتوں کی وزیراعظم سے ملاقات، خیبر پختونخوا سے متعلق حکومتی اقدامات کی حمایت

کے پی حکومت کو ساتھ ملا کر چلنے کی ہر ممکن کوشش کی، ایمرجنسی کا نفاذ مجبوراً کرنا پڑا، شہباز شریف

خیبر پختونخوا میں امن و امان، دہشتگردی کے خاتمے اور معیشت کی بہتری کیلئے غیر جانبدار تکنیکی مشاورتی کونسل قائم کی گئی ہے، وفاقی کابینہ نے آئین کے آرٹیکل 232 اور 234 کے تحت اقدامات کا فیصلہ کیا، وزیراعظم

خیبر پختونخوا کے عوام کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں، صوبے میں امن و ترقی چاہتے ہیں، امن و امان بہتر بنانے اور ترقی کا راستہ دکھائیں گے، خیبر پختونخوا کے عوام کے ساتھ مل کر پاکستان کو عظیم بنائیں گے، پارلیمانی پارٹی سے خطاب

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے پاکستان مسلم لیگ (ق)، بلوچستان عوامی پارٹی، استحکام پاکستان پارٹی اور مسلم لیگ (ضیاء) کے پارلیمانی وفد نے ملاقات کی، جس میں ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال اور بالخصوص خیبر پختونخوا میں امن و امان کے معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعظم نے وفد کو صوبے کی صورتحال، دہشت گردی کے خلاف اقدامات اور حکومتی فیصلوں کے پس منظر سے آگاہ کیا، جبکہ اتحادی جماعتوں نے موجودہ حالات میں وفاقی حکومت کے ساتھ کھڑے رہنے کی یقین دہانی کرائی۔ ملاقات کے دوران وزیراعظم شہباز شریف (بقیہ نمبر 44 صفحہ 6 پر)

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت نے خیبر پختونخوا حکومت کے ساتھ مل کر چلنے اور صوبے کے مسائل حل کرنے کی ہر ممکن کوشش کی، تاہم ایمرجنسی کا نفاذ مجبوراً کرنا پڑا۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے عوام نے ملک کے لیے بے شمار قربانیاں دی ہیں، صوبے میں دہشت گردی اور بے روزگاری کا خاتمہ چاہتے ہیں اور امن و امان کی بہتری سمیت ترقی کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں گے۔ پارلیمانی پارٹی سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے خیبر پختونخوا کے عوام کی بہادری، قربانیوں اور حب الوطنی کو خراج تحسین (بقیہ نمبر 45 صفحہ 6 پر)

پی ٹی آئی کا گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کیخلاف ہائیکورٹ میں درخواست دائر کرنے کا اعلان

اپنی آئینی و قانونی جدوجہد جاری رکھیں گے، آزاد جمہوری نظام اور آزاد عدلیہ کے حامی ہیں، چیئرمین پی ٹی آئی

پشاور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کے خلاف ہائی کورٹ میں درخواست دائر کرنے کا اعلان کر دیا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کے خلاف ہائی کورٹ میں درخواست دائر کر رہے ہیں۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ اپنی آئینی و قانونی جدوجہد جاری رکھیں (بقیہ نمبر 46 صفحہ 6 پر)

ایمرجنسی، گورنر راج سے خیبر پختونخوا کے لوگوں کا غصہ بڑھ گیا، نیاز اللہ نیازی

راولپنڈی (این این آئی) بانی پی ٹی آئی عمران خان کے ترجمان نیاز اللہ نیازی نے کہا ہے کہ ایمرجنسی اور گورنر راج لگا کر لوگوں کی نفرت میں اضافہ کیا گیا، کے پی کے (بقیہ نمبر 48 صفحہ 6 پر)

چیف جسٹس یحییٰ آفریدی (آج) نجی دورے پر انگلینڈ روانہ ہوں گے

اسلام آباد (این این آئی) چیف جسٹس آف پاکستان یحییٰ آفریدی (آج) بدھ کو نجی دورے پر انگلینڈ روانہ ہوں گے، وہ 21 اکتوبر کو واپس پاکستان پہنچیں گے (بقیہ نمبر 49 صفحہ 6 پر)

کے پی میں آئین کے تحت اقدامات کیے، صوبائی کابینہ میں اب کوئی دہشتگردوں کا ہمدرد نہیں، وفاقی وزراء

دہشتگردی کیخلاف ایک ملک میں دو مختلف پالیسیاں کیسے ہو سکتی ہیں؟ نئی کابینہ میں دہشت گردی کے خلاف مؤثر بیانیہ تشکیل دینے کا عزم اور حوصلہ موجود ہے، عطاء اللہ تارڑ

اگر ایمرجنسی کا نفاذ سیاسی مقاصد کے لیے ہوتا تو یہ اقدام پہلے بھی کیا جا سکتا تھا، پختونخوا کی سابقہ حکومت کا دہشتگردی کے خلاف عدم تعاون اور کردار ریکارڈ پر ہے، اعظم نذیر تارڑ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں آئین کے تحت اقدامات کیے، صوبائی کابینہ میں اب کوئی دہشتگرد کا ہمدرد نہیں، دہشتگردی کیخلاف ایک ملک میں دو مختلف پالیسیاں کیسے ہو سکتی ہیں؟ نئی کابینہ میں دہشت گردی کے خلاف مؤثر بیانیہ تشکیل دینے کا عزم اور حوصلہ موجود ہے، طالبان کے پیش کردہ اسلام کا حقیقی اسلام سے کوئی تعلق نہیں، سڑکوں پر لاکھوں افراد لانے اور گورنر ہاؤس کا گھیراؤ کا اعلان کرنے والے ایک درجن افراد بھی باہر نہیں لا سکے۔ وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے (بقیہ نمبر 47 صفحہ 6 پر)

شہباز شریف کا گندم کی قیمت جلد مقرر کرنے کا اعلان، ذخیرہ اندوزوں کو رعایت نہ دینے کا فیصلہ

قومی زرعی و غذائی تحفظ کونسل کے پہلے اجلاس میں کسانوں کو مناسب معاوضہ، صارفین کو سستی گندم کی فراہمی اور زرعی برآمدات میں اضافے پر زور

وزیراعظم کا زرعی شعبے کی ترقی کے لیے وفاق اور صوبوں میں تعاون بڑھانے پر زور، کسانوں کو مناسب قیمت اور عوام کو سستی گندم فراہم کرنے کا عزم

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ گندم کی قیمت کا اعلان صوبوں سے مشاورت مکمل ہونے کے بعد جلد کیا جائے گا، حکومت کی کوشش ہے کہ کسانوں کو ان کی محنت کا مناسب معاوضہ ملے اور صارفین کو سستی گندم دستیاب ہو۔ انہوں نے واضح کیا کہ گندم کی ذخیرہ اندوزی کرنے والوں کو کسی قسم کی رعایت نہیں دی جائے گی اور گندم کی بوائی سے پہلے اس کی مناسب قیمت کا تعین ضروری ہے (بقیہ نمبر 50 صفحہ 6 پر)

پاکستان دفاعی سائنس اور ٹیکنالوجی کے میدان میں اپنی صلاحیتوں کو مزید ترقی دے گا، میر سرفراز بگٹی

پاکستان کی دفاعی صلاحیتوں میں پیش رفت قومی خود اعتمادی اور سائنسی و تکنیکی مہارت کا مظہر ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

ہائپرسونک بیلسٹک میزائل فتح-2 ایکسٹینڈڈ رینج (ای آر) کے کامیاب تجرباتی لانچ پر قوم، مسلح افواج، سائنس دانوں اور انجینئرز کو مبارکباد

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پاک فوج کی جانب سے ہائپرسونک بیلسٹک میزائل فتح-2 ایکسٹینڈڈ رینج (ای آر) کے کامیاب تجرباتی لانچ پر قوم، مسلح افواج، سائنس دانوں اور انجینئرز کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کی دفاعی صلاحیتوں میں پیش رفت قومی خود اعتمادی اور سائنسی و تکنیکی مہارت کا مظہر ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ جدید نیویگیشن سسٹم، جدید ترین ایویونکس ٹیکنالوجی، غیر معمولی درستگی اور توسیع (بقیہ نمبر 51 صفحہ 6 پر)

وزیر خزانہ کی سعودی فنڈ برائے ترقی کے چیف ایگزیکٹو سے ملاقات

سعودی فنڈ برائے ترقی کے تعاون سے جاری منصوبوں پر پیش رفت کو اطمینان بخش قرار دیا گیا، اعلامیہ

بینکاک (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات، سینیٹر محمد اورنگزیب نے تھائی لینڈ کے شہر بنکاک میں ورلڈ بینک گروپ اور آئی ایم ایف کے سالانہ اجلاسوں 2026 کے موقع پر سعودی فنڈ برائے ترقی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر سلطان عبدالرحمٰن المرشد سے ملاقات کی (بقیہ نمبر 51 صفحہ 7 پر)

روسی وزیر داخلہ کا دورہ اسلام آباد پولیس لائنز، شہدا کو خراج عقیدت، قومی پرچم کو بوسہ دیا

اسلام آباد (این این آئی) روس کے وزیر داخلہ ولادیمیر کولاکولتسیف نے وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری کے ہمراہ اسلام آباد پولیس لائنز اور شکرپڑیاں میں واقع پاکستان مونومنٹ کا دورہ کیا۔ پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز آمد پر روسی وزیر داخلہ کو خصوصی دستوں نے سلامی پیش کی جس کے بعد انہوں نے اسلام آباد پولیس کی شاندار پریڈ کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر (بقیہ نمبر 52 صفحہ 7 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے مہر بہروز ریکی کی قیادت میں مائنز اونرز کا وفد ملاقات کر رہا ہے

چیف جسٹس کی زیر صدارت جوڈیشل کمیشن کا اجلاس، سندھ ہائیکورٹ آئینی بینچ کی ایک سال کیلئے توسیع

اجلاس میں بلاول بھٹو زرداری بطور ممبر پہلی بار شریک ہوئے، رانا ثناء اللہ کی بھی شرکت

اسلام آباد (این این آئی) چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی کی زیر صدارت جوڈیشل کمیشن کا اجلاس منعقد ہوا جس میں سندھ ہائیکورٹ آئینی بینچ کی ایک سال کیلئے توسیع کا فیصلہ کر لیا گیا۔ اجلاس میں بلاول بھٹو زرداری نے بطور ممبر جوڈیشل کمیشن پہلی بار (بقیہ نمبر 50 صفحہ 7 پر)

پاکستان اور آذربائیجان کا قانونی اصلاحات اور عدالتی تعاون بڑھانے کے عزم کا اعادہ

وزیر مملکت برائے قانون عقیل ملک کی استنبول میں انٹرنیشنل جسٹس سمٹ 2026 میں شرکت

ترکیہ، یوگنڈا، کانگو اور بوسنیا کے اعلیٰ حکام سے بھی ملاقاتیں؛ مہاجرین کے تحفظ اور انسانی وقار کے لیے عالمی تعاون پر زور

اسلام آباد (آن لائن) وزیر مملکت برائے قانون و انصاف بیرسٹر عقیل ملک نے پاکستان اور دیگر ممالک کے درمیان قانونی تعاون، عدالتی روابط اور ادارہ جاتی شراکت داری کو فروغ دینے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ انصاف کے نظام کو مؤثر بنانے، قانونی اصلاحات آگے بڑھانے اور اداروں کی استعداد کار میں اضافے کے لیے بین الاقوامی تعاون اہمیت کا حامل ہے۔ انہوں نے استنبول میں منعقدہ انٹرنیشنل (بقیہ نمبر 53 صفحہ 7 پر)

معزول وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کی فوری بازیابی کیلئے آئینی درخواست دائر

معزول وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کی بازیابی کی درخواست کو فوری سماعت کے لیے مقرر کرنے کی استدعا

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے معزول وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کو وزیراعلیٰ ہاؤس سے حراست میں لینے کے خلاف اور فوری بازیابی کیلئے پشاور ہائیکورٹ میں آئینی درخواست دائر کر دی گئی۔ سہیل آفریدی کے بھائی محمد عامر نے ہائی کورٹ میں پٹیشن دائر (بقیہ نمبر 49 صفحہ 7 پر)

وزیر تجارت جام کمال خان سے ایتھوپیا کے سفیر ڈاکٹر عمر حسین اوبا کی ملاقات

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اور ایتھوپیا نے دو طرفہ تجارت، سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون کو فروغ دینے، تجارتی رکاوٹیں دور کرنے اور کاروباری روابط مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا ہے۔ دونوں ممالک نے بالخصوص پاکستانی ادویات کی ایتھوپیا کی منڈی تک رسائی آسان بنانے، ادویات کی رجسٹریشن اور منظوری کے زیر التوا معاملات جلد حل کرنے اور برآمدات (بقیہ نمبر 37 صفحہ 7 پر)

اسلام آباد، صدر آصف علی زرداری سے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت پہلے سیکرٹری جنرل لیفٹیننٹ جنرل (ر) نعمان محمود ملاقات کر رہے ہیں

کراچی، کالعدم تنظیموں کے 4 دہشت گرد گرفتار

کراچی (این این آئی) کراچی میں محکمہ انسداد دہشت گردی (سی ٹی ڈی) وفاقی اور سول حساس اداروں نے 2 مختلف مقامات پر کارروائیاں کرتے ہوئے 4 دہشت (بقیہ نمبر 55 صفحہ 7 پر)

پاکستان میں موبائل انٹرنیٹ کی صنفی خلیج کم ہو کر 8 فیصد رہ گئی، وفاقی وزیر آئی ٹی

آئندہ تین برسوں میں 60 فیصد ٹاورز کو فائبرائز کریں گے، شزا فاطمہ خواجہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شزا فاطمہ خواجہ نے ایشیا پیسیفک کے خطے میں ڈیجیٹل تقسیم ختم کرنے اور پائیدار ترقی کے اہداف کے حصول کیلئے عملی روڈ میپ کی تشکیل پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان نے (بقیہ نمبر 54 صفحہ 7 پر)

راولپنڈی، کوئٹہ کے قریب مشاق طیارے کے افسوسناک واقعے میں جام شہادت نوش کرنیوالے میجر حسنین شہزاد ہمایوں اور کیپٹن عبدالصمد کی نماز جنازہ میں وزیراعظم محمد شہباز شریف، چیف آف آرمی اسٹاف فیلڈ مارشل عاصم منیر سمیت اعلیٰ افسران بھی شریک ہیں

خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کا نفاذ آئین کے مطابق، فیصلہ دکھی دل سے کیا، اسحاق ڈار

خیبر پختونخوا میں دہشتگردی کئی گنا بڑھ گئی، برداشت نہیں کر سکتے، صوبائی حکومت نے دہشتگردی کیخلاف جنگ میں تعاون نہیں کیا، نائب وزیراعظم

10 روز میں پارلیمنٹ سے توثیق کرائی جائے گی، اپوزیشن سے حمایت کی اپیل، سیاسی مصالحت کے حامی ہیں مگر ملکی سلامتی پر سمجھوتہ نہیں ہو سکتا، خطاب

اسلام آباد (آن لائن) ایوان بالا میں نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کا فیصلہ آئین کے مطابق ہے جو حکومت نے دکھی دل کے ساتھ کیا ہے۔ منگل کو ایوان بالا میں نکتہ اعتراض پر بات کرتے ہوئے سینیٹر اسحاق ڈار نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کئی گنا بڑھ گئی تھی جو صوبے میں ایمرجنسی اور گورنر راج لگانے کا جواز فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے (بقیہ نمبر 39 صفحہ 7 پر)

عالمی مالیاتی نظام میں اصلاحات ناگزیر، ترقی پذیر ممالک کے مفادات کا مؤثر تحفظ کیا جائے، وزیر خزانہ

پاکستان ترقی پذیر معیشتوں کے مفادات کے تحفظ اور عالمی مالیاتی نظام میں مؤثر اصلاحات کے لیے فعال کردار ادا کرے گا، محمد اورنگزیب

پاکستان ترقی پذیر ممالک کے اجتماعی مفادات کے فروغ اور عالمی نظام کو زیادہ جامع اور مستحکم بنانے کیلئے کردار ادا کریگا، اجلاس سے خطاب

بنکاک (آن لائن) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے عالمی مالیاتی نظام میں اصلاحات پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ ترقی پذیر معیشتوں کو درپیش معاشی چیلنجز سے نمٹنے، ترقیاتی اہداف کے تحفظ اور مالی وسائل کی دستیابی یقینی بنانے کے لیے بین الاقوامی مالیاتی (بقیہ نمبر 56 صفحہ 7 پر)

وزیر خزانہ کی آئی ایف سی کے علاقائی نائب صدر سے ملاقات

دونوں رہنماؤں کا نجی شعبے کی ترقی، سرمایہ کاری اور ترقیاتی تعاون پر تبادلہ خیال

بینکاک (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات، سینیٹر محمد اورنگزیب نے تھائی لینڈ کے شہر بنکاک میں ورلڈ بینک گروپ اور آئی ایم ایف کے سالانہ اجلاسوں 2026 کے موقع پر انٹرنیشنل فنانس کارپوریشن کے مشرق وسطیٰ اور وسطی ایشیا کیلئے علاقائی نائب (بقیہ نمبر 40 صفحہ 7 پر)

عامر ڈوگر کا زیر حراست اراکین اسمبلی کے پروڈکشن آرڈرز کیلئے اسپیکر قومی اسمبلی کو خط

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے زیر حراست اراکین اسمبلی کے پروڈکشن آرڈرز جاری کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ زیر حراست اراکین (بقیہ نمبر 38 صفحہ 7 پر)

وفاقی وزیر ریلوے کا ملتان ٹرین حادثے پر افسوس کا اظہار

حنیف عباسی کی زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے ملتان میں شیر شاہ کے قریب پیش آنے والے ٹرین حادثے کا نوٹس لیتے ہوئے واقعے پر گہرے افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزارت ریلوے سے جاری بیان کے مطابق انہوں نے حادثے میں جاں (بقیہ نمبر 48 صفحہ 7 پر)

وزیراعظم سے یورپی یونین کیلئے کمشنر برائے داخلی امور اور مائیگریشن میگنس برونر کی ملاقات

پاکستان اور یورپی یونین کے درمیان ہجرت، مائیگریشن اور موبلٹی کے شعبوں میں تعاون کو مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے غیر قانونی ہجرت کی روک تھام اور انسانی سمگلنگ کے خاتمے کے لیے قانون سازی کی اصلاحات، ادارہ جاتی استحکام، مؤثر کارروائی اور بین الاقوامی تعاون کے ذریعے پاکستان کی مسلسل کوششوں کو (بقیہ نمبر 57 صفحہ 7 پر)

41واں قومی مقابلہ برائے حفظ وقرأت (آج) سے شروع ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) وزارت مذہبی امور کے زیر اہتمام 41واں قومی مقابلہ برائے حفظ وقرأت (آج) بدھ سے شروع ہوگا جس میں ملک بھر سے 56 حفاظ و قرا (بقیہ نمبر 58 صفحہ 7 پر)

وزیراعلیٰ سندھ میرا وجود تسلیم کرنے کو تیار نہیں، میں انہیں کیسے مان لوں، مصطفیٰ کمال

سندھ اور پاکستان کو چلانے کا واحد حل صرف چھوٹے انتظامی یونٹ ہیں، وفاقی وزیر صحت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ سندھ میرا وجود تسلیم کرنے کو تیار نہیں تو میں انہیں کیسے مان لوں، سندھ اور پاکستان کے مسائل کا حل چھوٹے انتظامی یونٹس کے قیام میں ہے۔ پیر میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مصطفیٰ (بقیہ نمبر 47 صفحہ 7 پر)

متحدہ اپوزیشن کی خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کی شدید مذمت، فوری واپسی کا مطالبہ

آئین کی بالادستی، صوبائی خودمختاری اور عوام کے حقوق کے تحفظ کے لیے جدوجہد جاری رکھنے کا عزم

منتخب وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی سمیت سیاسی رہنماؤں اور کارکنوں کی گرفتاریوں کو جمہوری اقدار کے منافی قرار

اسلام آباد (آن لائن) قومی اسمبلی میں متحدہ اپوزیشن کی پارلیمانی پارٹی نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ، منتخب صوبائی حکومت کے خاتمے اور سیاسی رہنماؤں و کارکنوں کی گرفتاریوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے گورنر راج فوری واپس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ اپوزیشن نے گرفتار رہنماؤں اور کارکنوں کے بنیادی حقوق کے تحفظ، صوبے کے عوام کے جمہوری مینڈیٹ کے احترام اور آئین و قانون (بقیہ نمبر 41 صفحہ 7 پر)

جوڈیشل کمیشن نے احسن بھون کی ڈگری اصلی ہونے کی تصدیق کر دی، ذرائع

جوڈیشل کمیشن نے سندھ ہائیکورٹ کے آئینی بینچ کو بھی ایک سال کی توسیع دیدی

اسلام آباد (این این آئی) جوڈیشل کمیشن نے احسن بھون کی ڈگری اصلی ہونے کی تصدیق کر دی۔ چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی کی زیر صدارت جوڈیشل کمیشن کا اجلاس ہوا جس دوران بلاول بھٹو زرداری اور رانا ثنا اللہ نے بھی شرکت کی۔ نجی ٹی وی کے (بقیہ نمبر 46 صفحہ 7 پر)

ملتان، رحمان بابا ٹرین حادثے کا شکار، 14 بوگیاں پٹڑی سے اتر گئیں، 6 مسافر جاں بحق، 30 زخمی

کراچی سے پشاور جانے والی رحمٰن بابا کے پٹڑی سے اترنے کا واقعہ شیر شاہ اسٹیشن کے پاس آؤٹر سگنل کے قریب پیش آیا

ٹرین حادثے کا شکار ہوتے ہی مسافروں نے چیخ و پکار شروع کر دی، ریلوے کے اعلیٰ حکام، ریسکیو ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں

ملتان / شجاع آباد / لاہور (این این آئی) کراچی سے پشاور جانے والی رحمان بابا ٹرین ملتان میں شیر شاہ پل کے قریب حادثے کا شکار ہو گئی، ٹرین کی 14 بوگیاں پٹڑی سے اتر گئیں جس کے نتیجے میں 6 مسافر جاں بحق جبکہ 30 سے زائد زخمی ہو گئے، ٹرین حادثے (بقیہ نمبر 59 صفحہ 7 پر)

قانون سازی کا بائیکاٹ ختم، پی پی کا گورنر راج کے نفاذ کی قرارداد کے حق میں ووٹ دینے کا فیصلہ

ذرائع کے مطابق اجلاس کے دوران بلاول بھٹو زرداری نے پارلیمانی کمیٹی کو خیبر پختونخوا میں گورنر راج و ایمرجنسی کے نفاذ پر اعتماد میں لیا

پی پی نے قانون سازی کا بائیکاٹ ختم کیا اور فیصلہ کیا گیا کہ پارٹی خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ سمیت مختلف قوانین کی منظوری میں تعاون کرے گی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی نے قانون سازی کا بائیکاٹ ختم کرتے ہوئے گورنر راج کے نفاذ کی قرارداد کے حق میں ووٹ دینے کا فیصلہ کر لیا۔ ذرائع کے مطابق پیپلز پارٹی کی پارلیمانی کمیٹی کے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ پی پی قومی اسمبلی میں کے پی میں (بقیہ نمبر 42 صفحہ 7 پر)

کراچی میں گھر سے میاں بیوی اور بچوں سمیت 5 افراد کی نعشیں برآمد

قانونی کارروائی کیلئے ہسپتال منتقل کر دیا گیا، ملنے والی لاشوں میں میاں بیوی، نند اور دو بچے شامل

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے بن قاسم کی حدود فلک ناز سوسائٹی کے گھر سے 5 لاشیں برآمد ہوئیں۔ پولیس حکام نے بتایا کہ لاشوں کو قانونی کارروائی کے لئے ہسپتال منتقل کر دیا گیا، ملنے والی لاشوں میں میاں بیوی، نند اور دو بچے شامل ہیں، ابتدائی طور پر واقعہ (بقیہ نمبر 45 صفحہ 7 پر)

پی ٹی آئی کا شو ختم، قومی پرچم نہ اٹھانے والوں کی نسلیں تباہ کر دیں گے، فیصل واوڈا

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹر فیصل واوڈا نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کا شو ختم ہو گیا، پاکستان کا جھنڈا نہ اٹھانے والوں کی نسلیں تباہ کر دیں گے، خیبر پختونخوا میں امن و امان کی صورتحال تشویشناک ہے، ایمرجنسی لگانا ناگزیر ہو چکا تھا۔ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے سینیٹر فیصل واوڈا نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں (بقیہ نمبر 43 صفحہ 7 پر)

راولپنڈی، 12 سالہ بچی کو زیادتی کے بعد قتل کرنے والا ملزم پولیس مقابلے میں ہلاک

ہلاک ملزم عمیر عباسی 12 سالہ مقتولہ کا خالو تھا، 12 سالہ لڑکی کی لاش 8 اکتوبر کو ہلاک ملزم کے گھر سے ملی تھی

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کے علاقے ڈھوک نجو میں 12 سالہ بچی کو زیادتی کے بعد قتل کرنے والا ملزم سی سی ڈی مقابلے میں ہلاک ہو گیا۔ سی سی ڈی حکام نے دعویٰ کیا کہ عالم آباد چلڈرن پارک کے قریب سی سی ڈی ٹیم پر 3 ملزمان نے فائرنگ کی، (بقیہ نمبر 44 صفحہ 7 پر)

غربت کا خاتمہ انسانی ترقی اور پائیدار معاشی خوشحالی کے لیے ناگزیر ہے، احسن اقبال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان کو پائیدار اور مسابقتی معیشت بنانے کیلئے غربت کے خاتمے، انسانی وسائل کی ترقی اور سماجی اشاریوں میں بہتری کو قومی ترجیحات میں سرفہرست رکھنا ہوگا، ترقی کے ثمرات ملک کے ہر شہری اور ہر علاقے تک پہنچانا اور معاشی مواقع کی منصفانہ فراہمی یقینی (بقیہ نمبر 60 صفحہ 7 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی کے گیارہویں بورڈ اجلاس کے بعد ڈیجیٹل پورٹل کا افتتاح کر رہے ہیں

بنکاک، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سے سعودی فنڈ برائے ترقی (ایس ایف ڈی) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر سلطان عبدالرحمٰن المرشد ملاقات کر رہے ہیں

روزنامہ
عوام
MEMBER OF APNS
ایڈیٹر انچیف
وسیم احمد

کھیلوں کی دنیا

انچارج
شجاع



ای سی بی کا وائٹ اور ریڈ بال کوچنگ اسٹافس کا اعلان

نیا کوچنگ اسٹاف آسٹریلیا اور جنوبی افریقہ کے خلاف سیریز سے ذمہ داریاں سنبھالے گا

لندن (این این آئی) انگلینڈ کرکٹ بورڈ (ای سی بی) نے وائٹ اور ریڈ بال کے کوچنگ اسٹافس کا اعلان کردیا۔ تفصیلات کے مطابق وائٹ بال ہیڈ کوچ برینڈن میک کلم کے ساتھ باقی کوچز کی لائن اپ مکمل ہوگئی۔ ای سی بی کے مطابق سارہ ٹیلر، جیتین پٹیل، ٹم ساتھی اور کیون پیٹرسن وائٹ بال کوچنگ اسٹاف میں شامل ہیں۔ انگلینڈ کے ریڈ بال ہیڈ کوچ اسٹیفن فلیمنگ کے ساتھ باقی کوچز پینل کی تقرری کا بھی اعلان کردیا گیا ہے۔ ای سی بی کے مطابق ریڈ بال میں رچرڈ ڈاسن، مارکس ٹریسکوتھک، جیمز فوسٹر، ایرک سائمنز ریڈ بال کوچنگ اسٹاف میں شامل ہیں۔ انگلینڈ کرکٹ بورڈ کے مطابق مائیکل یارڈی ایلیٹ نیشنل بیٹنگ لیڈ، رچرڈ ڈاسن ایلیٹ نیشنل اسپن بولنگ لیڈ مقرر کیے گئے ہیں جبکہ ٹرائے کولی ایلیٹ نیشنل پیس بولنگ لیڈ مقرر کیے گئے ہیں۔ ای سی بی کے مطابق نیا کوچنگ اسٹاف آسٹریلیا اور جنوبی افریقہ کے خلاف سیریز سے ذمہ داریاں سنبھالے گا۔

انگلینڈ کرکٹ ٹیم 16 اکتوبر کو اسلام آباد پہنچے گی

پاکستان اور سری لنکا کے ساتھ ون ڈے ٹرائی سیریز 18 سے 31 اکتوبر تک راولپنڈی اور لاہور میں کھیلی جائے گی

اسلام آباد (این این آئی) انگلینڈ کرکٹ ٹیم ون ڈے ٹرائی سیریز کے لیے 16 اکتوبر کو اسلام آباد پہنچے گی، پاکستان اور سری لنکا کے ساتھ ون ڈے ٹرائی سیریز میں حصہ لے گی۔ سیریز 18 سے 31 اکتوبر تک راولپنڈی اور لاہور میں کھیلی جائے گی۔ انگلینڈ کی ٹیم پہلا میچ 20 اکتوبر کو پاکستان ساتھ پنڈی اسٹیڈیم میں کھیلے گی۔ انگلینڈ اور سری لنکا کی ٹیمیں 22 اکتوبر کو پنڈی اسٹیڈیم میں مدمقابل ہوں گی۔

WINNERS
KFC
T20

راولپنڈی' پاکستان اور سری لنکا کے درمیان ٹی ٹوئنٹی سیریز میں کامیابی کے بعد قومی ٹیم کے کھلاڑیوں کا وننگ ٹرافی کے ہمراہ گروپ فوٹو

نیوزی لینڈ کا بھارت کیخلاف پانچ ون ڈے سیریز کیلئے دو الگ، الگ اسکواڈ کا اعلان

کیوی کرکٹ بورڈ نے ورک لوڈ کو متوازن رکھنے کے پیش نظر الگ الگ اسکواڈز کا اعلان کیا ہے، رپورٹ

آکلینڈ (این این آئی) نیوزی لینڈ نے بھارت کے خلاف پانچ میچوں کی ون ڈے سیریز کے لیے دو الگ، الگ اسکواڈ کا اعلان کردیا ہے۔ نیوزی لینڈ نے بھارت کے خلاف 4 نومبر سے شروع ہونے والی پانچ میچوں کی ہوم ون ڈے سیریز کے لیے اپنے اسکواڈ کا اعلان کردیا ہے، جس میں فن ایلن، لوکی فرگوسن، رچن رویندرا اور ٹم سیفرٹ کو شامل کیا گیا ہے۔ کیوی کرکٹ بورڈ نے ورک لوڈ کو متوازن رکھنے کے پیش نظر الگ اسکواڈز کا اعلان کیا ہے۔ پہلے 3 ون ڈے میچز: مچل سینٹنر (کپتان) ہیں دیگر کھلاڑیوں میں مائیکل بریسویل، مارک چیپمین، ڈیون کونوے، جیکب ڈفی، میٹ ہنری، کائل جیمیسن، ٹام لیتھم (وکٹ کیپر)، ڈیرل مچل، گلین فلپس، رچن رویندرا، ناتھن سمتھ، بلیئر ٹکنر، ول ینگ شامل ہیں۔ آخری 2 ون ڈے میچز: مچل سینٹنر (کپتان) ہیں، دیگر کھلاڑیوں میں فن ایلن، مائیکل بریسویل، مارک چیپمین، کرسچن کلارک، جیکب ڈفی، میٹ فشر، لوکی فرگوسن، مچ ہے (وکٹ کیپر)، نک کیلی، ٹم سیفرٹ (وکٹ کیپر)، بلیئر ٹکنر، ول ینگ شامل ہیں۔ آخری دو ون ڈے میچوں کے لیے سات نئے کھلاڑی ٹیم میں شامل کیے گئے ہیں۔ ریڈ بال (ٹیسٹ) کے کھلاڑی تیسرے میچ کے بعد ویلنگٹن روانہ ہو جائیں گے تاکہ وہ 19 نومبر کو بیسن ریزرو میں ہونے والے پہلے ٹیسٹ میچ کی تیاری کر سکیں۔ رچن رویندرا، جو کندھے کی انجری کے باعث بھارت کے خلاف گزشتہ ٹی ٹوئنٹی سیریز سے باہر ہو گئے تھے اب صحت یاب ہوکر پہلے تین ون ڈے میچوں کے لیے اسکواڈ کا حصہ بن گئے ہیں۔ فن ایلن، لوکی فرگوسن اور ٹم سیفرٹ کو آخری دو میچوں کے لیے اسکواڈ میں شامل کیا گیا ہے۔

راولپنڈی' پاکستان اور سری لنکا کے درمیان آخری ٹی ٹوئنٹی میچ میں قومی ٹیم کے بلے باز صاحبزادہ فرحان شاٹ کھیلتے ہوئے

سری لنکا کا پاکستان کیخلاف ٹیسٹ سیریز کیلئے اسکواڈ کا اعلان

2 ٹیسٹ میچز کی سیریز کھیلی جائے گی جس میں کوشل مینڈس سری لنکا کی قیادت کریں گے

کولمبو (این این آئی) سری لنکا نے پاکستان کے خلاف ٹیسٹ سیریز کے لیے 15 رکنی اسکواڈ کا اعلان کردیا۔ پاکستان اور سری لنکا کے درمیان 2 ٹیسٹ میچز کی سیریز کھیلی جائے گی جس میں کوشل مینڈس سری لنکا کی قیادت کریں گے۔ سیریز کا پہلا ٹیسٹ میچ 9 نومبر سے راولپنڈی میں کھیلا جائے گا جبکہ دوسرا میچ 17 نومبر سے قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلا جائے گا۔ اس ٹیسٹ سیریز سے پہلے مہمان ٹیم 4 نومبر سے 3 روزہ ٹور میچ اسلام آباد میں کھیلے گی۔

ورلڈ ٹی ٹوئنٹی کانٹی نینٹ کپ

پاکستانی اور بھارتی کھلاڑی ایک ہی ٹیم میں شامل

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کے سابق اوپنر شیکھر دھون دسمبر 2026 میں ہانگ کانگ میں ہونے والے پہلے ورلڈ ٹی ٹوئنٹی کانٹی نینٹ کپ میں پاکستان کے افتخار احمد اور سہیل تنویر کے ساتھ ایشیا واریرز کی نمائندگی کریں گے۔ ٹورنامنٹ میں چار ٹیمیں ایشیا واریرز، افریقا لائنز، یورپ چیمپئنز اور نارتھ امریکا ایگلز حصہ لیں گی جن میں مختلف ممالک کے 60 سے زائد سابق انٹرنیشنل کرکٹرز کی شرکت متوقع ہے، منتظمین کے مطابق ایونٹ میں فائنل سمیت مجموعی طور پر نو میچز کھیلے جائیں گے، اس مقابلے کا مقصد بین الاقوامی کرکٹ سے ریٹائر ہونے والے نامور کھلاڑیوں کو ٹی ٹوئنٹی فارمیٹ میں دوبارہ ایکشن میں دیکھنے کا موقع فراہم کرنا ہے۔ ایشیا واریرز نے ٹورنامنٹ کے لیے 24 رکنی اسکواڈ کا اعلان کیا ہے، جس میں شیکھر دھون کے علاوہ پاکستان کے تجربہ کار آل راؤنڈر افتخار احمد اور بائیں ہاتھ کے فاسٹ بولر سہیل تنویر بھی شامل ہیں، سہیل تنویر 2009 کا ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ جیتنے والی پاکستانی ٹیم کا حصہ رہ چکے ہیں۔ اسکواڈ میں بھارت کے راہول شرما جبکہ بنگلا دیش کے روبیل حسین اور محمود اللہ ریاض جیسے تجربہ کار کھلاڑی بھی شامل ہیں۔ ٹورنامنٹ کے مکمل شیڈول کا اعلان تاحال نہیں کیا گیا تاہم مزید تفصیلات جلد جاری کیے جانے کا امکان ہے۔

کرسٹیانو رونالڈو کی سعودی عرب سے اظہارِ محبت کی ویڈیو وائرل

النصر نے اپنے عربی سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر رونالڈو کی تصویر شیئر کردیں

لزبن (این این آئی) پرتگال کے سپر اسٹار کرسٹیانو رونالڈو کی سعودی عرب سے اظہارِ محبت کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔ رونالڈو نے اپنے کیریئر کا 981واں گول اسکور کرتے ہوئے النصر کو اے ایف سی چیمپئنز لیگ ایلیٹ میں ازبکستان کے کلب فرغانہ کے خلاف 1-3 سے کامیابی دلائی۔ 41 سالہ رونالڈو نے میچ سے قبل اپنی شرٹ پر موجود سعودی عرب کی قومی علامت کو بوسہ دیا جس میں کھجور کا درخت اور دو تلواریں شامل ہیں۔ میچ کے اختتام پر انہوں نے سعودی پرچم والا اسکارف اپنے کندھوں پر ڈال کر النصر کے شائقین کے ساتھ مشہور واکنگ کلاپ جشن میں بھی حصہ لیا۔ النصر نے اپنے عربی سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر رونالڈو کی تصویر شیئر کرتے ہوئے پیغام دیا، میں پرتگالی ہوں تاہم میرا تعلق مملکت سعودی عرب سے ہے۔ یہ الفاظ دراصل رونالڈو نے جون 2025 میں معاہدے میں توسیع کے بعد کہے تھے۔ واضح رہے کہ کرسٹیانو رونالڈو اب کیریئر کے 1000 گولز مکمل کرنے سے صرف 19 گول دور ہیں۔

افغانستان لیگ، اسپنر قیس احمد نے سابق آسٹریلوی لیگ اسپنر شین وارن کی یادتازہ کردی

ابوظہبی (این این آئی) افغانستان کے لیگ اسپنر قیس احمد نے سابق آسٹریلوی لیگ اسپنر شین وارن کی یاد تازہ کردی۔ ابوظہبی میں کھیلے جارہے واحد ٹیسٹ میچ میں بنگلادیش کے خلاف افغان اسپنر خاطر خواہ کارکردگی نہ دکھا سکے اور مجموعی طور پر 130 رنز کے عوض 2 وکٹیں ہی حاصل کر پائے تاہم دوسری اننگز میں بنگلا دیشی کپتان نجم الحسن شنتو ان کی زبردست لیگ اسپن کو سمجھنے میں بلکل ناکام رہے اور کلین بولڈ ہوگئے۔ گیند آف اسٹمپ کے باہر تقریباً چھٹے اسٹمپ کے پاس گری اور تیزی سے اسپن ہوتے ہوئے بیٹ اور پیڈ کے درمیان سے ہوتی ہوئی مڈل اور لیگ اسٹمپ کے درمیان میں جالگی۔ واضح رہے کہ آسٹریلوی لیجنڈ شین وارن اب بھی لیگ اسپن کے بے تاج بادشاہ مانے جاتے ہیں جنہوں نے ایسی کئی گیندوں پر بلے بازوں کا شکار کیا جو کھیلنے کیلئے تقریباً ناممکن تھیں۔ شین وارن کی انگلینڈ کے مائیک گیٹنگ اور اینڈریو اسٹراس کو کی گئی دو گیندیں بال آف دی سنچری کی فہرست میں بھی شامل ہوئیں۔

آل کراچی جشن کیماڑی فٹ بال ٹورنامنٹ میں کراچی گکرز کلب اور ناکہ سٹار کلب نے اپنے اپنے میچز جیت لئے

کراچی (این این آئی) آل کراچی جشن کیماڑی فٹ بال ٹورنامنٹ میں کراچی گکرز کلب اور ناکہ سٹار کلب نے اپنے اپنے میچز جیت لئے۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ فٹ بال ایسوسی ایشن کیماڑی کراچی کے جنرل سیکرٹری و جنرل کونسلر پٹھان کالونی (پیپلز پارٹی) کے علاوہ شائقین کی کثیر تعداد بھی موجود تھی گزشتہ روز آزاد شاہین فٹ بال گراؤنڈ (بنارس) میں کھیلے گئے پہلے میچ میں کراچی گکرز کلب نے کالونی اسٹار کلب ساتھ کراچی کو ایک سخت مقابلے کے بعد 1-0 گول سے ہرا دیا۔ پہلے ہاف میں دونوں ٹیمیں گول کرنے میں کامیاب نہ ہوسکیں۔ دوسرے میچ میں ناکہ اسٹار کلب نے ماڑی پور ٹکری کلب کو 2-0 گول سے ہرادیا۔ ماڑی پور ٹکری کلب کے کھلاڑیوں نے میچ میں کم مارجن کرنے کی کوشش کی لیکن ناکام رہے۔ ٹورنامنٹ میں کراچی بھر سے 96 ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں۔

پشاور انڈر 21- گیمز کے لئے مردوں اور خواتین آرچری ٹیموں کے چنا کے سلسلہ میں اوپن ٹرائلز جاری

پشاور (این این آئی) پشاور انڈر 21- گیمز کے لئے مردوں اور خواتین آرچری ٹیموں کے چنا کے سلسلہ میں دو زوزہ اوپن ٹرائلز پشاور سپورٹس کمپلیکس پشاور میں جاری ہیں۔ اس موقع پر پاکستان آرچری فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل ذوالفقار بٹ اور خیبر پختونخوا آرچری ایسوسی ایشن کی جنرل سیکرٹری سارہ خان بھی موجود تھی۔ ٹرائلز میں کیم جنوری 2026 کے بعد پیدا ہونے والے کھلاڑی حصہ لینے کے مجاز ہونگے۔ منتخب ٹیم آئندہ ماہ 23 سے 26 نومبر تک پشاور میں کھیلی جانے والی انڈر 21- گیمز میں شرکت کرے گی۔

ڈسٹرکٹ فٹ بال ایسوسی ایشن کے عہدیداران کی مولا بخش بلوچ سے اظہارِ تعزیت

کراچی (این این آئی) ڈسٹرکٹ فٹ بال ایسوسی ایشن کیماڑی کراچی کے جنرل سیکرٹری اسلام الدین، ڈسٹرکٹ فٹ بال ایسوسی ایشن ملیر کے جنرل سیکرٹری شرافت خان شانی، منیار فٹ بال کلب سوات کے صدر حاجی نواب خان، پاکستان فٹ بال فیڈریشن کے سابق سیکرٹری اطلاعات رانا تنویر احمد اور انٹرنیشنل فٹ بالر عبدالوحید نے ڈسٹرکٹ فٹ بال ایسوسی ایشن ساتھ کراچی کے ایسوسی ایٹ سیکرٹری مولا بخش بلوچ کے بھائی کی وفات پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

سری لنکا نے آخری ٹی 20 میچ میں پاکستان کو 8 وکٹ سے شکست دے دی

3 میچوں کی سیریز پاکستان نے 2-1 سے اپنے نام کرلی

راولپنڈی (م ڈ) سری لنکا نے 3 ٹی ٹوئنٹی میچوں کی سیریز کے آخری میچ میں پاکستان کو 8 وکٹوں سے شکست دے دی، 3 میچوں کی سیریز پاکستان نے 2-1 سے اپنے نام کرلی۔ راولپنڈی میں کھیلے گئے میچ میں سری لنکا نے ٹاس جیت کر پاکستان کو بیٹنگ کی دعوت دی۔ پاکستان نے پہلے کھیلتے ہوئے مقررہ 20 اوور میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 168 رنز بنائے۔ کپتان صاحبزادہ فرحان نے سیریز میں مسلسل تیسری نصف سنچری بنائی، انہوں نے 47 گیندوں پر 6 چھکوں اور 7 چوکوں کی مدد سے 76 رنز بنائے۔ عرفات منہاس 20 گیندوں پر 34 رنز بنا کر ناٹ آوٹ رہے۔ ان کے علاوہ فخر زمان نے 12، معاذ صداقت صفر، حسن نواز 16، خواجہ نافع 3 اور عمران رندھاوا 6 اور عبدالصمد 15 رنز بنا کر آوٹ ہوئے۔ سری لنکا کی جانب سے داسُن شناکا نے تین وکٹیں حاصل کیں۔ سری لنکن بیٹرز نے 169 رنز کے ہدف کا عمدہ انداز میں کامیاب تعاقب کیا۔ سری لنکا نے 169 رنز کا ہدف 18 ویں اوور میں 2 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا۔ سری لنکن کپتان کوشال مینڈس نے 87 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی، کمیند و مینڈس نے 40 رنز بنائے۔

مادھوری ڈکشٹ کے شوہر شاہ رخ اور سلمان خان کو پہچان نہیں سکے، پرانا واقعہ پھر زیر بحث

ممبئی (آن لائن) بالی ووڈ کی معروف اداکارہ مادھوری ڈکشٹ کے شوہر ڈاکٹر شری رام نینے نے انکشاف کیا ہے کہ وہ 1999 میں اپنی شادی کی استقبالیہ تقریب کے دوران شاہ رخ خان اور سلمان خان سمیت متعدد معروف فلمی ستاروں کو پہچان نہیں سکے تھے۔

اسمتھ سر پر گیند لگنے سے زخمی، دوسرے ٹیسٹ میں شرکت پر سوالیہ نشان

جنوبی افریقا کی دوسری اننگز کے آغاز پر اسمتھ میدان میں نہیں اترے اور ان کی جگہ مائیکل نیسر نے فیلڈنگ کی

گزشتہ روز سہ پہر تک اسمتھ میں کنکشن کی تشخیص نہیں ہوئی تھی تاہم مزید طبی معائنے کے بعد ان کی دستیابی سے متعلق فیصلہ متوقع ہے

سڈنی (این این آئی) آسٹریلوی بیٹر اسٹیو اسمتھ کا جنوبی افریقا کے خلاف ڈربن میں جاری پہلے ٹیسٹ کے چوتھے روز ہیلمٹ پر گیند لگنے کے بعد کنکشن کا جائزہ لیا گیا۔ یہ واقعہ گزشتہ روز آسٹریلیا کی دوسری اننگز کے دوران پیش آیا جب جنوبی افریقی فاسٹ بولر ایزک نورکیا کی بانسر اسمتھ کے ہیلمٹ پر لگی اور گیند فائن لیگ کی جانب چلی گئی۔ واقعہ کے بعد ٹیم کے فزیو اور ڈاکٹر نے میدان میں اسمتھ کا معائنہ کیا جبکہ احتیاطی تدبیر کے طور پر ان کا ہیلمٹ بھی تبدیل کیا گیا۔ اسمتھ نے بیٹنگ جاری رکھی اور 41 گیندوں پر 27 رنز بنانے کے بعد سائمن ہارمر کی گیند پر لانگ آن کے ہاتھوں کیچ آوٹ ہوگئے تاہم جنوبی افریقا کی دوسری اننگز کے آغاز پر اسمتھ میدان میں نہیں اترے اور ان کی جگہ مائیکل نیسر نے فیلڈنگ کی۔ گزشتہ روز سہ پہر تک اسمتھ میں کنکشن کی تشخیص نہیں ہوئی تھی تاہم مزید طبی معائنے کے بعد ان کی دستیابی سے متعلق فیصلہ متوقع ہے۔ آسٹریلوی کھلاڑی بیو ویبسٹر نے اسمتھ کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ انہیں سر پر شدید ضرب لگی ہے اور امید ہے کہ وہ جلد ٹیم میں واپس آئیں گے۔ واضح رہے کہ جنوبی افریقا اور آسٹریلیا کے درمیان دوسرا ٹیسٹ 18 اکتوبر سے گکیبرہا میں شروع ہوگا۔

کرکٹ کی 149 سالہ تاریخ میں ایسا ریکارڈ پہلی بار قائم، جس کا ٹوٹنا تقریباً ناممکن

ڈربن (آن لائن) آسٹریلیا کے چار رکنی بولنگ اٹیک نے ٹیسٹ کرکٹ میں ایک ایسا تاریخی اعزاز حاصل کرلیا ہے جو اس سے قبل کسی ٹیم کے بولرز کے حصے میں نہیں آیا۔ پیٹ کمنز، مچل اسٹارک، جوش ہیزل ووڈ اور نیتھن لائن نے جنوبی افریقا کے خلاف کنگز میڈ میں پہلے ٹیسٹ کے دوران مشترکہ طور پر 600 وکٹوں کا سنگ میل عبور کرلیا۔ اعداد و شمار کے مطابق چاروں بولرز نے ایک ساتھ 38 ٹیسٹ میچز میں مجموعی طور پر 602 وکٹیں حاصل کی ہیں۔

عطاء تارڑ سے شاہین آفریدی کی ملاقات، کھیلوں کے فروغ پر گفتگو

شاہین شاہ آفریدی قومی ٹیم کی جانب سے کھیلتے ہوئے ہمیشہ بھرپور عزم اور لگن کا مظاہرہ کرتے ہیں، وفاقی وزیر

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ سے قومی ون ڈے کرکٹ ٹیم کے کپتان شاہین شاہ آفریدی نے ملاقات کی۔ وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا کہ شاہین شاہ آفریدی سے ملاقات میں کھیلوں کے حوالے سے تفصیلی گفتگو ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ شاہین آفریدی کی پاکستان کرکٹ کیلئے خدمات قابل تحسین ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شاہین شاہ آفریدی قومی ٹیم کی جانب سے کھیلتے ہوئے ہمیشہ بھرپور عزم اور لگن کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ عطا تارڑ نے کہا کہ شاہین شاہ آفریدی کی مستقبل میں مزید کامیابیوں کیلئے دعاگو ہوں۔

صاحبزادہ فرحان جیسا لیڈر حوصلہ افزا ہے جو کارکردگی کے ذریعے قیادت کرتا ہے، احمد شہزاد

فرحان کے ساتھ معاذ صداقت کی بیٹنگ پاکستان کیلئے ایک اور مثبت پہلو ہے، قومی کرکٹر کا انٹرویو

کراچی (این این آئی) قومی ٹیم کے اوپنر بیٹر احمد شہزاد نے ٹی 20 میں صاحبزادہ فرحان کی کپتانی کی تعریف کرتے ہوئے کہا ہے کہ صاحبزادہ فرحان جیسا لیڈر حوصلہ افزا ہے جو کارکردگی کے ذریعے قیادت کرتا ہے۔ قومی ٹیم کے اوپننگ بلے باز احمد شہزاد نے سری لنکا کے خلاف دوسرے ٹی ٹوئنٹی میچ میں پاکستان کی 82 رنز سے شاندار فتح کے بعد ٹی ٹوئنٹی کپتان صاحبزادہ فرحان، معاذ صداقت اور عمران رندھاوا کی تعریف کی ہے۔ پاکستان نے تین میچوں کی سیریز میں 0-2 کی ناقابل شکست برتری حاصل کرلی ہے۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے احمد شہزاد نے صاحبزادہ فرحان کی قیادت کو سراہا اور مسلسل اچھی کارکردگی کے ذریعے ٹیم کی قیادت کرنے کی ان کی صلاحیت کو اجاگر کیا۔ انہوں نے لکھا کہ صاحبزادہ فرحان نے بطور کپتان اپنے چار میں سے تین میچ جیتے ہیں اور ایسے لیڈر کو دیکھنا حوصلہ افزا ہے جو اپنی کارکردگی کے ذریعے ٹیم کی قیادت کرتا ہے۔ احمد شہزاد نے فرحان کے ساتھ معاذ صداقت کی شراکت داری اور کارکردگی کو بھی سراہا اور عمران رندھاوا کی شاندار بولنگ کی بھی تعریف کی۔ انہوں نے کہا کہ فرحان کے ساتھ معاذ صداقت کی بیٹنگ پاکستان کے لیے ایک اور مثبت پہلو ہے جبکہ عمران رندھاوا بھی اپنے شاندار اسپیل پر داد کے مستحق ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ مجموعی طور پر یہ پاکستان کے لیے ایک زبردست سیریز رہی ہے۔

لٹن داس نے ٹیسٹ کرکٹ میں نئی تاریخ رقم کردی

لٹن نے افغانستان کے خلاف میچ میں اکرام علی خیل کا کیچ پکڑ کر یہ اعزاز حاصل کیا

ڈھاکہ (این این آئی) بنگلا دیش کے وکٹ کیپر بیٹر لٹن داس نے منگل کو ٹیسٹ کرکٹ میں منفرد عالمی ریکارڈ قائم کردیا۔ لٹن داس ایک ہی ٹیسٹ میچ میں نصف سنچری اور سنچری بنانے کے ساتھ وکٹوں کے پیچھے 9 شکار کرنے والے پہلے کھلاڑی بن گئے ہیں۔ لٹن داس نے جنوبی افریقا کے سابق وکٹ کیپر ڈینس لنڈسے کا ریکارڈ توڑا جنہوں نے 1966 میں آسٹریلیا کے خلاف جوہانسبرگ ٹیسٹ میں دونوں اننگز میں 50 سے زائد رنز بنانے کے ساتھ 8 کھلاڑیوں کو آوٹ کرنے میں کردار ادا کیا تھا۔ لٹن نے افغانستان کے خلاف میچ میں اکرام علی خیل کا کیچ پکڑ کر یہ اعزاز حاصل کیا۔ وکٹوں کے پیچھے بہترین کارکردگی کے ساتھ لٹن نے بیٹنگ میں بھی اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا۔ انہوں نے پہلی اننگز میں 53 جبکہ دوسری اننگز میں 102 رنز بنائے جس کی بدولت بنگلا دیش نے افغانستان کو 479 رنز کا ہدف دیا۔ ٹیسٹ کی ایک اننگز میں وکٹ کیپر کے سب سے زیادہ 11 شکار کا ریکارڈ جیک رسل، اے بی ڈی ویلیئرز اور رشبھ پنت کے پاس مشترکہ طور پر موجود ہے۔ لٹن یہ ریکارڈ برابر کرنے سے صرف دو شکار دور ہیں۔

معاذ صداقت 360 ڈگری بیٹر، ایان بشپ

نوجوان بلے باز کی اچھی فارم پاکستان کے لیے بھی برقرار ہے، کامیاب مستقبل کے لیے خواہاں ہوں، گفتگو

معاذ صداقت کی جارحانہ بیٹنگ کی بدولت پاکستان نے مقررہ 20 اوورز میں 3 وکٹوں کے نقصان پر 215 رنز بنائے تھے

راولپنڈی (این این آئی) ویسٹ انڈیز کے سابق کرکٹر ایان بشپ نے سری لنکا کے خلاف شاندار بیٹنگ پر پاکستان کے نوجوان بلے باز معاذ صداقت کی تعریف کرتے ہوئے انہیں 360 ڈگری بیٹر قرار دیا ہے۔ معاذ صداقت نے راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں دوسرے ٹی 20 انٹرنیشنل میں صرف 51 گیندوں پر 96 رنز کی دھواں دار اننگز کھیلی، جس میں 6 چوکے اور 7 چھکے شامل تھے۔ وہ اپنی پہلی ٹی 20 انٹرنیشنل سنچری سے محض 4 رنز کی دوری پر رہ گئے۔ ایان بشپ نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اپنی پوسٹ میں معاذ صداقت کی شاندار کارکردگی کو سراہتے ہوئے لکھا ہے کہ مجھے کیریبین پریمیئر لیگ (سی پی ایل) 2026ء میں جیکا کنگز مین کی جانب سے کھیلتے ہوئے معاذ صداقت کی صلاحیت دیکھ کر خوشی ہوئی تھی۔ انہوں نے لکھا کہ نوجوان بلے باز کی اچھی فارم پاکستان کے لیے بھی برقرار ہے اور میں ان کے کامیاب مستقبل کے لیے خواہاں ہوں۔ ایان بشپ نے اپنی پوسٹ کے آخر میں معاذ صداقت کی تعریف کرتے ہوئے انہیں اچھا 360 ڈگری بیٹر قرار دیا۔ یہاں یہ واضح کرنا اہم ہے کہ 360 ڈگری بیٹر سے مراد ایسا بلے باز ہے جو میدان کے مختلف حصوں میں مختلف انداز سے شاٹس کھیلنے کی صلاحیت رکھتا ہو۔ واضح رہے کہ معاذ صداقت کی جارحانہ بیٹنگ کی بدولت پاکستان نے مقررہ 20 اوورز میں 3 وکٹوں کے نقصان پر 215 رنز بنائے تھے۔ کپتان صاحبزادہ فرحان نے بھی 44 گیندوں پر 73 رنز کی اننگز کھیلی، جس میں 4 چوکے اور 5 چھکے شامل تھے۔ دوسری جانب سری لنکن ٹیم پاکستانی بولرز کا مقابلہ نہ کر سکی اور 20 اوورز میں 7 وکٹوں پر 133 رنز تک محدود رہی اور پاکستان نے 82 رنز سے میچ جیت کر 3 میچز کی سیریز میں 0-2 کی فیصلہ کن برتری حاصل کرلی۔

افغانستان کے لیگ اسپنر قیس احمد نے شین وارن کی یاد تازہ کردی

بنگلا دیشی کپتان نجم الحسن شنتو ان کی زبردست لیگ اسپن کو سمجھنے میں بالکل ناکام رہے اور کلین بولڈ ہوگئے

ابوظہبی (آن لائن) افغانستان کے لیگ اسپنر قیس احمد نے سابق آسٹریلوی لیگ اسپنر شین وارن کی یاد تازہ کردی۔ ابوظہبی میں کھیلے جارہے واحد ٹیسٹ میچ میں بنگلادیش کے خلاف افغان اسپنر خاطر خواہ کارکردگی نہ دکھا سکے اور مجموعی طور پر 130 رنز کے عوض 2 وکٹیں ہی حاصل کر پائے۔ تاہم دوسری اننگز میں بنگلا دیشی کپتان نجم الحسن شنتو ان کی زبردست لیگ اسپن کو سمجھنے میں بالکل ناکام رہے اور کلین بولڈ ہوگئے۔ گیند آف اسٹمپ کے باہر تقریباً چھٹے اسٹمپ کے پاس گری اور تیزی سے اسپن ہوتے ہوئے بیٹ اور پیڈ کے درمیان سے ہوتی ہوئی مڈل اور لیگ اسٹمپ کے درمیان میں جالگی۔ واضح رہے کہ آسٹریلوی لیجنڈ شین وارن اب بھی لیگ اسپن کے بے تاج بادشاہ مانے جاتے ہیں جنہوں نے ایسی کئی گیندوں پر بلے بازوں کا شکار کیا جو کھیلنے کے لیے تقریباً ناممکن تھیں۔ شین وارن کی انگلینڈ کے مائیک گیٹنگ اور اینڈریو اسٹراس کو کی گئی دو گیندیں 'بال آف دی سنچری' کی فہرست میں بھی شامل ہوئیں۔

زمبابوے کی سابق فاسٹ بولر اور امپائر سارہ ڈمبانیوانا پیر کے روز ہرارے کا 36 برس میں انتقال

ہرارے (این این آئی) زمبابوے کی سابق فاسٹ بولر اور امپائر سارہ ڈمبانیوانا پیر کے روز ہرارے میں 36 برس کی عمر میں فانی دنیا کو خیرباد کہہ گئیں۔ زمبابوے کرکٹ کے مطابق سابق فاسٹ بولر اور امپائر سارہ ڈمبانیوانا مارچ میں ایک طبی عمل سے گزرنے کے بعد سے اسپتال میں زیر علاج تھیں۔ رپورٹس کے مطابق ان کے انٹرنیشنل امپائرنگ کیریئر کا آغاز 2 ستمبر 2023 کو ہوا۔ اس کے بعد انہوں نے یو اے ای میں ہونے والے ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 2024 اور بھارت و سری لنکا میں منعقدہ ویمنز ون ڈے ورلڈ کپ 2025 میں امپائرنگ کے فرائض انجام دیے۔ انہیں ویمنز ون ڈے ورلڈ کپ 2025 کے لیے مقرر کیا گیا تھا، امپائرز اور میچ آفیشلز کے تاریخ ساز مکمل خواتین پر مشتمل پینل کا بھی حصہ تھیں۔ اس سے قبل انہوں نے جنوبی افریقا میں 2023 کے انڈر 19 ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کے فائنل میں بھارت اور انگلینڈ کے درمیان میچ میں امپائرنگ کے فرائض انجام دیے تھے، اس طرح وہ کسی بھی ورلڈ کپ فائنل میں امپائرنگ کرنے والی زمبابوے کی پہلی خاتون بن گئی تھیں۔ مجموعی طور پر انہوں نے 63 سینئر بین الاقوامی میچز میں امپائرنگ کی، جن میں خواتین کے 42 ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل، 11 ون ڈے انٹرنیشنل اور مردوں کے 10 ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچز شامل ہیں۔

کوئٹہ، ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز بلوچستان عسکر خان، بلوچستان ہاکی ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری سید امین اور دیگر پاکستان ہاکی فیڈریشن اور بلوچستان ہاکی ایسوسی ایشن کے زیراہتمام محکمہ تعلیم اور سپورٹس ڈیپارٹمنٹ کے تعاون 25 مختلف سکولوں کے طلباء میں ہاکی کٹس تقسیم کر رہے ہیں

ہاکی کا فروغ اور بحالی کیلئے سکولوں کی سطح پر کھیلوں کی سرگرمیاں ضروری ہیں، عسکر خان

نئی نسل کو ہاکی کی جانب راغب کر کے سکولوں سے باصلاحیت کھلاڑی سامنے لائے جائیں، ڈائریکٹر جنرل برائے تعلقات عامہ بلوچستان

تعلیم کے ساتھ کھیلوں کو فروغ طلباء کی جسمانی اور ذہنی نشوونما، سکولوں میں کھیلوں کی سرگرمیوں کو فروغ دے کر طلباء کو اپنی صلاحیتیں اجاگر کرنے کے بہتر مواقع فراہم کیے جاسکتے ہیں

کوئٹہ (خ ن) ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز بلوچستان عسکر خان نے کہا ہے کہ قومی کھیل ہاکی کے فروغ اور ماضی کی کامیابیوں کی بحالی کے لیے سکولوں کی سطح پر کھیلوں کی سرگرمیوں کو فروغ دینا اور نوجوان کھلاڑیوں کو بہتر مواقع فراہم کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے جوانوں میں بے پناہ صلاحیتیں موجود ہیں، جنہیں تربیت اور سہولیات فراہم کر کے قومی اور بین الاقوامی سطح پر ملک کی نمائندگی کے قابل بنایا جاسکتا ہے۔ وہ ایوب اسٹیڈیم کوئٹہ میں پاکستان ہاکی فیڈریشن، بلوچستان ہاکی ایسوسی ایشن، محکمہ تعلیم اور محکمہ کھیل کے اشتراک سے منعقدہ تقریب کے مہمان خصوصی تھے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے مزید کہا کہ کوئٹہ کے 25 سکولوں کے طلباء میں ہاکی کٹس اور کھیلوں کا سامان تقسیم کرنا قومی کھیل کے فروغ کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ تاہم نوجوان کھلاڑیوں کی صلاحیتیں نکھارنے کے لیے معیاری کوچنگ، باقاعدہ تربیت، کھیلوں کی سہولیات اور مسلسل حوصلہ افزائی بھی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہاکی پاکستان کا قومی کھیل ہے اور ماضی میں اس کھیل میں حاصل ہونے والی کامیابیاں ہماری قومی تاریخ کا قابل فخر حصہ ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ نئی نسل کو ہاکی کی جانب راغب کر کے سکولوں سے باصلاحیت کھلاڑی سامنے لائے جائیں۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان کے پی ایس او اور بلوچستان ہاکی فیڈریشن کے جنرل سیکرٹری سید امین شاہ نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوان باصلاحیت اور بلند حوصلہ ہیں۔ انہیں مناسب سہولیات اور مواقع فراہم کر کے قومی سطح کے کھلاڑی تیار کیے جاسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کھیل نوجوانوں میں نظم و ضبط، خود اعتمادی، برداشت اور ٹیم ورک کا جذبہ پیدا کرتے ہیں۔ اسپیشل سیکرٹری محکمہ تعلیم بلوچستان رضوان قدیر نے اپنے خطاب میں کہا کہ تعلیم کے ساتھ کھیلوں کا فروغ طلباء کی جسمانی اور ذہنی نشوونما کے لیے ضروری ہے۔ سکولوں میں کھیلوں کی سرگرمیوں کو فروغ دے کر طلباء کو اپنی صلاحیتیں اجاگر کرنے کے بہتر مواقع فراہم کیے جاسکتے ہیں۔ مقررین نے ہاکی کے فروغ کے لیے پاکستان ہاکی فیڈریشن، بلوچستان ہاکی ایسوسی ایشن، محکمہ تعلیم اور محکمہ کھیل کی مشترکہ کوششوں کو اہم قرار دیتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ نوجوانوں کو کھیلوں کی مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے اور قومی کھیل کو فروغ دینے کے لیے ایسی کاوشیں جاری رہنی چاہئیں۔ تقریب میں ڈائریکٹر سپورٹس سجاد اسلم بلوچ، ڈپٹی ڈائریکٹر جمیل احمد اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔

کوئٹہ، ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز بلوچستان عسکر خان، بلوچستان ہاکی ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری سید امین اور دیگر پاکستان ہاکی فیڈریشن اور بلوچستان ہاکی ایسوسی ایشن کے زیراہتمام محکمہ تعلیم اور سپورٹس ڈیپارٹمنٹ کے تعاون 25 مختلف سکولوں کے طلباء میں ہاکی کٹس تقسیم کر رہے ہیں

عرفان پٹھان کو افغان کرکٹر راشد خان کے گھر دعوت کی ویڈیو مہنگی پڑ گئی

بھارتی صارفین نے گائے کا گوشت کھانے پر عرفان پٹھان کو آڑے ہاتھوں لے لیا، تنقید شروع

دبئی (این این آئی) بھارتی کرکٹ ٹیم کے سابق فاسٹ بولر عرفان پٹھان کو افغان کرکٹر راشد خان کے گھر دعوت میں شرکت کی ویڈیو سوشل میڈیا پر شیئر کرنا مہنگا پڑ گیا۔ رپورٹس کے مطابق افغانی کھلاڑی راشد خان نے اپنی رہائش گاہ پر عرفان پٹھان اور ان کے بھائی یوسف پٹھان کی میزبانی کی، اس دعوت میں مہمانوں کی ضیافت روایتی افغان کھانوں سے کی گئی۔ عرفان نے سوشل میڈیا پر اس دعوت کی ویڈیو شیئر کرتے ہوئے راشد خان اور ان کی اہلیہ لیلوما کی مہمان نوازی اور کھانوں کی تعریف کی۔ سابق بھارتی کرکٹر نے افغانی دعوت کی ویڈیو شیئر کرتے ہوئے کیپشن میں خوب تعریف کی۔ عرفان نے اپنی پوسٹ کے آخر میں راشد خان کو مخاطب کرتے ہوئے لکھا کہ میرے بھائی، میں ابھی تک اس کھانے کے بارے میں سوچ بچار میں مصروف ہوں۔ سابق بھارتی کرکٹر کی جانب سے شیئر کی گئی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہونے کے بعد بھارتی صارفین نے گائے کا گوشت کھانے پر عرفان پٹھان کو آڑے ہاتھوں لے لیا اور تنقید شروع ہوگئی

ڈربن ٹیسٹ، ہیزل ووڈ کی کیریئر بیسٹ بولنگ، جنوبی افریقا کو 214 رنز سے شکست

ڈربن (این این آئی) پہلے ٹیسٹ میچ میں آسٹریلیا نے ہیزل ووڈ کی کیریئر بیسٹ بولنگ کی بدولت جنوبی افریقا کو 214 رنز سے شکست دے دی۔ ڈربن میں کھیلے گئے میچ میں 421 رنز کے ہدف کے تعاقب میں اوپنر ایڈن مارکرام نے بھرپور مزاحمت کی تاہم وہ ٹیم کو شکست سے نہ بچا سکے۔ مارکرام نے 237 گیندوں پر 75 رنز کی شاندار اننگز کھیلی اور 358 منٹ تک کریز پر موجود رہے۔ جنوبی افریقی ٹیم 206 رنز پر آل آوٹ ہوگئی۔ ایڈن مارکرام (75)، ڈیوڈ بیڈنگھم (46)، مارکو جینسن (35) اور ویان ملڈر (29) کے علاوہ دیگر کوئی بلے باز ڈبل فیگرز میں داخل نہ ہوسکا۔ آسٹریلیا کی جانب سے جوش ہیزل ووڈ نے کیریئر کی بہترین بولنگ کرتے ہوئے 49 رنز کے عوض 6 کھلاڑیوں کو آوٹ کیا جبکہ مجموعی طور پر میچ میں 8 وکٹیں حاصل کیں۔ اس سے قبل آسٹریلیا نے اپنی دوسری اننگز 314 رنز 6 کھلاڑی آوٹ پر ڈکلیئر کی تھی جس میں میٹ رینشا 82 رنز بنا کر نمایاں رہے تھے۔ یاد رہے کہ آسٹریلیا نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے میٹ رینشا کی 190 رنز کی شاندار اننگز کی بدولت 390 رنز بنائے تھے۔ جنوبی افریقا کی جانب سے ویان ملڈر نے 4، مارکو جینسن نے 3، ایزک نورکیا نے 2 اور سائمن ہارمر نے ایک وکٹ حاصل کی تھی۔

15 ویں کیلیگن بوائز اینڈ گرلز تھرو بال چیمپئن شپ 28 اکتوبر سے کراچی میں ہو گی

تعلیمی اداروں کے عہدیدار اپنی ٹیموں کی رجسٹریشن 25 اکتوبر تک واٹس ایپ نمبر 03013318777 پر کروا سکتے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تھرو بال فیڈریشن کے زیراہتمام اور پاکستان سٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن کے تعاون سے 15 ویں کیلیگن بوائز اینڈ گرلز تھرو بال چیمپئن شپ 28 اکتوبر سے منی سپورٹس کمپلیکس، ناظم آباد کراچی میں شروع ہو گی۔ پاکستان سٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن کے صدر مقبول آرائیں نے بتایا کہ چیمپئن شپ میں سکولز، کالجز اور یونیورسٹیز کی ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چیمپئن شپ میں شرکت کی خواہش رکھنے والے تعلیمی اداروں کے عہدیدار اپنی ٹیموں کی رجسٹریشن 25 اکتوبر تک واٹس ایپ نمبر 03013318777 پر کروا سکتے ہیں۔ چیمپئن شپ 31 اکتوبر تک جاری رہے گی اور چیمپئن شپ کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں ٹرافیاں، میڈلز اور اسناد کے علاوہ دیگر انعامات بھی تقسیم کئے جائیں گے۔

کوئٹہ، ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز بلوچستان عسکر خان، بلوچستان ہاکی ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری سید امین اور دیگر پاکستان ہاکی فیڈریشن اور بلوچستان ہاکی ایسوسی ایشن کے زیراہتمام محکمہ تعلیم اور سپورٹس ڈیپارٹمنٹ کے تعاون سے 25 مختلف سکولوں کے طلباء میں ہاکی کٹس تقسیم کے موقع پر گروپ فوٹو

لیونل میسی کی 26 اکتوبر کو لندن میں بیلن ڈی اور ایوارڈز کی تقریب میں شرکت متوقع

لیونل میسی کو ایوارڈ کے نئے فاتح کو ٹرافی پیش کرنے کی ذمہ داری بھی سونپی جاسکتی ہے، تاحال تصدیق نہ ہوسکی

بیونس آئرس (آن لائن) ارجنٹائن کے عالمی شہرت یافتہ فٹبالر لیونل میسی کی 26 اکتوبر کو لندن میں ہونے والی بیلن ڈی اور ایوارڈز کی تقریب میں شرکت متوقع ہے۔ لیونل میسی کو ایوارڈ کے نئے فاتح کو ٹرافی پیش کرنے کی ذمہ داری بھی سونپی جا سکتی ہے۔ رپورٹر خوان جیسس کے مطابق انٹر میامی کے اسٹار فٹبالر تقریب میں شریک ہوں گے تاہم میسی کی شرکت اور ایوارڈ پیش کرنے کے کردار کی تاحال آزاد ذرائع سے تصدیق نہیں ہوئی۔ میسی دو ایڈیشنز میں نامزدگی حاصل نہ کرنے کے بعد ایک مرتبہ پھر ایوارڈ کے 30 امیدواروں کی فہرست میں شامل ہیں۔ وہ اپنے کیریئر میں ریکارڈ آٹھ مرتبہ یہ اعزاز جیت چکے ہیں اور آخری بار 2023 میں بیلن ڈی اور اپنے نام کیا تھا۔ 39 سالہ اسٹار نے کلب اور قومی ٹیم کی جانب سے عمدہ کارکردگی دکھائی ہے، جس کے باعث انہیں ایک مرتبہ پھر ایوارڈ کے امیدواروں میں شامل کیا گیا ہے۔ بیلن ڈی اور کی تقریب لندن کے معروف لندن پیلیڈیم میں منعقد ہوگی۔ یہ پہلا موقع ہوگا جب یہ تقریب برطانوی دارالحکومت میں منعقد کی جائے گی۔ ایونٹ میں بہترین نوجوان کھلاڑی کے لیے کوپا ٹرافی اور بہترین گول کیپر کے لیے یاشین ٹرافی سمیت دیگر انفرادی اعزازات بھی دیے جائیں گے۔ اگر میسی کی شرکت اور ٹرافی پیش کرنے کی ذمہ داری کی تصدیق ہوجاتی ہے تو تقریب میں ان کی موجودگی خصوصی اہمیت اختیار کرلے گی۔

ون ڈے انٹرنیشنل تین ملکی سیریز کے لاہور مرحلے کے ٹکٹوں کی آن لائن فروخت شروع ہوگئی

اسلام آباد (این این آئی) ون ڈے انٹرنیشنل تین ملکی سیریز کے لاہور مرحلے کے ٹکٹوں کی آن لائن فروخت منگل کو دوپہر 3 بجے شروع کی گئی، پاکستان، انگلینڈ اور سری لنکا کی ٹیمیں تین ملکی سیریز میں حصہ لیں گی۔ سیریز کا آغاز 18 اکتوبر کو راولپنڈی میں پاکستان اور سری لنکا کے میچ سے ہوگا، قذافی سٹیڈیم میں 25 سے 31 اکتوبر تک پانچ میچز، بشمول فائنل، کھیلے جائیں گے، راولپنڈی اور لاہور کے میچز کے فزیکل ٹکٹ 14 اکتوبر کو ٹی سی ایس ایکسپریس سینٹرز پر دستیاب ہیں، سیریز کے ٹکٹ 200 روپے سے دستیاب ہوں گے، فائنل کے ٹکٹوں کی قیمت 400 روپے سے شروع ہوگی، ایک شناختی کارڈ پر فی میچ زیادہ سے زیادہ پانچ ٹکٹ خریدے جاسکیں گے۔

ون ڈے ورلڈ کپ 2027 کے ٹکٹس کی ڈیمانڈ میں ریکارڈ اضافہ

دبئی (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) ون ڈے ورلڈ کپ 2027 کے ٹکٹس کی ڈیمانڈ میں ریکارڈ اضافہ ہوگیا۔ آئی سی سی کے مطابق آئی سی سی بیلٹ رجسٹریشن میں اب تک 44 لاکھ افراد نے رجسٹریشن کرلی ہے، 12 دنوں میں 1 کروڑ 50 لاکھ 83 ہزار سے زائد ٹکٹس کی درخواستیں آچکی ہیں۔ آئی سی سی بیلٹ میں 142 ملکوں سے درخواستیں آئی ہیں، شائقین کرکٹ 21 نومبر تک آئی سی سی بیلٹ میں رجسٹریشن کرواسکتے ہیں، واضح رہے کہ آئی سی سی ون ڈے ورلڈ کپ 2027 جنوبی افریقا، زمبابوے اور نمیبیا میں کھیلا جائے گا۔

کوئٹہ اور حب سے بیک وقت شائع ہونیوالا A.B.C Certified بلوچستان کا واحد کثیر الاشاعت روزنامہ

روزنامہ
عوام
کوئٹہ
MEMBER OF APNS
ایڈیٹرانچیف
وسیم احمد

جنگ کے لیے ایران کی تیاری بھی اتنی ہی مضبوط ہے جتنی مذاکرات کے لیے، کاظم غریب آبادی

ایران سفارت کاری کے ہر عمل کا خیر مقدم کرتا ہے اور وہ کسی بھی فریق کے ساتھ بات چیت سے کبھی پیچھے نہیں ہٹا، فارمولے پر امریکی جواب کا جائزہ آخری مرحلے میں ہے، ایرانی نائب وزیر خارجہ

تہران (این این آئی) ایرانی نائب وزیر خارجہ کاظم غریب آبادی نے کہا ہے کہ ایران سفارت کاری کے ہر عمل کا خیر مقدم کرتا ہے اور وہ کسی بھی فریق کے ساتھ بات چیت سے کبھی پیچھے نہیں ہٹا۔ عرب میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کاظم غریب آبادی نے کہا کہ ایران کی جانب سے پیش کیے گئے فارمولے پر امریکی جواب کا جائزہ آخری مرحلے میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ تہران سفارت کاری کے لیے تیار ہے، تاہم شرط یہ ہے کہ بات چیت حقائق کی بنیاد پر کی جائے۔ ایرانی نائب وزیر خارجہ نے واضح کیا کہ جب تک امریکا اپنے وعدوں پر عمل درآمد نہیں کرتا، ایران کی جانب سے اس معاملے میں کسی قسم کی لچک کی توقع نہ رکھی جائے۔ کاظم غریب آبادی کا کہنا تھا کہ اپنے دفاع اور جنگ کے لیے ایران کی تیاری بھی اتنی ہی مضبوط ہے جتنی مذاکرات کے لیے۔ ایران کی جانب سے پیش کیے گئے فارمولے پر امریکی جواب کا جائزہ آخری مرحلے میں ہے۔

کوئٹہ، آئی جی پولیس بلوچستان فائرنگ سے زخمی ہونے والے پولیس اہلکار کی عیادت کر رہے ہیں

ایران کا امریکی ناکہ بندی کے باوجود 50 لاکھ ٹن پیٹرولیم مصنوعات برآمد کرنے کا دعوی

تہران (این این آئی) ایران نے دعوی کیا ہے کہ امریکی ناکہ بندی کے باوجود رواں سال کی پہلی ششماہی کے دوران (بقیہ نمبر4 صفحہ 6 پر)

عالمی ادارہ صحت کا وبائی امراض کی روک تھام، تیاری اور ردعمل سے متعلق یو این سیاسی اعلامیے کی منظوری کا خیر مقدم

تیاری اور ان سے نمٹنے کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھنے کے لیے یو این ممالک کے پختہ عزم کا خیر مقدم کرتا ہے، ٹیڈروس

جنیوا (این این آئی) عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او) نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کی جانب سے وبائی امراض کی روک تھام، تیاری اور ان سے نمٹنے کے حوالے سے سیاسی اعلامیے کی منظوری کا خیر مقدم کیا ہے۔ اماراتی نیوز ایجنسی کے مطابق اعلامیے میں آنے والی نسلوں کو و (بقیہ نمبر3 صفحہ 6 پر)

ریاض ایئرپورٹ پر میزائل حملے کی سی سی ٹی وی فوٹیج جاری

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض کے کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر میزائل حملے کے دوران بھگدڑ مچنے اور مسافروں کے جان بچانے کے لیے بھاگنے کے مناظر سامنے آ گئے۔ سعودی سرکاری ٹیلی ویژن کی جانب سے جاری سی سی ٹی وی فوٹیج میں حملے سے چند لمحے قبل ایئرپورٹ کے مختلف حصوں کے مناظر دکھائے گئے ہیں۔ فوٹیج میں دیکھا جا سکتا ہے کہ پروازوں میں سوار ہونے (بقیہ نمبر2 صفحہ 6 پر)

دبئی کی ائیر لائن کے معاون پائلٹ کا تل ابیب ائیرپورٹ پر خودکش حملے کا منصوبہ بے نقاب

ملزم 11 ستمبر 2001 کو امریکا میں ہونے والے حملوں سے بھی متاثر تھا، حکام

دبئی (این این آئی) فلائی دبئی کے معاون پائلٹ کا تل ابیب ائیرپورٹ پر خودکش حملے کا منصوبہ بے نقاب ہوگیا۔ اماراتی اٹارنی جنرل کے مطابق بھرتی کے وقت سکیورٹی جانچ میں کوئی مشتبہ اشارہ سامنے نہیں آیا تھا تاہم پائلٹ کے ممکنہ سہولت کاروں کی تلاش جاری ہے۔ حکام کے مطابق ملزم 11 ستمبر 2001 کو امریکا میں ہونے والے حملوں سے بھی متاثر تھا اور اسی طرز کی کارروائی کرنے کا خواہش مند تھا۔ تحقیقات میں یہ بات سامنے آئی ہیکہ ملزم نے تل ابیب کے دو سابقہ دوروں کے دوران پرواز کے راستے اور ائیرپورٹ سے واقفیت حاصل کی تھی۔ حکام کے مطابق دبئی سے اسرائیل جانے والی فلائی دبئی کی پرواز کے 29 سالہ عمانی معاون پائلٹ نے طیارے پر (بقیہ نمبر1 صفحہ 6 پر)

کمشنر نصیر آباد لوکل گورنمنٹ افسران کے منعقدہ اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

امریکی معیشت دانوں رابرٹ ای ہال اور مائیکل ووڈ فورڈ نے 2026 کا نوبیل انعام جیت لیا

سٹاک ہوم (این این آئی) رواں سال معاشیات کا نوبیل انعام مشترکا طور پر دو امریکی معیشت دانوں رابرٹ ای ہال اور مائیکل ووڈ فورڈ کے نام رہا۔ دونوں معیشت دانوں کو میکرو اکنامک استحکام کی مائیکرو اکنامک بنیادوں پر تحقیق پر مشترکا طور پر نوبیل انعام دیا گیا۔ (بقیہ نمبر6 صفحہ 6 پر)

امریکا ایرانی قیادت کو نشانہ بنانے میں شاید حد سے آگے نکل گیا، ٹرمپ

ایران واشنگٹن کے ساتھ معاہدہ کرنا چاہتا ہے، لیکن اسے یہ معلوم نہیں کہ معاہدہ کیسے کیا جائے، ایران اپنی فضائیہ اور تمام 159 بحری جہاز کھو چکا ہے اور یہ جہاز اب سمندر کی تہہ میں ہیں، خطاب

اوہائیو (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اعتراف کیا ہے کہ ایرانی قیادت کو نشانہ بنانے میں امریکا شاید حد سے آگے نکل گیا ہے، جس کے باعث واشنگٹن کو مذاکرات کے لیے ایرانی حکام کی شناخت میں مشکلات کا سامنا ہے۔ اوہائیو کے شہر بنگر ٹاؤن میں انتخابی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے ٹرمپ نے کہا کہ شاید امریکا نے ایرانی قیادت کے معاملے میں حد سے زیادہ کارروائی کی، کیونکہ اب یہ معلوم کرنا مشکل ہوگیا ہے کہ مذاکرات کس سے کیے جائیں۔ ٹرمپ نے دعوی کیا کہ کوئی بھی ایران کا صدر بننے کے لیے تیار نہیں، ایران کے پاس اب نہ بحریہ ہے، نہ فضائیہ اور نہ ہی فضائی دفاعی نظام، جبکہ ملک شدید مہنگائی اور مالی مشکلات کا شکار ہے۔ امریکی صدر نے ایک بار پھر دعوی کیا کہ ایران اپنی فضائیہ اور تمام 159 (بقیہ نمبر5 صفحہ 6 پر)

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر فراز بگٹی سے پیپلز پارٹی کے رہنماء آغا داؤد ملاقات کر رہے ہیں

جنوبی کوریا کے ہائپرسونک میزائل سسٹم کے تجربے کے بعد شمالی کوریا نے بیلسٹک میزائل داغ دیئے

میزائل تجربات کا مقصد جنوبی کوریا کے ہائپرسونک میزائل سسٹم کے کامیاب تجربے پر احتجاج کرنا ہے

سیول (این این آئی) جنوبی کوریا کے جدید ہائپر سونک میزائل سسٹم کے کامیاب تجربے کے چند دن بعد شمالی کوریا نے سمندر میں متعدد بیلسٹک میزائل داغ دیئے۔ جنوبی کوریا کے جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کے ترجمان جنگ ڈو ینگ نے بتایا ہے کہ میزائل پیر کی صبح مقامی وقت کے مطابق تقریبا 9 بج کر 20 منٹ پر شمالی کوریا کے دارالحکومت پیانگ یانگ سے داغے گئے۔ انہوں نے بتایا کہ ابتدائی جائزے کے مطابق میزائل تجربات کا مقصد جنوبی کوریا کے ہائپر سونک میزائل سسٹم کے کامیاب تجربے پر احتجاج کرنا اور شمالی کوریا کی دفاعی صلاحیتوں میں پیش رفت دکھانا بھی ہوسکتا ہے۔ جنگ ڈو ینگ نے اس بات کی تصدیق نہیں کی کہ شمالی کوریا نے (بقیہ نمبر 35 صفحہ 6 پر)

تھائی لینڈ، آئی ایم ایف اور ورلڈ بینک گروپ کا سالانہ اجلاس شروع ہوگیا

بین الاقوامی ترقیاتی تعاون سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال کریں گے، غیر ملکی میڈیا

بینکاک (این این آئی) آئی ایم ایف اور ورلڈ بینک گروپ کے 2026 کا سالانہ اجلاس 12 اکتوبر سے تھائی لینڈ کے دارالحکومت بینکاک میں شروع ہو گیا، جو 18 اکتوبر تک جاری رہے گا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق اجلاس میں میں آئی ایم ایف اور ورلڈ بینک گروپ کے نمائندے عالمی اقتصادی پالیسیوں میں ہم آہنگی اور بین الاقوامی ترقیاتی تعاون سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال کریں گے۔ اجلاس کے دوران عالمی اقتصادی منظرنامے کی رپورٹ اور عالمی مالیاتی استحکام کی رپورٹ سمیت متعدد رپورٹس بھی جاری کی جائیں گی۔ توقع ہے کہ 191 ممالک اور خطوں سے 15 ہزار سے زیادہ نمائندے اجلاس میں شرکت کریں گے۔ اجلاس میں کل رکنی اور وزارتی سطح کے اجلاسوں (بقیہ نمبر34 صفحہ 6 پر)

وانگ ای چینی صدر کے خصوصی نمائندے کے طور پر ایشیا میں باہمی رابطے

اعتماد سازی کے اقدامات سے متعلق کانفرنس میں شرکت کریں گے، چینی وزارت خارجہ

بیجنگ (این این آئی) چین کی وزارت خارجہ کی ترجمان ماؤ ننگ نے اعلان کیا کہ سی پی سی سینٹرل کمیٹی کے پولیٹیکل بیورو کے رکن اور چین کے وزیر خارجہ وانگ ای (بقیہ نمبر33 صفحہ 6 پر)

چین ویتنام تعلقات مسلسل آگے بڑھ رہے ہیں، چینی عہدیدار

ویتنام ہم نصیب معاشرے کی تعمیر کو آگے بڑھانے کے لیے تیار ہے، گفتگو

بیجنگ (این این آئی) چینی عوامی سیاسی مشاورتی کانفرنس کی قومی کمیٹی کے چیئرمین وانگ حو ینگ نے بیجنگ میں ویتنام کی قومی اسمبلی کے چیئرمین تران تھانہ من سے ملاقات کی۔ وانگ حو ینگ نے کہا کہ حالیہ برسوں میں کمیونسٹ پارٹی آف چائنا کی مرکزی کمیٹی کے جنرل سیکریٹری اور صدر مملکت شی جن پھنگ نے ویتنام کی کمیونسٹ پارٹی کے جنرل سیکریٹری اور صدر تو لام کے ساتھ قریبی تزویراتی رابطہ برقرار رکھا ہے، جس کی رہنمائی میں چین۔ ویتنام تعلقات عالمی سطح پر صدی میں رونما ہونے والی بڑی تبدیلیوں کے تناظر میں مسلسل آگے بڑھے ہیں۔ چین و (بقیہ نمبر7 صفحہ 6 پر)

چڑیا گھر میں ٹائیگر کے پنجرے میں داخل ہونے والا شخص ہلاک، انتظامیہ کا ٹائیگر کو زندہ رکھنے کا فیصلہ

لندن (این این آئی) برطانیہ کے شہر یارکشائر کے چڑیا گھر میں ٹائیگر کے پنجرے میں داخل ہونے والے شخص کو ٹائیگر نے حملہ کر کے ہلاک کر دیا، چڑیا گھر کی انتظامیہ نے خطرے سے دوچار نسل کے ٹائیگر کو ہلاک نہ کرنے (بقیہ نمبر9 صفحہ 6 پر)

حوثی انتہائی شرانگیز حرکتیں کر رہے ہیں، جو بالکل ٹھیک نہیں، ٹرمپ

احمق کہہ رہے ہیں کہ چین و روس ایران کی مدد کر رہے ہیں، امریکی صدر

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے حوثی گروپ کو اس کی حالیہ کارروائیوں پر تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ حوثی انتہائی شرانگیز حرکتیں کر رہے ہیں، تاہم انہوں نے اس کے خلاف کسی مخصوص اقدام کا اعلان نہیں کیا۔ وائٹ ہاؤس سے ریاست اوہائیو روانگی کے موقع پر صحافیوں نے جب ٹرمپ سے پوچھا کہ وہ حوثی گروپ کے خلاف کیا کارروائی کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں؟ تو انہوں نے کہا کہ حوثی انتہائی شرانگیز حرکتیں کر رہے ہیں، جو بالکل ٹھیک نہیں ہے۔ (بقیہ نمبر8 صفحہ 6 پر)

برطانیہ کا اے آئی کے بڑھتے ہوئے خطرات سے نمٹنے کے لیے قومی دفاعی نظام مضبوط بنانے کا فیصلہ

اے آئی خطرات سے نمٹنے کے لیے معاشرے کے تمام شعبوں پر مشتمل مشترکہ حکمت عملی کی ضرورت ہے، کنشکا نارائن

لندن (این این آئی) برطانیہ نے مصنوعی ذہانت کے بڑھتے ہوئے خطرات سے تحفظ کے لیے سائبر سکیورٹی کو مضبوط بنانے، قانونی تحفظات میں اضافے اور خودکار اے آئی نظاموں سے متعلق سنگین واقعات سے نمٹنے کی تیاری کے لیے متعدد اقدامات کا اعلان کیا ہے۔ اماراتی میڈیا کے مطابق حکومت فوری طور پر جدید ترین اے آئی ٹیکنالوجی کو سائبر دفاع کے نظام کو مضبوط بنانے کے لیے استعمال کرے گی۔ اعلان کردہ ان اقدامات کی بنیاد دو آزمائشی منصوبوں پر ہے، جن کے ذریعے حکومتی نظاموں میں سائبر سکیورٹی کی ایک ہزار سے زیادہ ممکنہ خامیوں کی نشاندہی (بقیہ نمبر10 صفحہ 6 پر)

ریاض کے ایئرپورٹ کی بندش میں 5 روز کی توسیع، نوٹم جاری

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض کے ایئرپورٹ کی بندش میں 5 روز کی توسیع کردی گئی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اس سلسلے میں نوٹم بھی جاری کر دیا گیا ہے جس کے مطابق کنگ خالد ایئرپورٹ ریاض 17 اکتوبر کی رات 12 (بقیہ نمبر11 صفحہ 6 پر)

مصری فضائی حملے میں 72 کان کن ہلاک ہوئے، سوڈانی انسانی حقوق کی تنظیم

خرطوم (این این آئی) سوڈان کی انسانی حقوق کی تنظیم ایمرجنسی لائرز نے فضائی حملے میں 72 کان کنوں کی ہلاکت کی تصدیق کی ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق سوڈانی انسانی حقوق کی تنظیم ایمرجنسی لائرز نے بیان میں کہا ہے کہ فضائی حملے میں کان کنوں کی ہلاکت (بقیہ نمبر32 صفحہ 6 پر)

جرمن وزیر محنت کا عہدے سے دستبردار نے کا اعلان

جرمن پارلیمان کی رکن کی حیثیت سے اپنا مینڈیٹ برقرار رکھوں گی، بیان

برسلز (این این آئی) جرمنی کی وزیر محنت اور بائیں بازو کی جماعت سوشل ڈیموکریٹک پارٹی (ایس پی ڈی) کی شریک سربراہ بیربل باس نے کہا ہے کہ وہ اپنے دونوں عہدوں سے دستبردار ہو جائیں گی۔ عرب ٹی وی کے مطابق انہوں نے پیر کو اپنے بیان میں کہا کہ میری سوتیلی بیٹی کی وفات کے بعد مجھے احساس ہوا کہ اس غم کے اثرات سے باہر آنے کے لیے مجھے وقت درکار ہے۔ وزیر محنت نے، جن کی وزارت جرمنی کے فلاحی نظام کے بڑے حصوں کی ذمہ دار ہے، اپنے خلاف بڑھتی ہوئی عوامی تنقید کا بھی ذکر کیا۔ انہوں نے کہا کہ تنقید کرنے والوں میں ان کی جماعت کے (بقیہ نمبر31 صفحہ 6 پر)

یمنی حکومتی فوج کے حوثی ملیشیا کے 9 اہداف پر حملے

سعودی اتحاد نے ریاض کی جانب داغا گیا حوثی ملیشیا کا بیلسٹک میزائل مار گرایا

صنعا (این این آئی) یمن کے شہر تعز میں یمنی حکومتی فوج کی جانب سے حوثی اکثریتی تنظیم انصار اللہ پر حملے کیے گئے۔ دوسری جانب سعودی فوجی اتحاد نے دارالحکومت ریاض کی جانب داغا گیا حوثی ملیشیا کا بیلسٹک میزائل مار گرایا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق یمنی حکومتی افواج کا کہنا تھا کہ تعز میں حوثی ملیشیا کے اہداف پر 9 حملے کیے، حملوں میں حوثیوں اور ان کے سامان کو نشانہ بنایا گیا۔ دوسری جانب سعودی فوجی اتحاد نے دارالحکومت ریاض کی جانب داغا گیا حوثی ملیشیا کا بیلسٹک میزائل مار گرایا۔ سعودی شہر خمیس مشیط کی طرف داغے گئے حوثیوں کے 2 بیلسٹک میزائلوں (بقیہ نمبر29 صفحہ 6 پر)

صدر پریس کلب عرفان سعید کو وومن پیس الائنس کی بانی ثنا درانی سوئنیر پیش کر رہی ہیں

روس سے ڈیزل خریدنے پر تنقید کے باوجود ٹرمپ اپنے موقف پر ڈٹ گئے

یورپی یونین نے روس سے ڈیزل کی خریداری پر 250 ارب ڈالرز خرچ کیے لیکن امریکی میڈیا اس معاملے کو نمایاں نہیں کرتا، بیان

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے روس سے ڈیزل خریدنے کے معاہدے کا دفاع کرتے ہوئے کہا ہے کہ میں نے امریکی عوام کے مفاد میں درست فیصلہ کیا ہے۔ امریکی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق ڈونلڈ ٹرمپ کے روس سے ڈیزل خریدنے کے معاہدے پر ری پبلکن اور ڈیموکریٹک دونوں جماعتوں کے بعض رہنماؤں کے علاوہ یوکرین اور یورپی حکام نے بھی اعتراضات اٹھائے ہیں۔ مخالفین کا کہنا تھا کہ روس سے ایندھن خریدنے کی اجازت یوکرین جنگ کے تناظر میں روس پر دباؤ ڈالنے کی امریکی پالیسی کو کمزور کرسکتی ہے (بقیہ نمبر12 صفحہ 6 پر)

یورپی یونین نے روس کے فوجی صنعتی شعبے کو نشانہ بنانے والی 1600 نئی پابندیوں کی منظوری دے دی

نئی پابندیوں میں سے نصف سے زیادہ کا تعلق بیلسٹک میزائلوں کی تیاری کے سلسلے سے ہے، سربراہ یورپی خارجہ پالیسی

برسلز (این این آئی) یورپی یونین کے وزرائے خارجہ نے روس کے فوجی صنعتی شعبے کو نشانہ بنانے والی تقریبا 1,600 نئی پابندیوں کی منظوری دے دی ۔عرب ٹی وی کے مطابق یورپی یونین کی خارجہ پالیسی کی سربراہ کاجا کیلس نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر کہا کہ نئی پابندیوں میں سے نصف سے زیادہ کا تعلق بیلسٹک میزائلوں کی تیاری کے سلسلے سے ہے۔ انہوں نے کہا کہ روس اور یوکرین کے درمیان تنازع شروع ہونے کے بعد یہ یورپی یونین کی پابندیوں کی فہرست میں ایک ہی مرحلے میں ہونے والا سب سے بڑا اضافہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان اقدامات کا (بقیہ نمبر30 صفحہ 6 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے گل خان خلجی اور عبدالطیف مندوخیل ملاقات کر رہے ہیں

امریکی وفاقی ایجنٹس کی رکن کانگریس الہان عمر کے گھر کی تلاشی

واشنگٹن (این این آئی) امریکی وفاقی ایجنٹس نے رکن کانگریس الہان عمر کے گھر کی تلاشی لی۔ امریکی میڈیا کے مطابق الہان عمر کے گھر تلاشی کی کارروائی پیر کی صبح کی گئی۔ ہوم لینڈ سکیورٹی انویسٹی گیشنز کے ایجنٹس نے گھر کی تلاشی لی۔ امریکی محکمہ انصاف نے عدالتی وارنٹ کے تحت تلاشی کی تصدیق کردی۔ الہان عمر سے متعلق (بقیہ نمبر28 صفحہ 6 پر)

میگھن مارکل کی ملالہ سے ملاقات، لڑکیوں کی تعلیم کے فروغ کے لیے مالی تعاون کا اعلان

ہم آج کی لڑکیوں کی حمایت کرتے ہیں، تو ہم کل کی خواتین کو بااختیار بناتے ہیں

لندن (این این آئی) برطانوی شہزادہ ہیری کی اہلیہ میگھن مارکل نے پاکستانی نوبیل انعام یافتہ ملالہ یوسفزئی سے ہونے والی ملاقات کی وجہ بتاتے ہوئے لڑکیوں کی تعلیم کے فروغ کے لیے مالی تعاون کا اعلان کر دیا ہے۔ میگھن مارکل نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر ملالہ یوسفزئی کے ساتھ ہونے والی ملاقات کی تصاویر شیئر کی ہیں۔ انہوں نے تصاویر شیئر کرتے ہوئے کیپشن میں لکھا کہ جب ہم آج کی لڑکیوں کی حمایت کرتے ہیں، تو ہم کل کی خواتین کو بااختیار بناتے ہیں اور اس مقصد کو پورا کرنے کے لیے لڑکیوں کی تعلیم تک رسائی بہت ضروری ہے۔ میگھن (بقیہ نمبر27 صفحہ 6 پر)

سائنس دانوں نے تباہ ہوتے ستارے سے بنا سیارہ دریافت کرلیا

نیویارک (این این آئی) ماہرین فلکیات نے ایک ایسا سیارہ دریافت کیا ہے جو کہ ایک تباہ ہوتے سیارے کی راکھ سے بنا ہے۔ بین الاقوامی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق سائنس دانوں نے اس کا نامفیکس رکھ دیا کیونکہ یہ ایک دم توڑتے ہوئے ستارے کی باقیات (بقیہ نمبر25 صفحہ 6 پر)

سعودی عرب نے حوثیوں کیخلاف کارروائی میں اسرائیل کی شمولیت کا مطالبہ مسترد کردیا

اسرائیل امریکی ثالثی کے ذریعے سعودی عرب کی منظوری حاصل کرنے کی کوشش کر رہا تھا، رپورٹ

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی میڈیا نے دعوی کیا ہے کہ سعودی عرب نے حوثیوں کے خلاف کارروائی میں اسرائیل کی شمولیت کا مطالبہ مسترد کردیا۔ اسرائیلی اخبار مطابق اسرائیل امریکی ثالثی کے ذریعے ریاض کی منظوری حاصل کرنے کی کوشش کر رہا ہے، جبکہ اسے امید ہے کہ فوجی تعاون تعلقات کو معمول پر لانے کی راہ ہموار کر سکتا ہے۔ اسرائیلی اخبار کی رپورٹ کے مطابق سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان نے یمن کے حوثی گروپ کے خلاف فوجی کارروائیوں میں اسرائیل کی شمولیت کی کوشش مسترد کر دی ہے، اسرائیل امریکی ثالثی کے (بقیہ نمبر26 صفحہ 6 پر)

آذربائیجان، اسکولوں میں حجاب پر پابندی کیخلاف مظاہرے، 37 افراد گرفتار

باکو کے ضلع قرہ داغ میں مظاہرین نے ایک اسکول کے ڈائریکٹر کی گاڑی کو آگ لگا دی

باکو (این این آئی) آذربائیجان کے اسکولوں میں حجاب پہننے پر پابندی نافذ العمل ہونے کے بعد یونیفارم قواعد کے خلاف احتجاجی مظاہرے پھوٹ پڑے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق اسکولوں میں حجاب پہننے پر پابندی کے باعث طالبات کو کلاسوں میں داخلے سے روکنے، خواتین اساتذہ سے دوپٹے اتارنے کے مطالبات اور احتجاجی مظاہروں کے واقعات سامنے آئے ہیں۔ آذربائیجان کے دارالحکومت باکو میں اسکولوں کے نئے یونیفارم قواعد کے خلاف احتجاج کے دوران حکام نے 37 افراد کو گرفتار کرلیا۔ باکو کے ضلع قرہ داغ میں مظاہرین نے ایک اسکول کے ڈائریکٹر کی گاڑی کو آگ لگا دی، جبکہ ضلع یاسامال میں ایک اسکول کو آگ لگانے کی کوشش کی گئی۔ (بقیہ نمبر24 صفحہ 6 پر)

افغانستان بھر میں برطانوی نشریاتی ادارے کی ایف ایم ریڈیو نشریات معطل

کابل (این این آئی) افغان حکام نے ملک بھر میں برطانوی نشریاتی ادارے کی ایف ایم ریڈیو نشریات معطل کر دیں۔ افغانستان بھر میں ایف ایم ریڈیو نشریات معطل کرنے پر برطانوی نشریاتی ادارے نے تشویش کا اظہار کیا ہے۔ برطانوی نشریاتی ادارے کے ترجمان کا (بقیہ نمبر13 صفحہ 6 پر)

یورپی یونین نے روس کے فوجی صنعتی شعبے کو نشانہ بنانے والی 1,600 نئی پابندیوں کی منظوری دے دی

یورپی یونین اور امریکا کے اقدامات میں ہم آہنگی ماسکو پر دباؤ کو مزید موثر بنا سکتی ہے

برسلز (این این آئی) یورپی یونین کے وزرائے خارجہ نے روس کے فوجی صنعتی شعبے کو نشانہ بنانے والی تقریبا 1,600 نئی پابندیوں کی منظوری دے دی ۔عرب ٹی وی کے مطابق یورپی یونین کی خارجہ پالیسی کی سربراہ کاجا کیلس نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر کہا کہ نئی پابندیوں میں سے نصف سے زیادہ کا تعلق بیلسٹک میزائلوں کی تیاری کے سلسلے سے ہے۔ انہوں نے کہا کہ روس اور یوکرین کے درمیان تنازع شروع ہونے کے بعد یہ یورپی یونین کی پابندیوں کی فہرست میں ایک ہی مرحلے میں ہونے والا سب سے بڑا اضافہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان اقدامات کا مقصد روس کے لیے یوکرین کے خلاف استعمال ہونے والے ہتھیاروں کی تیاری کو نمایاں طور پر مشکل، (بقیہ نمبر14 صفحہ 6 پر)

سیکرٹری کلچر حمید اللہ ناصر اور ڈائریکٹر نیشنل اکیڈمی آف پرفارمنگ آرٹ بورڈ آف گورنرس کے چیئرمین سید جاوید اقبال کو سوئنیر دے رہے ہیں

چین اور یورپی یونین کے درمیان ہائبرڈ گاڑیوں کے بارے میں تین بنیادی اصولوں پر زور

بیجنگ (این این آئی) چین کی وزارت تجارت کے ترجمان نے ہائبرڈ اور الیکٹرک گاڑیوں کے بارے میں چین اور یورپی یونین کے درمیان ہونے والی مشاورت میں طے پانے والے اتفاق رائے کے حوالے سے بتایا کہ ہائبرڈ گاڑیوں کے بارے میں، فریقین نے حقائق کے احترام، غیر امتیازی سلوک اور ضوابط کی پاسداری کے تین بنیادی اصولوں پر زور دیا ہے۔ ترجمان نے کہا کہ چین ڈبلیو ٹی او کے فریم ورک (بقیہ نمبر23 صفحہ 6 پر)

اختلافات کے باوجود ٹرمپ کی حمایت، ایلون مسک کا مڈٹرم الیکشن کیلئے 27 کروڑ ڈالرز کا عطیہ

امیدواروں کی حمایت کرنے والے سیاسی گروپ سینیٹ لیڈرشپ فنڈ کو 15 کروڑ 80 لاکھ ڈالرز دیئے

واشنگٹن (این این آئی) دنیا کے امیر ترین شخص ایلون مسک نے امریکا کے 2026 کے مڈٹرم الیکشن میں ری پبلکن پارٹی کی مدد کے لیے جولائی سے اب تک 27 کروڑ 60 لاکھ ڈالرز سے زائد رقم عطیہ کردی۔ بین الاقوامی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق ایلون مسک نے مڈٹرم الیکشن کے لیے جاری انتخابی مہم کے لیے سب سے زیادہ رقم عطیہ کی ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ ایلون مسک کی جانب سے دی گئی رقم کا مقصد کانگریس میں ری پبلکن پارٹی کی اکثریت برقرار رکھنے میں مدد دینا ہے۔ رپورٹ کے مطابق ان عطیات کی تفصیلات سب سے پہلے امریکی اخبار نے شائع کیں اور بعد میں ایلون مسک کی سیاسی ایکشن کمیٹی کے ترجمان نے بھی ان اعداد (بقیہ نمبر22 صفحہ 6 پر)

چینی وزیر خارجہ کانفرنس آن انٹرایکشن اینڈ کانفیڈنس بلڈنگ مژرز ان ایشیا میں شرکت کریں گے

بیجنگ (این این آئی) چینی وزیر خارجہ وانگ یی 15 اکتوبر کو آذربائیجان کے دارالحکومت باکو میں کانفرنس آن انٹرایکشن اینڈ کانفیڈنس بلڈنگ مژرز ان ایشیا (سی آئی سی اے) کی ساتویں سربراہی کانفرنس میں شرکت کریں گے۔ سی جی ٹی این کے مطابق چین کی وزارت خارجہ کی ترجمان ماؤ ننگ نے اعلان میں بتایا کہ چین کے وزیر خارجہ وانگ یی صدر شی جن پھنگ کے خصوصی نمائندے کے طور پر کانفرنس میں شرکت کریں گے۔ علاو (بقیہ نمبر16 صفحہ 6 پر)

اقوام متحدہ نے مہاجرین کیلئے خطرے کی گھنٹی بجادی، فنڈنگ کے بحران اور عملے میں بڑی کٹوتی پر انتباہ

کمشنری نے اس سال 18 ممالک میں اعلان کردہ 22 ہنگامی صورتحال کا جواب دیا، برہم صالح

اقوام متحدہ (این این آئی) اقوام متحدہ کے ہائی کمشنر برائے مہاجرین برہم صالح نے خبردار کیا کہ فنڈنگ کی شدید کمی مہاجرین کی مدد کرنے کی کمشنری کی صلاحیت کو محدود کر رہی ہے۔ العربیہ کے مطابق برہم صالح نے کہا کہ بجٹ میں کمی کی وجہ سے کمشنری نے اپنے عملے کی تعداد میں شدید کمی کر دی ہے، جبکہ زبردستی بے گھر ہونے والوں کی تعداد اب بھی ریکارڈ سطح کے قریب ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ "نو اکتوبر تک ہمارے پاس دستیاب فنڈز تین ارب ڈالر تھے، جو کہ سنہ 2026 کے لیے ہماری کل 8.5 ارب ڈالر کی ضروریات کا 35 فیصد ہیں۔ کمشنری اب توقع کرتی ہے کہ سنہ 2027 میں اس کی فنڈنگ تقریبا 2.68 ارب ڈالر ہو جائے گی۔ برہم صالح نے واضح کیا (بقیہ نمبر15 صفحہ 6 پر)

میں خاموش نہیں رہوں گی، الہان عمر کی گھر کی تلاشی کی مذمت

ٹرمپ مجھے بے بنیاد جھوٹ اور کردارکشی کی مہمات کے ذریعے نشانہ بنا رہے ہیں، بیان

واشنگٹن (این این آئی) ڈیموکریٹ رکن کانگریس الہان عمر نے گھر پر چھاپہ مار کارروائی پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ میں خاموش نہیں رہوں گی۔ انہوں نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری کیے گئے بیان میں گھر کی تلاشی کی مذمت کرتے ہوئے الزام عائد کیا ہے کہ ٹرمپ انتظامیہ اپنے سیاسی مخالفین کو نشانہ بنانے کے لیے وفاقی قانون نافذ کرنے والے اداروں کو استعمال کر رہی ہے۔ انہوں نے لکھا کہ میں ٹھیک ہوں، کوئی غلط فہمی نہ رہے، یہ سیاسی دشمنوں کو نشانہ بنانے اور وفاقی قانون نافذ کرنے والے اداروں کو سیاسی مقاصد کے لیے استعمال کرنے کی کوشش ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ 10 برس سے ٹرمپ مجھے بے بنیاد جھوٹ اور کردارکشی (بقیہ نمبر21 صفحہ 6 پر)

جنگ کے باوجود اماراتی دولت 2030 تک 16 ہزار 620 کھرب ہونے کی پیشگوئی

ابوظہبی (این این آئی) مشرق وسطی میں جنگی کشیدگی اور معاشی بے یقینی کے باوجود متحدہ عرب امارات کی مجموعی خالص دولت 2030 کے اختتام تک 6 ٹریلین ڈالر تک پہنچنے کی پیش گوئی کی گئی ہے۔ عالمی مشاورتی ادارے بوسٹن کنسلٹنگ گروپ کی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ آئندہ پانچ برس کے دوران ملک کی دولت میں 2.3 ٹریلین ڈالر سے زیادہ اضافہ متوقع ہے جبکہ (بقیہ نمبر20 صفحہ 6 پر)

آسٹریلیا، سڑک پر عبادت کرنیوالی پاکستانی طالبہ گاڑی کی ٹکر سے جاں بحق، ڈرائیور جیل جانے سے بچ گیا

ملزم کو اپنے کیے پر حقیقی پچھتاوا ہے، اس کی عمر کم ہے، اس کی اصلاح کے امکانات اچھے ہیں

ایڈیلیڈ (این این آئی) آسٹریلیا کے شہر ایڈیلیڈ میں سڑک پر عبادت کرنے والی پاکستانی طالبہ گاڑی کی ٹکر سے جاں بحق ہوگئی، تاہم حادثے کا ذمے دار ڈرائیور جیل جانے سے بچ گیا۔ غیر ملکی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق 20 سالہ پاکستانی طالبہ سامعہ ملک 6 مئی 2025 کی شب ہل کرسٹ کے علاقے میں نارتھ ایسٹ روڈ پر تقریبا 4 منٹ تک عبادت کی حالت میں گھٹنوں کے بل بیٹھی دکھائی دیں۔ موقع پر موجود افراد نے انہیں دیکھا، جبکہ سی سی ٹی وی کیمروں میں بھی یہ منظر ریکارڈ ہوا، اسی دوران 19 سالہ ایشٹن جیکب فرینڈ کی گاڑی نے انہیں ٹکر مار دی۔ رپورٹس کے مطابق ڈرائیور کی قید کی سزا معطل کیے جانے کے ساتھ اسے 10 سال کے لیے گاڑی چلانے سے بھی روک دیا گیا ہے۔ حادثے کے بعد جیکب فرینڈ گاڑی روکے بغیر آگے بڑھ گیا تھا، اس نے لاپروائی سے گاڑی چلانے کے نتیجے میں کسی شخص کی موت کا سبب بننے اور مہلک حادثے کے بعد جائے وقوع سے فرار ہونے کے الزامات قبول کر لیے، عدالت میں اسے سزا سنائی گئی۔ عدالت (بقیہ نمبر19 صفحہ 6 پر)

عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں معمولی کمی

نیویارک (این این آئی) عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔ گزشتہ کاروباری سیشن میں تقریبا 2 ڈالر اضافے کے بعد قیمتیں نیچے آ گئیں۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق برینٹ خام تیل کی قیمت 61 سینٹ، یعنی 0.57 فیصد کمی کے بعد 106.04 ڈالر فی بیرل رہی۔ امریکی ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ (بقیہ نمبر18 صفحہ 6 پر)

کمبوڈین وزیراعظم کا موسمیاتی تبدیلی کے بڑھتے خطرات سے نمٹنے کے لیے موثر اقدامات پر زور

شہری آبادی میں اضافے اور ماحولیاتی تنزلی سے پائیدار سماجی واقتصادی ترقی کو سنگین خطرات لاحق ہیں، ہن مانیٹ

نوم پنہ (این این آئی) کمبوڈیا کے وزیراعظم ہن مانیٹ نے موسمیاتی تبدیلی کے بڑھتے خطرات سے نمٹنے کے لیے آفات سے نمٹنے کے نظام کو مضبوط بنانے اور انسانی و مادی وسائل میں نمایاں اضافے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ چینی خبر رساں ادارے کے مطابق کمبوڈین وزیراعظم نے قومی یوم انتظام آفات کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ ماحولیاتی، سماجی اور معاشی عوامل کے باعث قدرتی آفات کے خطرات تیزی سے پیچیدہ ہو رہے ہیں جن سے نمٹنے کے لیے متعلقہ حکام کو آفات کے انتظام کو اپنی بنیادی ترجیحات میں شامل کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی، تیز رفتار شہری آبادی میں اضافے اور ماحولیاتی تنزلی سے پائیدار سماجی و اقتصادی ترقی کو سنگین (بقیہ نمبر17 صفحہ 6 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے حاجی شیرین خان مندوخیل کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

قلات، اسسٹنٹ کمشنر ندیم اکرم انسداد پولیو مہم کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

روزنامہ عوام

روزنامہ عوام وفاقی دارالحکومت اسلام آباد، کوئٹہ اور حب سے بیک وقت شائع ہوتا ہے ہیڈ آفس کوئٹہ فون نمبر 081-2832244 فیکس 081-2822255 اسلام آباد آفس فون نمبر 051-2890427 فیکس 051-2890437 حب آفس 32266 فیکس 32755

بدھ 14 اکتوبر 2026ء

ترقیاتی منصوبوں پر عملدرآمد

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت ترقیاتی عمل کو ان علاقوں تک وسعت دینے کے لئے کوشاں ہے، جو ماضی میں نظر انداز رہے، تاکہ وہاں کے عوام بھی تعلیم بنیادی سہولیات اور ترقی کے ثمرات سے مستفید ہوسکیں، صوبے کے تمام حصوں کی یکساں ترقی ناگزیر ہے، ماضی میں ترقیاتی منصوبوں کا محور صرف چند شہری علاقوں تک محدود رہا، جن علاقوں میں ترقیاتی کام ہوئے، وہاں بھی مناسب پلاننگ نہیں کی گئی، صوبائی دارالحکومت میں سڑکوں کی تعمیر پر زور دیا گیا، لیکن سب سے بڑے مسئلہ آبنوشی کو نظر انداز کردیا گیا، شہری بوند بوند پانی کو ترس رہے ہیں، بلوچستان کے تمام اضلاع کو ترقی کے دھارے میں لانے کے لئے بھی جامع منصوبہ بندی کی ضرورت ہے، ترقیاتی عمل کو سیاسی نہیں بلکہ عوامی ضروریات کے مطابق آگے بڑھانا ہوگا، صاف پانی کی فراہمی کو اولین حکومتی ترجیح قرار دے کر آبنوشی کے منصوبوں کے لئے بجٹ میں زیادہ فنڈز مختص کرنا ہوں گے، ترقیاتی کاموں کی نگرانی کے لئے مانیٹرنگ کا نظام بھی موثر بنانا ہوگا، تاکہ وسائل کا ضیاع نہ ہو، ہمیں توقع ہے کہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے حکومت کے اقدامات نتیجہ خیز ثابت ہوں گے۔

آٹا کی قیمتوں میں اضافہ

آٹا کی قیمتوں میں روزانہ کی بنیاد پر اضافہ ہورہا ہے، غریب اور متوسط طبقہ سخت پریشان ہے، فلور ملز مالکان ناقص گندم کی پسائی بھی کررہے ہیں، آٹا کا 20 کلو کا تھیلہ 3200 روپے میں فروخت کیا جارہا ہے، ہم صوبائی حکومت سے مسئلہ کا نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہیں آٹا کے نرخوں کا تعین اور ان پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کے لئے اقدامات اٹھائے جائیں۔

لائبہ کے خواب، 93 لاکھ کا دھوکا اور ایف آئی اے سے انصاف کی امید

تحریر۔یونس باٹھ

کچھ سانحات صرف ایک گھر کا چراغ نہیں بجھاتے، پورے معاشرے کے ضمیر کو جھنجھوڑ دیتے ہیں۔ لائبہ اعجاز کی المناک موت بھی ایسا ہی ایک واقعہ ہے۔ ایک ہونہار طالبہ، جس نے انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد سے گولڈ میڈل حاصل کیا، اپنے بہتر مستقبل کے خواب آنکھوں میں سجائے بیٹھی تھی۔ وہ امریکہ جاکر اعلیٰ تعلیم حاصل کرنا چاہتی تھی، اپنے والدین کی امیدوں پر پورا اترنا چاہتی تھی، مگر مبینہ فراڈ نے اس کے خوابوں کو ایسی کاری ضرب لگائی جس کا دکھ اب ایک خاندان ہی نہیں، پورا معاشرہ محسوس کررہا ہے۔ لائبہ کا خواب صرف اس کا اپنا خواب نہیں تھا، اس میں ایک باپ کی محنت اور ایک ماں کی قربانیاں بھی شامل تھیں۔ خبروں کے مطابق لائبہ کے خاندان نے اس کے روشن مستقبل کے لیے اپنی استطاعت سے بڑھ کر وسائل جمع کیے۔ والد نے پلاٹ فروخت کیا، والدہ کے زیورات گروی رکھے گئے اور خاندان نے اپنی جمع پونجی بیرون ملک تعلیم کے حصول کی امید پر داؤ پر لگا دی۔ الزام ہے کہ امریکہ کا ویزا اور اسکالرشپ دلوانے کے نام پر 93 لاکھ روپے وصول کیے گئے، جبکہ جعلی داخلہ خطوط، اسکالرشپ دستاویزات اور فیس کی رسیدوں کے ذریعے خاندان کو دھوکے میں رکھا گیا۔ جب حقیقت سامنے آئی تو لائبہ شدید ذہنی دباؤ کا شکار ہوئی اور اس کی زندگی المناک طور پر ختم ہوگئی۔ اس سانحے کی مکمل قانونی اور طبی تفصیلات تحقیقات سے سامنے آئیں گی، لیکن یہ سوال اپنی جگہ موجود ہے کہ ہمارے نوجوانوں کے خوابوں سے کھیلنے والوں کو کب تک معصوم خاندانوں کی محنت لوٹنے کا موقع ملتا رہے گا؟ یہاں ہمیں ایک لمحے کے لیے رک کر سوچنا ہوگا۔ بیرون ملک تعلیم حاصل کرنا کوئی جرم نہیں، بہتر مستقبل کی خواہش رکھنا کوئی غلطی نہیں۔ جرم اس اعتماد سے کھیلنا ہے جو والدین اپنی اولاد کے مستقبل کے لیے کسی شخص پر کرتے ہیں۔ اگر کسی نوجوان کی تعلیمی کامیابی، والدین کی عمر بھر کی کمائی اور ایک خاندان کی امیدیں جعلی دستاویزات کے ذریعے لوٹی جاسکتی ہیں تو یہ محض مالی فراڈ نہیں، ہمارے نظام کے لیے ایک سنجیدہ سوال ہے۔ اس افسوس ناک واقعے میں ایک اہم پیش رفت ملزم کی گرفتاری ہے۔ اطلاعات کے مطابق اسلام آباد پولیس نے مرکزی ملزم محمد نعمان کو گرفتار کیا، جبکہ ایف آئی اے نے نعمان اور فاطمہ سرور کے خلاف مبینہ فراڈ کا مقدمہ درج کیا ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے بھی واقعے کا نوٹس لیا اور متعلقہ حکام کو کارروائی کی ہدایت کی۔ یہ پیش رفت قابلِ ذکر ہے، تاہم اصل کامیابی اس وقت ہوگی جب تحقیقات مکمل ہوں، تمام حقائق سامنے آئیں، ملوث افراد کو قانون کے مطابق سزا ملے اور ممکنہ طور پر لوٹی گئی رقم کی بازیابی کے لیے مؤثر کوششیں کی جائیں۔ اس موقع پر میں ڈائریکٹر جنرل ایف آئی اے ڈاکٹر عثمان انور اور ان کی ٹیم کی توجہ اور کارروائی کو سراہنا چاہتا ہوں۔ ڈاکٹر عثمان انور سے میرا تعلق برسوں پر محیط ہے۔ میں نے انہیں اپنے پولیس کیریئر میں ایس پی سے لے کر آئی جی پولیس تک مختلف ذمہ داریوں میں کام کرتے دیکھا ہے۔ میرا ذاتی مشاہدہ رہا ہے کہ سنگین مقدمات میں وہ اس وقت تک چین سے نہیں بیٹھتے تھے جب تک ملزمان کی گرفتاری کے لیے بھرپور کوششیں نہ ہوجائیں۔ یہی توقع آج بھی ان سے وابستہ ہے کہ لائبہ کے کیس میں انصاف کے تمام تقاضے پورے کیے جائیں گے۔ یہ بات بھی نظرانداز نہیں کی جاسکتی کہ ماضی میں ایف آئی اے کے بارے میں عام شہریوں کی یہ شکایت سننے کو ملتی تھی کہ ان کی شنوائی نہیں ہوتی اور وہ دفتروں کے چکر لگاتے رہتے ہیں۔ ڈاکٹر عثمان انور کی قیادت میں ادارے کو زیادہ متحرک، جواب دہ اور عوامی شکایات کے لیے حساس بنانے کی کوششوں کی حوصلہ افزائی ہونی چاہیے۔ کسی بھی ادارے کی حقیقی کامیابی صرف گرفتاریوں کی تعداد نہیں، بلکہ یہ ہے کہ ایک عام شہری کو انصاف ملے، اس کی شکایت سنی جائے اور بااثر یا پیشہ ور فراڈیوں کو قانون سے بالاتر نہ سمجھا جائے۔ تاہم لائبہ کا مقدمہ ہمیں محض ایک گرفتاری پر مطمئن ہونے کی اجازت نہیں دیتا۔ حکومت اور متعلقہ اداروں کو چاہیے کہ بیرون ملک تعلیم اور ویزا دلوانے کے نام پر کام کرنے والے کنسلٹنٹس کی جانچ پڑتال، رجسٹریشن اور نگرانی کا مؤثر نظام بنایا جائے۔ طلبہ اور والدین کو ادائیگی سے پہلے متعلقہ یونیورسٹی سے داخلے اور اسکالرشپ کی براہِ راست تصدیق کرنے کی ترغیب دی جائے۔ جعلی دستاویزات تیار کرنے اور عوام کو دھوکا دینے والوں کے خلاف بروقت کارروائی کی جائے تاکہ کسی اور گھر کو ایسی آزمائش سے نہ گزرنا پڑے۔ لائبہ واپس نہیں آسکتی۔ اس کے والدین کا دکھ کسی سرکاری بیان یا گرفتاری سے ختم نہیں ہوگا۔ لیکن اگر اس کا سانحہ ایک مؤثر نظام کی تشکیل، کئی خاندانوں کے تحفظ اور انصاف کی فراہمی کا سبب بن جائے تو شاید اس کے خوابوں کی روشنی دوسروں کے راستے منور کرسکے۔ لائبہ کے لیے انصاف صرف ملزمان کو گرفتار کرنے کا نام نہیں؛ یہ اس نظام کو بہتر بنانے کا عہد بھی ہے، جس میں کسی بیٹی کا مستقبل دھوکے کی نذر نہ ہو۔

☆☆☆☆

خیبر پی کے میں گورنر راج۔۔۔کاش فریقین

تحریر۔نصرت جاوید

اتوار کی صبح 8 بجنے سے چند منٹ قبل یہ کالم لکھنے کو قلم اٹھالیا ہے۔ ہفتے کی سہ پہر سے مگر ریگولر اور سوشل میڈیا میں قیاس آرائی شروع ہوگئی تھی کہ ایوانِ صدر میں وزیر اعظم کی اپنے سینئر معاونین سمیت صدر مملکت سے ملاقات کے بعد ''اہم فیصلوں'' پر اتفاق رائے ہوگیا ہے۔ خیبر پختونخوا میں ہنگامی حالات یا گورنر راج میں سے کسی ایک کے نفاذ کے بجائے ان دونوں کے چند اجزائے ترکیبی کے امتزاج سے ایک نیا نسخہ تیار کیا جائے گا۔ نسبتاً پر امن اضلاع گورنر راج کی نگرانی میں چلائے جائیں گے۔ افغان دراندازی کی وجہ سے مسلسل دہشت گردی کی لپیٹ میں آئے اضلاع کو تاہم ہنگامی حالات کے نفاذ کے بعد وفاق کی جانب سے براہِ راست چلائے انتظام کے سپرد کردیا جائے گا۔

ہنگامی حالات اور گورنر راج کے منصوبے پر مشتمل نظام کا ذکر کئی دنوں سے اسلام آباد کے سازشی ڈرائنگ روموں میں ہورہا تھا۔ اس کے ٹھوس خدوخال مگر ''آف دی ریکارڈ'' بریفنگوں میں شریک ہوئے سینئر ترین صحافی بھی سمجھنے اور ہم عامیوں کو سمجھانے میں ناکام رہے ہیں۔ آئین کی شق 232 اور 234 کے امتزاج سے خیبر پختونخوا کے لئے جو حکومتی بندوبست متعارف کروایا جائے گا اس کے بارے میں تبصرہ آرائی کی لہٰذا گنجائش نہیں۔

حکومت اور تحریک انصاف کے مابین چند روز قبل دو دن اور 13 گھنٹوں تک جاری رہے مذاکرات کے انجام پر لیکن ایک حقیقت عیاں ہوگئی تھی اور وہ یہ کہ خیبر پختونخوا میں اب آئینی معمول کے مطابق حکومت چلانا ممکن نہیں رہا۔ جواں سال وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی نے مگر اس پیغام کا سیاسی جواب فراہم کرنے سے گریز کی راہ اختیار کی۔ 4 اکتوبر سے وہ اپنے صوبے کے جنوبی اضلاع کے مختلف شہروں میں جاکر عوام کو اسلام آباد پر مارچ کے لئے تیار کررہے ہیں۔ ان کے مارچ کا مقصد اپنے قائد کی رہائی یا جیل میں آسانیاں فراہم کرنا بتایا جارہا ہے۔ اسلام آباد کی جانب مارچ کی تیاری کے لئے ہوئے سفر کے دوران گورنر خیبر پختونخوا نے صوبے کے انسپکٹر جنرل اور چیف سیکرٹری کو اپنے دفتر طلب کیا۔ انہیں امن وامان یقینی بنانے کے لئے ہدایات دیں۔ ان کی جانب سے بلائے اجلاس نے عملاً خیبر پختونخوا میں گورنر راج نافذ کردیا۔ سیاسی منطق کا بنیادی تقاضا تھا کہ گورنر کی جانب سے اٹھائے اقدامات کے بعد سہیل آفریدی کوہاٹ سے پشاور پہنچتے ہی صوبائی کابینہ کے اجلاس کے فوراً بعد خیبر پختونخوا اسمبلی کا اجلاس طلب کرتے۔ مجوزہ اجلاس کے دوران تحریک انصاف کی مخالف جماعتوں خصوصاً جمعیت العلمائے اسلام کے لئے گورنر کے اٹھائے اقدامات کا دفاع ناممکن ہوجاتا۔ بتدریج یہ پیغام بھی اجاگر ہوسکتا تھا کہ شدید ترین باہمی اختلافات کے باوجود منتخب اراکین اسمبلی کی اکثریت ہنگامی حالات یا گورنر راج جیسے غیر معمولی اقدامات کی حامی نہیں۔ ایک منتخب ایوان کے ذریعے سیاسی مزاحمت کی راہ اختیار کرنے کے بجائے صوبائی کابینہ کے اجلاس کے بعد وزیر اعلیٰ مگر اپنے صوبے کے دیگر اضلاع میں لوگوں کو وفاقی حکومت کی جانب سے ممکنہ طور پر اٹھائے اقدامات کی عوامی مزاحمت کے لئے تیار کرنا شروع ہوگئے۔ تحریک انصاف کے متحرک سوشل میڈیا کی بدولت لوگوں تک یہ پیغام پہنچایا گیا کہ عوام میں پرجوش پذیرائی کی بنیاد پر آفریدی وفاقی حکومت کو للکار رہے ہیں کہ اگر اس میں ہمت ہے تو ہنگامی حالات یا گورنر راج کا نفاذ کرکے دکھائے۔ مختلف وزراء کی جانب سے ہنگامی حالات یا گورنر راج کے ذکر کو یوں گیدڑ بھبکیاں ٹھہراتے ہوئے تمسخر کا نشانہ بنایا گیا۔ فرطِ جذبات میں یوٹیوب کی بدولت سوشل میڈیا پر چھائے ''ذہن ساز'' اس پہلو پر توجہ دینے میں ناکام رہے کہ تحریک انصاف اور حکومتی وفد کے درمیان مذاکرات کے دوران حکومت نے نہایت ہوشیاری سے بیانیہ یہ تشکیل دیا کہ اسلام آباد پر تحریک انصاف کا لانگ مارچ مذاکرات کے ذریعے روکنا اس کی ترجیح نہیں۔ اسے روکنے کے لئے وہ ریاستی قوت کے استعمال کی کسی بھی حد تک جاسکتی ہے۔ تحریک انصاف کے وفد سے مذاکرات کا بنیادی مقصد خیبر پختونخوا حکومت کو رضامند کرنا ہے کہ وہ افغانستان میں فاتح کی طرح لوٹے طالبان کی جانب سے ہوئی دراندازی کے مقابلے کے لئے وفاقی حکومت کو بھرپور معاونت فراہم کرے۔ عمران خان کی رہائی یا ان کے لئے قید میں آسانیاں فراہم کرنے کے بجائے یوں مذاکرات کا بنیادی مقصد ''قومی سلامتی'' یقینی بنانے کے لئے تیار ہوئی حکمت عملی کی بھرپور حمایت کی تلاش بنادیا گیا۔

ریاست کے دائمی اداروں کی دہشت گردی کے خلاف تیار کی حکمت عملی سے اتفاق کے اظہار کے بجائے وزیر اعلیٰ آفریدی نے اس کی افادیت پر سوالات اٹھانا شروع کردیے۔ خیبر پختونخوا میں دہشت گردی مسلط ہوئے ایک سے زیادہ دہائی گزر چکی ہے۔ اس پر قابو پانے کے لئے متعدد آپریشن ہوئے۔ ان کے نتیجے میں امن کے طویل وقفے بھی آئے۔ خیبر پختونخوا کے باسیوں کی اکثریت مگر دہشت گردی کے خلاف لئے اقدامات کے نتائج سے بالعموم ناخوش ہے۔ اسے اپنے معمولاتِ زندگی میں خلل ڈالنے کا سبب تصور کرتی ہے۔ وفاقی حکومت کی دہشت گردی کے خلاف تیار کردہ حکمت عملی پر سوالات اٹھاتے ہوئے سہیل آفریدی نے درحقیقت ان ہی جذبات کی ترجمانی کرنا چاہی۔ اپنی جذباتی تقاریر کی بدولت مگر ''قومی سلامتی'' کے حوالے سے ریاست کے دائمی اداروں کو وہ ''غیر ذمہ دارانہ رویہ'' اختیار کرتے محسوس ہوئے۔

اس کالم میں تواتر سے عرض کرتا رہا ہوں کہ ریاست کے دائمی اداروں اور سہیل آفریدی کی ترجیحات انہیں دو مختلف دنیاؤں کا باسی دکھارہے ہیں۔ ایسے حالات میں آفریدی کے خلاف دائرہ تنگ ہورہا ہے۔ خیبر پختونخوا کے وزیر اعلیٰ بھی جبلی طور پر یہ ہی محسوس کررہے تھے۔ اسی باعث پشاور سے صوابی کا رخ کرنے کے بجائے وہ مردان اور چارسدہ کی جانب روانہ ہوگئے۔ صوابی کے بجائے مذکورہ شہروں کے رخ نے اسلام آباد کو پیغام دیا کہ سہیل آفریدی اسے خبردار کررہے ہیں کہ اگر انہیں ہنگامی حالات یا گورنر راج کے ذریعے ہٹانے کی کوشش ہوئی تو خیبر پختونخوا کے گلی محلوں میں وفاقی حکومت کو عوامی مزاحمت کا سامنا کرنا ہوگا۔ وفاقی حکومت کے لئے یہ پیغام وصول ہونے کے بعد لازمی ہوگیا ہے کہ وہ حکومتی بندوبست پر اپنی کامل گرفت ثابت کرے۔ جو ہونے والا ہے اسے ٹالنا یہ کالم لکھتے وقت لہٰذا مجھے ممکن نظر نہیں آرہا۔ شکست خوردہ مگر جمہوری نظام کا رومان پرست حامی ہوتے ہوئے فقط اس خواہش کا اظہار ہی کرسکتا ہوں کہ کاش موجودہ حکومتی بندوبست کے تمام فریقین (تحریک انصاف سمیت) ایک ناخوش گوار صورتحال ٹالنے کے لیے مطلوب لچک دکھاسکتے۔

☆☆☆☆

ملک میں فنانسنگ سرگرمیوں میں اضافہ

تحریر۔محمود خان

معاشی ترقی صرف بڑے منصوبوں، بلند اعداد و شمار کا نام نہیں بلکہ حقیقی معاشی بہتری تو یہ ہے کہ جب ایک چھوٹا کاروباری شخص اپنے کاروبار کو وسعت دینے کے لیے آسان قرض حاصل کرسکے، ایک کسان اپنی فصل اور مویشیوں کے لیے بروقت مالی سہولت حاصل کرسکے، ایک متوسط طبقے کا خاندان اپنے گھر کی تعمیر کا خواب پورا کرسکے اور نوجوان جدید ٹیکنالوجی اور روزگار کے نئے مواقع سے فائدہ اٹھا سکے۔ کسی بھی معیشت میں مالی سہولیات تک آسان رسائی کو بنیادی اہمیت حاصل ہوتی ہے۔ اسی تناظر میں وفاقی وزیر خزانہ ومحصولات سینیٹر محمد اورنگزیب کی زیرصدارت ایکسیس ٹو فنانس اسٹیئرنگ کمیٹی کا پانچواں اجلاس خاص اہمیت کا حامل ہے، جس میں ایس ایم ایز، زراعت، لائیو اسٹاک، ہاؤسنگ اور الیکٹرک گاڑیوں سمیت مختلف شعبوں میں مالی سہولیات کی فراہمی کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے اعداد و شمار کے مطابق ملک میں فنانسنگ کی سرگرمی میں اضافہ ہورہا ہے۔ پاکستان کی معیشت میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری ادارے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔ ملک بھر میں بڑی تعداد میں لوگ چھوٹے کاروبار، دکانوں، ورکشاپس، خدمات اور دیگر کاروباری سرگرمیوں سے وابستہ ہیں۔ ایسے کاروبار نہ صرف روزگار فراہم کرتے ہیں بلکہ مقامی معیشت کا پہیہ بھی چلاتے ہیں۔

اعداد و شمار کے مطابق جون 2026ء میں ایس ایم ای فنانسنگ 114.1 ٹریلین روپے تھی جو ستمبر کے اختتام تک 23 ارب روپے اضافے کے ساتھ 137.1 ٹریلین روپے سے تجاوز کرگئی، جبکہ قرض لینے والوں کی تعداد تقریباً 862,350 ہوگئی۔ حکومت نے جون 2028ء تک ایس ایم ای فنانسنگ کو 2 ٹریلین روپے اور قرض لینے والوں کی تعداد 000,775 تک پہنچانے کا ہدف مقرر کیا ہے۔ لیکن اس کے حصول کے لیے صرف بینکوں کی جانب سے قرضوں میں اضافہ کافی نہیں ہوگا۔ چھوٹے کاروباری افراد کے پاس اکثر مکمل دستاویزات، مالیاتی ریکارڈ، ضمانت یا بینکنگ کی مطلوبہ معلومات موجود نہیں ہوتیں۔ اس لیے انہیں صرف قرض نہیں بلکہ مالیاتی آگاہی، کاروباری تربیت، دستاویزات کی تیاری، ڈیجیٹل سہولیات اور رہنمائی بھی فراہم کرنا ہوگی۔ مائیکروفنانس ادارے اس سلسلے میں اہم کردار ادا کرسکتے ہیں کیونکہ ان کی رسائی ان طبقات تک ہوتی ہے جو روایتی بینکاری نظام سے کسی حد تک دور ہیں۔ اگر کمرشل بینکوں، مائیکروفنانس اداروں، نان بینک مالیاتی اداروں اور حکومتی اداروں کے درمیان بہتر رابطہ قائم کیا جائے تو چھوٹے کاروباروں کے لیے فنانسنگ کے نئے دروازے کھل سکتے ہیں۔ پاکستان کی معاشی ترقی میں زراعت کا کردار بھی بنیادی ہے۔ لاکھوں خاندان براہِ راست یا بالواسطہ زراعت سے وابستہ ہیں۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ جون 2026ء میں 26.1 ٹریلین روپے کے مقابلے میں ستمبر کے اختتام تک زرعی فنانسنگ 35.1 ٹریلین روپے سے تجاوز کرگئی جبکہ قرض لینے والوں کی تعداد تقریباً 46.3 ملین تک پہنچ گئی۔ تاہم زرعی فنانسنگ کو صرف فصلوں تک محدود رکھنے کے بجائے پوری زرعی ویلیو چین تک پھیلانے کی ضرورت ہے۔ اس میں لائیو اسٹاک، ڈیری، ماہی گیری، کولڈ اسٹوریج، زرعی مشینری، بیج، کھاد، مارکیٹنگ اور فوڈ پروسیسنگ جیسے شعبے شامل ہیں۔ خصوصاً لائیو اسٹاک پاکستان کی دیہی معیشت کا ایک اہم ستون ہے۔ دیہی علاقوں میں لاکھوں خاندان مویشی پال کر اپنی آمدنی حاصل کرتے ہیں، مگر انہیں جدید مویشی پالنے، بہتر نسل، خوراک، ویٹرنری سہولیات اور مارکیٹ تک رسائی کے لیے سرمایہ درکار ہوتا ہے۔ اگر لائیو اسٹاک کے لیے آسان اور مناسب فنانسنگ کا نظام قائم کیا جائے تو یہ شعبہ دیہی غربت میں کمی، روزگار میں اضافے اور برآمدات بڑھانے میں اہم کردار ادا کرسکتا ہے۔ اسی لیے وزیر خزانہ کی جانب سے لائیو اسٹاک کے لیے نجی شعبے کی شمولیت، رسک مینجمنٹ اور مناسب مالیاتی فریم ورک پر زور دینا ایک مثبت قدم ہے۔ ادھر ہاؤسنگ فنانس بھی پاکستانی معاشرے کی ایک بڑی ضرورت ہے۔ اپنا گھر ہر خاندان کی بنیادی خواہش اور سماجی تحفظ کی علامت ہے، لیکن زمین کی بڑھتی ہوئی قیمت، تعمیراتی اخراجات اور محدود آمدنی نے متوسط اور کم آمدنی والے طبقے کے لیے گھر بنانا مشکل بنادیا ہے۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ ہاؤسنگ فنانس جون 2026ء کے 323 ارب روپے سے بڑھ کر ستمبر کے اختتام تک 426 ارب روپے ہوگئی جبکہ قرض لینے والوں کی تعداد 550,231 تک پہنچ گئی۔ وزیر اعظم اپنا گھر پروگرام کے تحت 21413 افراد کو 76 ارب روپے کے قرضے جاری کیے جاچکے ہیں، جبکہ 350 ارب روپے کے منظور شدہ قرضے اجرا کے منتظر ہیں۔ تاہم ہاؤسنگ فنانس کو صرف گھر خریدنے والے شہری تک محدود نہ رکھا جائے بلکہ بلڈرز اور ڈویلپرز کو بھی مناسب فنانسنگ فراہم کی جائے۔ اگر گھروں کی تعمیر اور فراہمی کا عمل تیز ہوگا تو روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے، تعمیراتی صنعت کو فروغ ملے گا اور متعلقہ درجنوں صنعتیں بھی متحرک ہوں گی۔ دوسری جانب پاکستان میں توانائی کے بڑھتے ہوئے مسائل اور درآمدی ایندھن پر انحصار کے تناظر میں الیکٹرک گاڑیوں کی جانب منتقلی بھی اہم ہے۔ PAVE اسکیم کے تحت 262,17 درخواستوں کی منظوری، 8394 قرضوں کا اجرا اور 7252 الیکٹرک گاڑیوں کی فراہمی اس شعبے میں ابتدائی پیش رفت کی نشاندہی کرتی ہے۔ تاہم کسی بھی حکومتی اسکیم کی کامیابی کا اصل پیمانہ صرف منظور شدہ قرضوں کی تعداد نہیں بلکہ کتنے منظور شدہ قرضے حقیقتاً صارفین تک پہنچے، کتنے کاروبار شروع ہوئے، کتنے گھر تعمیر ہوئے، کتنے کسانوں کی پیداوار بڑھی اور کتنے روزگار کے مواقع پیدا ہوئے۔ یہی وجہ ہے کہ وزیر خزانہ کا قابلِ پیمائش نتائج، عملدرآمد اور فالو اَپ پر زور دینا اہمیت رکھتا ہے۔ مالیاتی نظام میں ڈیٹا کی دستیابی اور معلومات کا تبادلہ بھی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اگر بینکوں کے پاس قرض لینے والے کی آمدنی، کاروباری سرگرمی اور کیش فلو سے متعلق مناسب معلومات موجود ہوں تو وہ صرف روایتی ضمانتوں کے بجائے کیش فلو بیسڈ لینڈنگ کو فروغ دے سکتے ہیں۔ اس سے ایسے افراد بھی رسمی بینکاری نظام میں آسکتے ہیں جو قیمتی اثاثے یا روایتی ضمانتیں فراہم کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتے۔ تاہم اس پورے عمل میں صارفین کے ڈیٹا کا تحفظ بھی انتہائی ضروری ہے۔ حکومتی فنانسنگ اسکیموں کے حوالے سے ایک اور اہم بات یہ ہے کہ سرکاری معاونت مستقل سبسڈی پر انحصار پیدا کرنے کے بجائے مارکیٹ کے حقیقی خلا کو پُر کرنے کا ذریعہ بنے۔ اگر حکومتی مدد نجی شعبے کو آگے آنے کے لیے سازگار ماحول فراہم کرے تو مالیاتی نظام زیادہ دیرپا اور خودکفیل ہوسکتا ہے۔ پاکستان کو آج ایسے مالیاتی نظام کی ضرورت ہے جو صرف بڑے کاروباروں کے لیے نہیں بلکہ ایک چھوٹے دکاندار، نوجوان کاروباری، کسان، مویشی پالنے والے، ماہی گیر، گھر بنانے والے متوسط طبقے کے خاندان اور نئی ٹیکنالوجی اختیار کرنے والے شہری کے لیے بھی قابلِ رسائی ہو۔ معاشی ترقی کا سفر اسی وقت مضبوط بنیادوں پر آگے بڑھ سکتا ہے جب بینک، مائیکروفنانس ادارے، نان بینک مالیاتی ادارے، ریگولیٹرز، حکومت، ترقیاتی شراکت دار اور نجی شعبہ ایک مشترکہ حکمت عملی کے تحت کام کریں۔ ایکسیس ٹو فنانس کا اصل مقصد صرف قرضوں کے حجم میں اضافہ نہیں ہونا چاہیے بلکہ ایسا جامع مالیاتی ماحول پیدا کرنا ہونا چاہیے جہاں سرمایہ پیداواری سرگرمیوں میں استعمال ہو، کاروبار ترقی کریں، کسان مضبوط ہو، گھر تعمیر ہوں، روزگار پیدا ہو اور عام آدمی کی معاشی حالت بہتر ہو۔ اگر مالی سہولیات تک رسائی کو حقیقی معنوں میں عام آدمی تک پہنچانے، شفافیت برقرار رکھنے، بروقت عملدرآمد اور نتائج کی مسلسل نگرانی کو یقینی بنالیا جائے تو پاکستان کی معاشی ترقی کے لیے یہ ایک اہم سنگِ میل ثابت ہوسکتا ہے۔

☆☆☆☆

علامہ اقبالؒ پر دستاویزی فلم کا قصہ!

تحریر۔خالد کاشمیری

ماہ دسمبر 1968ء کے آخری دنوں کی بات ہے۔ ان دنوں اسمبلی چیمبرز کے قریب ترین کی وسیع وعریض عمارت الفلاح بلڈنگ میں واقع الفلاح سینما پوری طرح شاد و آباد ہوا کرتا تھا۔ اس میں ایک روز کرنل فقیر سید وحید الدین کے حوالے سے ''روزگار فقیر'' کے نام سے حکیم الامت علامہ اقبالؒ کی زندگی اور شاعری پر مشتمل ایک دستاویزی فلم کی نمائش دیکھنے کا دعوت نامہ اخبار نویسوں کو موصول ہوا۔ اس میں یہ بھی بتایا گیا تھا کہ یہ فلم کرنل فقیر سید وحید الدین نے تیار کرائی ہے اور اس فلم کا تحریری خاکہ اور منظر نامہ ترقی پسند معروف شاعر فیض احمد فیض نے مرتب کیا ہے۔ فلم کی نمائش سے قبل پروڈیوسر سید وحید الدین کی طرف سے فلم سے متعلق جو ''چند ضروری باتیں'' ناظرین کے گوش گزار کی گئیں ان میں یہ بھی کہا گیا کہ فلم انسانی علم وفکر میں اضافہ کا ایک موثر ذریعہ ہے اور دنیا کے متعدد ممالک نے یہ ذریعہ اپنے قومی مشاہیر کی شخصیت کو اجاگر کرنے میں استعمال کیا ہے، چنانچہ بھارت میں ٹیگور پر، جرمنی میں گوئٹے پر، سوویت یونین میں لینن اور گورکی پر اور ترکی میں کمال اتاترک پر دستاویزی فلمیں بنائی جاچکی ہیں، ضرورت تھی کہ پاکستان میں شاعر مشرق علامہ اقبالؒ کی حیات وافکار پر مبنی ایک نہایت ہی بلند معیار کی لاثانی دستاویزی فلم تیار کی جائے تاکہ دنیا ہمارے اس ہیرو کی عظمت سے روشناس ہوسکے۔ بلاشبہ سید وحید الدین کی یہ ایک اچھی کوشش تھی لیکن جہاں تک اس بات کا تعلق تھا اور ہے اس فلم سے مفکر اسلام علامہ اقبالؒ کے حیات وافکار یا نظریات کی جھلک نمایاں ہوتی یا اس دنیا کو اس مردِ قلندر کی عظمت سے روشناس کرانے میں مدد ملتی۔ محض سراب کے سوا کچھ نہیں تھا۔ اس دو ہزار آٹھ فٹ لمبی رنگین فلم پر یقیناً لاکھوں روپے صرف کیے گئے مگر سچی بات تو یہ ہے کہ اس کی ترتیب وتدوین میں شاعر ومفکر اسلام کے حقیقی نظریاتی پہلوؤں کو جگہ دی جاتی تو ملک میں ایک حقیقی ''ہیرو'' پر تیار ہونے والی یہ پہلی عظیم الشان دستاویزی فلم قابل صد تحسین قرار پاتی، لیکن اس معاملے میں ملک بھر میں راقم الحروف ہی نے ان دنوں سب سے پہلے اس کے بارے میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے لکھا تھا کہ اس فلم میں یہ تاثر دینے کی پوری کوشش کی گئی ہے کہ علامہ اقبالؒ اشتراکیت کے مدح سرا تھے۔ اس فلم میں علامہ اقبالؒ کی عہد جوانی کی ایک ایسی تصویر سب سے پہلے دکھائی گئی جسے پہچاننے میں بھی دیر لگتی ہے اسی کے مقابلے میں بعض اشتراکی رہنماؤں کی عین عہدِ شباب کی تصاویر سے فلم کو مزین کیا گیا ہے۔ ''روزگار فقیر'' کا منظر نامہ اور تحریری خاکہ مرتب کرنے والے نے ''تاریخی ٹھوکر'' کھائی ہے۔ علامہ اقبالؒ کے جن اشعار کو بنیاد بناکر چینی انقلاب کا ذکر کیا گیا ہے اور فلم میں اس کے مظاہرے اور مناظر دکھائے گئے اس کے علمبردار اور قائد ڈاکٹر ''سن یات سن'' تھے مگر فلم میں اس موقعہ پر جو تصویر فلم میں آئی وہ ماؤزے تنگ کی تھی۔ ایسے مناظر سے یہ بات مترشح کرنا مقصود لگتی ہے جیسا کہ اشتراکی نظام کی جیت اور سربلندی ہی اقبالؒ کا مطمح نظر تھا پوری فلم میں علامہ اقبالؒ کے حقیقی جوہر تو ''فکری پہلو'' ہے۔ جس نے قوم کی مردہ رگوں میں حیات نو کی توانائی رمق بخشی اور جس نے قوم کو عشق رسولؐ میں ڈوب کر کائنات پر حاوی ہونے کا راستہ سمجھایا تھا۔ فکر اقبال ہی نے برصغیر کے غلام پرستارانِ توحید کو ایک الگ آزاد وطن کی بشارت دی تھی۔ حضرت علامہ اقبالؒ کے حیات وافکار سے متعلق ایسے پہلو کیسے نظر انداز ہوسکتے ہیں، مگر روزگار فقیر میں انہیں نظر انداز کرنے کا گمان گزرتا ہے، جہاں تک فیض احمد فیض کے آفتاب علم وادب اور اپنے مخصوص نظریات میں ایک یکتا مقام کے حامل مقام پر سرفراز ہونے کا تعلق ہے وہ اپنی جگہ ایک مسلمہ حقیقت ہے مگر جہاں تک علامہ اقبالؒ کے ان کے نظریات کا تعلق ہے بلاشبہ وہ ایک متوازی خطوط کی حیثیت رکھتے ہیں، تبھی تو جب یہ معلوم ہوا تھا کہ علامہ اقبالؒ کے فکری افکار وتشریحات سے عبارت دستاویزی فلم کی تدوین وترتیب کا بیڑہ فیض احمد فیض اٹھا چکے ہیں۔ علامہ اقبالؒ کے فکری افکار سے شناسائی رکھنے والوں کا یہ خدشہ غلط نہ تھا کہ...... ساقی نے کچھ ملا نہ دیا ہو شراب میں، چنانچہ پھر فلم میں اس کی نشاندہی بھی ہوئی اور پھر اس حوالے سے میری تحریر طعن وتشنیع کا نشانہ بھی بنی، کیونکہ میری ''کج فہمی'' کو ایسے ''روشن دماغ'' کب برداشت کرتے جو مشرق کی سرخی زائل ہونے تک سرخ پرچم کی اڑانوں کے ترانے لگاتے رہے۔ راقم الحروف نے اس وقت بھی ببانگ دہل لکھا کہ روزگار فقیر کو ''خاکہ نویس'' کو کلام اقبال میں اپنے نظریات کے پرچار کے لئے اشتراکی ممالک کے انقلابات تو سمجھ میں آگئے لیکن اقبال نے کرہ ارض پر بکھرے ہوئے پرستانِ توحید کو ایک ہوئے اس طرح جو احساس دلایا تھا اسے سرے ہی سے نظر انداز کردیا کہ

بتانِ رنگ وبو کو توڑ کر ملت میں گم ہوجا
نہ تورانی رہے باقی نہ ایرانی نہ افغانی

فلم کے تدوین کار نے علامہ اقبالؒ کو ایک محدود خطہ زمین کا شاعر ظاہر کرنے کی کوشش کی فلم میں علامہ اقبالؒ کے نظریہ عالم اسلام کے اتحاد، عشق سرور کائنات سے سرشار ہونے کا اشارہ تک نہیں۔ اس سے متعلق کلام اقبال سے مطابقت رکھنے والے اشعار کے مطابق مناظر فلمائے جاتے تو یقیناً اس دستاویزی فلم کے مقاصد بہت حد تک حاصل ہونے میں مدد ملتی خالصتاً اپنی وحدت المسلمین کی بنیادی سوچ وفکر ونظریات پر مبنی جذبات کے اظہار کے لئے والہانہ انداز میں پکارتے ہیں

''نگاہ ہے یارسول اللہ نگاہ ہے''

خدا معلوم فلم کے خاکہ نگار کی علامہ کے اس افکار پر نگاہیں کیوں نہ ٹکیں اپنی اسی فکری بنیاد پر مفکر اسلام اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہوئے ہیں،

جوانوں کو مری آہِ سحر دے
پھر ان شاہین بچوں کو بال وپر دے
خدایا آرزو میری یہی ہے!
مرا نورِ بصیرت عام کردے

ستم بالائے ستم یہ بات کہ روزگار فقیر 1938ء تک ہے، حالانکہ علامہ اقبالؒ نے جس ملک کے حصول کی بشارت دی تھی، تصور پیش کیا تھا اس کی عملی تعبیر اور اس کے لئے صبر آزما جدوجہد کی جھلکیاں فلم کے لئے لازمی حصہ کی حیثیت ہونا چاہئے تھیں۔ علامہ اقبالؒ ہی کی زندگی میں حضرت قائداعظمؒ نے اسلامیانِ ہند کی قیادت سنبھالی تو علامہ اقبالؒ پکار اٹھے تھے ع

کوئی اندازہ کرسکتا ہے اس کے زورِ بازو کا
نگاہِ مردِ مومن سے بدل جاتی ہیں تقدیریں

اس دستاویزی فلم کو دیکھ کر یوں محسوس ہوا، کہ فلم کی ترتیب میں اس بات کا خاص خیال رکھا گیا کہ اس میں وہ پہلو نہ آنے پائیں جو اس ملک میں اقبال سے محبت وعقیدت کی اصل بنیاد ہیں۔ فلم میں 1940ء کی قراردادِ پاکستان سے لیکر قیام پاکستان تک کے مناظر شامل ہوتے کہ علامہ اقبالؒ کے تصورِ وطن کے حصول کی خاطر کتنی عظیم جان توڑ جدوجہد کی گئی تھی اگرچہ ''روزگار فقیر'' ایک اچھی کوشش تھی لیکن ترقی پسند ذہن کا شکار ہوگئی۔

☆☆☆☆

غریبوں کے لئے علاج ایک خواب

تحریر۔نسیم شاہد

وزراء، بیوروکریٹ اور عوامی نمائندے گاہے بہ گاہے سرکاری ہسپتالوں کا دورہ کرتے نظر آتے ہیں مگر یہ دورہ برائے دورہ ہوتا ہے۔ اس کا ہسپتالوں کی بہتری کے لئے رتی بھر اثر نہیں ہوگا۔ یہ اسی طرح ہے کہ آپ ایک چھوٹی چادر کو بڑی جگہ پر پورا کرنے کی کوشش کریں۔ ہسپتالوں میں طبی عملے کی کمی ہے۔ یہ بھی جانتے ہیں، ہزاروں ڈاکٹرز فارغ پھر رہے ہیں، انہیں جاب نہیں مل رہی، ہسپتالوں میں گنجائش کم ہے، بڑھائی نہیں جارہی بلکہ کمی کا رجحان ہے، صحت کے بجٹ میں جس قدر اضافہ کیا جانا چاہئے، آبادی بڑھ رہی ہے تو لازماً صحت وعلاج کی سہولتوں میں اضافہ بھی ضروری ہے مگر نہیں کیا جارہا۔ مفت ادویات فراہم کرنے کا کہنا بھی ایک بہت بڑا ڈرامہ ہے۔ اس کا فائدہ نہیں نقصان ہورہا ہے، پابندی یہ لگادی گئی ہے کہ کسی مریض کے لئے دوائی باہر سے نہیں آئے گی جبکہ المیہ یہ ہے کہ ہسپتالوں میں جان بچانے والی ادویات ہی موجود نہیں۔ ڈاکٹر خوفزدہ ہیں باہر سے میڈیسن منگوائی تو شکایت پر معطل ہوجائیں گے۔ یوں مریضوں کا کوئی پرسانِ حال نہیں ہوتا۔ میرے دوست ڈاکٹر بتاتے ہیں کہ سامنے مریض دوائی کے لئے تڑپ رہا ہوتا ہے۔ ہسپتال کے سٹور میں ڈیمانڈ بھجواتے ہیں تو وہاں موجود نہیں ہوتی، مریض کے ورثاء دہائی دے رہے ہوتے ہیں خدا کے لئے دوائی لکھ دیں ہم باہر سے لے آتے ہیں، مگر ڈاکٹروں کے ہاتھ بندھے ہیں انہیں نوکری جانے کا خوف رہتا ہے، اسی طرح حکومت کی ایک غلط پالیسی کی وجہ سے جانیں ضائع ہوجاتی ہیں جو بھی ہسپتال کے وزٹ پر آتا ہے ایک ہی سوال پوچھتا ہے دوائی ہسپتال سے مل رہی ہے؟ باہر سے تو نہیں منگوائی جاتی، مگر وہ ڈاکٹروں کے ہمراہ ہسپتال کے سٹور میں جاکر یہ چیک نہیں کرتا کہ معمولی ادویات کے علاوہ وہاں جان بچانے والی ادویات موجود بھی ہیں یا نہیں؟ آپ کسی بھی دن پنجاب کارڈیالوجی انسٹیٹیوٹ لاہور یا کارڈیالوجی ہسپتال ملتان چلے جائیں، آؤٹ ڈور وارڈ میں آپ کو ایسے لگے گا انسانوں کا سمندر موجود ہے۔ یہی حال دیگر بڑے ہسپتالوں کا ہے ٹوکن حاصل کرنا ہی ایک بڑی کامیابی ہوتی ہے آگے کے مراحل تو اور بھی دشوار ہیں۔ اس سسٹم میں کہیں نہ کہیں خرابی موجود ہے، جب تک اسے دور نہیں کیا جاتا بڑے ہسپتالوں پر انسانوں کا ٹڈی دل لشکر موجود رہے گا۔ پنجاب میں تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال بھی ہیں اور ڈسٹرکٹ سرکاری ہسپتال بھی، عمارتیں بھی، خاصی بڑی ہیں مگر حیران کن حد تک ہسپتال کرپشن اور نااہلی کی نذر ہوچکے ہیں۔ اول تو حکومت اور محکمہ صحت بھی انہیں صرف شو شا کے لئے استعمال کرتا ہے۔ یہاں ادویات اور جدید مشینری فراہم کی جاتی ہے اور طبی عملہ ضرورت کے مطابق تعینات کیا جاتا ہے، ان ہسپتالوں کے ایم ایس زیادہ تر مال بنانے میں لگے رہتے ہیں اگر تحصیل اور ضلع کی سطح پر یہ ہسپتال پوری طرح فعال ہوجائیں، ان میں علاج معالجے کی سہولتیں ملنے لگیں تو بڑے شہروں کے ہسپتالوں پر مریضوں کا دباؤ کم ہوجائے۔ یہ درست ہے کہ کارڈیالوجی ہسپتال ہر جگہ نہیں بنائے جاسکتے تاہم جو 99 فیصد دیگر بیماریاں ہیں اُن کا علاج تو ان ہسپتالوں میں اعلیٰ معیار کا ہونا چاہئے۔ اکثر شکایات ہی ہسپتالوں کے بارے میں آتی ہیں۔ کبھی کوئی بھولا بھٹکا وزیر یا افسر ایسے ہسپتالوں میں چکر لگا لیتا ہے وگرنہ ان میں تعینات ڈاکٹر اور طبی عملہ اکثر دستیاب بھی نہیں ہوتا۔ یہ کہنا بھی دس فیصد درست نہیں کہ سرکاری ہسپتالوں میں صحت اور علاج معالجے کی سہولتوں کا فقدان سراسر حکومت کی وجہ سے ہے۔ اس میں ڈاکٹروں اور طبی عملے کا کردار بھی برابر کا ہے۔ ہسپتال چاہے بڑے شہروں کے ہوں یا چھوٹے شہروں کے اُن میں تعینات سرکاری ڈاکٹر ان ہسپتالوں کو مریضوں کے شکار کی جگہ سمجھتے ہیں۔ سینئر ڈاکٹر سرکاری ہسپتالوں میں ہوں بھی تو مریضوں کو دستیاب نہیں ہوتے۔ ان سے مشورہ کرنے کے لئے کسی پرائیویٹ ہسپتال یا کلینک ہی جانا پڑتا ہے۔ چندروز پہلے استحقاق کمیٹی میں ایم پی اے واصف مظہر راں کی ایک شکایت کا بڑا چرچا رہا۔ انہوں نے تحریک استحقاق پیش کی تھی کہ ملتان کارڈیالوجی ہسپتال میں انہوں نے ایک مریض کو بھیجا تو اُسے کئی ماہ بعد کا وقت دیا گیا جبکہ اُسے بائی پاس آپریشن کی فوری ضرورت تھی، ساتھ ہی اُس مریض کو یہ بھی کہا گیا کہ وہ اگر جلد کرانا چاہتا ہے تو پرائیویٹ مریض کے طور پر فوری کرا سکتا ہے۔ ان کا سوال یہ تھا ایک سرکاری ہسپتال کا ڈاکٹر ایسا کیسے کرسکتا ہے۔ اب ایسے کئی واقعات آئے روز سامنے آئے ہیں۔ کڈنی سنٹر ملتان گردے کے امراض کی ایک بڑی سرکاری علاج گاہ ہے، وہاں بھی آپ مریض کو لے جائیں گے تو لمبی تاریخ دی جائے گی، مگر اسی ہسپتال کا سربراہ یہ آپشن بھی دے گا کہ اگر آپ جلد آپریشن کرانا چاہتے ہیں تو شہر کے فلاں ہسپتال میں آجائیں، اگلے دن ہوجائے گا اب سوال یہ ہے اگر یہ ڈاکٹر وہاں نہ ہوں تو ان کی پریکٹس کیسے چلے گی، پھر مفادات کے اس ٹکراؤ کی موجودگی میں وہ کیسے دیانتداری سے اپنے فرائض ادا کرسکتے ہیں۔ غربت اتنی ہے کہ اسی فیصد لوگ پرائیویٹ علاج کے اخراجات برداشت نہیں کرسکتے جہاں ایک ڈاکٹر کی معائنہ فیس ہی تین سے پانچ ہزار ہو، وہاں عام آدمی ٹیسٹوں، ادویات کے اخراجات کیسے برداشت کرسکتا ہے جہاں تک سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کو مہیا کی جانے والی سہولیات کا تعلق ہے تو کئی مسائل کے باوجود وہ بہترین سروسز ڈاکٹر فراہم کررہے ہیں لیکن جیسا کہ پہلے کہا ہے ڈاکٹروں اور نرسنگ سٹاف کی بہت کمی ہے۔ خاص طور پر رات کے وقت عملہ بہت کم ہوتا ہے اور مریضوں نیز لواحقین کو سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ایک ایسے ملک میں جہاں غربت کی شرح خوفناک حد تک بڑھ چکی ہے اور خط غربت سے نیچے زندگی گزارنے والے 50 فیصد تک پہنچ گئے ہیں وہاں سرکار اگر علاج معالجے کی سہولتوں سے بھی ہاتھ اٹھالے تو یہ ظلم ہی نہیں بلکہ سفاکی ہوگی۔ اشرافیہ کو تو اس شعبے میں بھی کسی دشواری کا سامنا نہیں وہ ملک کے اچھے اور جدید ہسپتالوں میں علاج کراسکتے ہیں چاہیں تو سرکاری خرچ پر باہر بھی جاسکتے ہیں۔

☆☆☆☆

حیدرآباد سکھر موٹروے، ایک انقلابی منصوبہ

تحریر۔عبدالقیوم راجپوت

حیدرآباد۔ سکھر موٹروے ایم 6 حکومت سندھ کا انقلابی قدم جس کی تعمیر نومبر 2026 میں شروع ہوگی، 306 کلومیٹر منصوبہ اندازے کے مطابق 359 ارب روپے کی لاگت سے 5 حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے، پی سی 1- میں لاگت 364 ارب روپے مقرر کی گئی ہے، منصوبے کے مالی تعاون کے لیے اسلامی ترقیاتی بینک کی جانب سے چوتھے اور پانچویں حصے کے لیے 475 ملین ڈالر، اوپیک فنڈ کی جانب سے تیسرے حصے کے لیے 230 ملین ڈالر فراہم کیے جائیں گے۔

حیدرآباد۔ سکھر موٹروے ایم 6 کی تعمیر کے بارے میں طویل انتظار کے بعد اہم پیش رفت سامنے آئی ہے، نیشنل ہائی وے اتھارٹی، این ایچ اے نے قومی اسمبلی کی اسٹینڈنگ کمیٹی کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا ہے کہ 306 کلومیٹر طویل ایم 6 موٹروے کا تعمیراتی کام نومبر 2026 میں شروع کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ ایم 6 موٹروے پاکستان کے شمال اور جنوب کو ملانے والے موٹروے نیٹ ورک کا اہم حصہ ہے، جو حیدرآباد کو سکھر سے ملاتے ہوئے ایم 6 کراچی۔ حیدرآباد اور ایم 5 ملتان۔ سکھر موٹرویز کو مکمل طور پر آپس میں ملائے گا، 359 ارب روپے کا منصوبہ 5 حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ حیدرآباد، سکھر موٹروے کی مجموعی تخمینی لاگت 359 ارب روپے بتائی گئی ہے، جبکہ منصوبے کو تعمیر اور انتظامی سہولت کے لیے پانچ مختلف حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

پہلے سیکشن میں حیدرآباد سے ٹنڈو آدم تک 57 کلومیٹر، تخمینی لاگت 81 ارب روپے، سیکشن دوسرے میں ٹنڈو آدم سے نوابشاہ تک 63 کلومیٹر تخمینی لاگت 70 ارب روپے، سیکشن تیسرے میں نوابشاہ سے نوشہرو فیروز تک 65 کلومیٹر، تخمینی لاگت 69 ارب روپے، سیکشن چوتھے میں نوشہرو فیروز سے رانی پور تک 61 کلومیٹر، تخمینی لاگت 68 ارب روپے، سیکشن پانچ میں رانی پور سے سکھر تک 60 کلومیٹر، تخمینی لاگت 71 ارب روپے مختص کی گئی ہے۔ منصوبے کے پہلے اور دوسرے سیکشن کو پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ، پی پی پی ماڈل کے تحت مکمل کرنے کی تجویز دی گئی ہے، جبکہ باقی سیکشنز کے لیے عالمی مالیاتی اداروں کا مالی تعاون حاصل کیا جارہا ہے، جبکہ بین الاقوامی اداروں سے اربوں ڈالر کی مالی مدد کے لئے ایم 6 منصوبے کے مختلف حصوں کے لیے عالمی مالیاتی اداروں سے مالی تعاون کی منظوری بھی دی گئی ہے، اسلامک ڈویلپمنٹ بینک، آئی ایس ڈی بی نے سیکشن چوتھے اور پانچویں کے لیے 475 ملین ڈالر، جبکہ اوپی ای سی فنڈ نے سیکشن تیسرے کے لیے 230 ملین ڈالر کے قرض کی منظوری دی ہے۔ ذرائع کے مطابق منصوبے کے لیے مطلوبہ زمین حاصل کرنے کا عمل مکمل ہوچکا ہے، جبکہ ترمیم شدہ پی سی ون کی منظوری بھی ECNEC دے چکی ہے، ٹینڈرنگ کا عمل بھی آخری مرحلے میں ہے، ایم 6 کے سیکشن تیسرے اور چوتھے کے لیے موصول ہونے والی بولیوں کی جانچ پڑتال جاری ہے، جبکہ ان کے ٹھیکے نومبر 2026 میں حتمی شکل اختیار کرنے کا امکان ہے، دوسری جانب پی پی پی ماڈل کے تحت سیکشن پہلے اور دوسرے کے لیے ٹینڈر 6 نومبر 2026 کو پیش کیے جانے کا شیڈول مقرر کیا گیا ہے۔

ایم 6 مکمل ہونے سے سفر اور تجارت میں بڑی سہولیات فراہم ہوگی، اور حیدرآباد۔ سکھر موٹروے کو کراچی سے پنجاب اور خیبر پختونخوا تک مسلسل سگنل فری سفر کے لیے انتہائی اہم قرار دیا جارہا ہے، ایم 6 مکمل طور پر فعال ہونے سے کراچی، حیدرآباد، نوابشاہ، سکھر اور ملتان کے درمیان سفر کرنے والے مسافروں کا کئی گھنٹوں کا وقت بچنے کا امکان ہے۔ انفراسٹرکچر کے تجزیہ نگاروں اور اکیوٹی مارکیٹس کے لیے ایم 6۔ موٹروے کی تعمیر سے قومی شاہراہ پر بھاری ٹریفک کا دباؤ کم ہونے اور مال بردار گاڑیوں کے لیے زیادہ محفوظ اور تیز ترین سفری راستہ فراہم ہونے کی امید ہے۔ حیدرآباد سکھر ایم 6 موٹروے کی تعمیر نومبر میں شروع ہونے کے اعلان کو سندھ کے روڈ رابطوں اور ملک کے موٹروے نیٹ ورک کی توسیع کے لیے ایک اہم پیش رفت کے طور پر دیکھا جارہا ہے۔

☆☆☆☆

ہم سب کو رعایت کیوں چاہئے؟

تحریر۔پروفیسر ڈاکٹر محبوب حسین

صبح لاہور کی کسی سڑک پر ایک گاڑی سرخ بتی توڑ کر آگے نکل جاتی ہے، ٹریفک وارڈن اسے روکنے کی کوشش کرتا ہے تو ڈرائیور فوراً موبائل نکالتا ہے، کسی صاحب کو فون ملاتا ہے اور چند لمحوں بعد معاملہ ختم ہوجاتا ہے۔ شام کو یہی شخص دوستوں میں بیٹھ کر بڑے دکھ سے کہتا ہے، ''اس ملک میں قانون نام کی کوئی چیز نہیں۔'' شاید پاکستان کے موجودہ معاشرتی تضاد کو سمجھنے کیلئے اس ایک منظر سے بہتر مثال مشکل ہو۔ ہم قانون چاہتے ہیں، مگر اپنے لئے اس میں استثنا بھی چاہتے ہیں؛ ہم میرٹ کا مطالبہ کرتے ہیں، مگر اپنے کسی عزیز کی باری آئے تو سفارش کو حق سمجھنے لگتے ہیں؛ ہم شفافیت چاہتے ہیں، مگر اپنی سہولت کیلئے بند دروازے کے پیچھے ہونے والا کام ہمیں ناگوار نہیں گزرتا۔ مسئلہ شاید یہ نہیں کہ ہمیں اصول معلوم نہیں، مسئلہ یہ ہے کہ ہم اصولوں کا اطلاق اپنے اوپر اسی شدت سے نہیں چاہتے جس شدت سے دوسروں پر چاہتے ہیں۔

یہ تضاد ہماری قومی زندگی کے تقریباً ہر شعبے میں دکھائی دیتا ہے۔ کسی سرکاری دفتر میں لمبی قطار لگی ہو تو ہم اس شخص کو برا بھلا کہتے ہیں جو قطار توڑ کر اندر چلا جائے، لیکن اگر ہمارا کوئی جاننے والا اندر بیٹھا ہو تو ہم اسے فون کرکے کہتے ہیں، ''بس ذرا دیکھ لیجیے گا، بہت ضروری کام ہے۔'' ہم سفارش کو اصولاً غلط کہتے ہیں، لیکن اپنی سفارش کو ''ریفرنس'' کا مہذب نام دے دیتے ہیں۔ دوسرے کا تعلق اقربا پروری ہے، ہمارا تعلق صرف ''مدد'' ہے۔ دوسرے کی غلطی بدعنوانی ہے، ہماری غلطی مجبوری ہے۔ دوسرے کا قانون توڑنا قومی بگاڑ ہے۔ یہیں سے ایک بنیادی سوال پیدا ہوتا ہے، کیا ہم واقعی ایک بہتر ریاست چاہتے ہیں یا صرف ایسی ریاست چاہتے ہیں جو ہمارے لئے بہتر ہو؟ یہ سوال تلخ ضرور ہے، مگر شاید اسی کا جواب ہماری اجتماعی اصلاح کا آغاز بن سکتا ہے، کیونکہ ریاست معاشرے سے الگ کوئی جزیرہ نہیں۔ پولیس، عدالت، بیوروکریسی، یونیورسٹی، پارلیمنٹ، ہسپتال اور دوسرے اداروں میں کام کرنے والے لوگ اسی معاشرے سے آتے ہیں۔ اگر معاشرے میں سفارش کو قابل قبول راستہ سمجھا جائے، اگر تعلق قابلیت پر فوقیت پاجائے، اگر قانون کو طاقتور کیلئے لچک دار اور کمزور کیلئے سخت تصور کیا جائے تو ریاستی ادارے بھی ان رویوں سے مکمل طور پر محفوظ نہیں رہ سکتے۔ ہم اکثر ریاستی اداروں کی کمزوری پر حیران ہوتے ہیں، مگر یہ کم ہی سوچتے ہیں کہ ان اداروں میں آنے والے افراد آخر کس معاشرتی تربیت سے گزر کر آئے ہیں۔

ہم اپنے بچوں کو کامیاب ہونے کے طریقے تو بتاتے ہیں، مگر کامیابی کی اخلاقی حدود کم ہی سمجھاتے ہیں۔ انہیں یہ سکھایا جاتا ہے کہ اچھے نمبر لاؤ، اچھی ملازمت حاصل کرو، آگے بڑھو، لیکن یہ سوال کم پوچھا جاتا ہے کہ آگے بڑھتے ہوئے کس کو پیچھے چھوڑ رہے ہو اور کس قیمت پر؟ اگر بچہ یہ دیکھے کہ گھر میں سفارش سے کام نکلوانا کامیابی ہے، امتحان میں نقل ''چالاکی'' ہے، قانون سے بچ نکلنا ''سمارٹنس'' ہے اور تعلقات کے ذریعے میرٹ کو پیچھے کرنا ''دنیا داری'' ہے تو پھر ہم اس سے عملی زندگی میں اصول پسندی کی توقع کیسے کرسکتے ہیں؟ یہی وجہ ہے کہ معاشرتی اصلاح محض اخلاقی نصیحت نہیں بلکہ قومی ضرورت ہے۔ ریاست قوانین بناسکتی ہے، مگر ہر شہری کے ضمیر پر پولیس تعینات نہیں کرسکتی۔ حکومت سوشل میڈیا پر ہر جھوٹی خبر کے پیچھے نہیں جاسکتی۔ یونیورسٹی ہر طالب علم کے ساتھ میں کھڑے ہوکر نقل نہیں روک سکتی۔ ٹریفک پولیس ہر چوک پر ہر گاڑی کو نہیں روک سکتی۔ کسی معاشرے کی اصل طاقت اس وقت سامنے آتی ہے جب شہری درست کام اس وقت بھی کریں جب انہیں کوئی دیکھنے والا نہ ہو۔

سوشل میڈیا نے اس مسئلے کو ایک نئی جہت بھی دے دی ہے۔ آج ہم کسی خبر کو اسلئے آگے بڑھا دیتے ہیں کہ وہ ہمارے موقف کے حق میں ہے۔ اگر خبر ہمارے مخالف کو نقصان پہنچاتی ہو تو ہمیں تصدیق کی ضرورت محسوس نہیں ہوتی؛ اگر یہی خبر ہمارے خلاف ہو تو ہم اسے جھوٹ اور پروپیگنڈا قرار دیتے ہیں، یعنی سچ بھی کبھی کبھی ہماری پسند کا محتاج ہو جاتا ہے۔ یہ صرف معلومات کا مسئلہ نہیں، شہری کردار کا مسئلہ ہے۔ آزادی اظہار کا مطلب یہ نہیں کہ دوسروں کی عزت اور سچائی کی ذمہ داری ختم ہوگئی۔ ہمیں اپنے

(باقی صفحہ 6 پر بقیہ نمبر 36)

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆صوبائی وزیر صنعت وحرفت سردار کوھیار خان ڈومکی سے انکے دفترمیں مختلف وفودملاقات کررھے ھیں☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

خضدار شہر میں چائے کا کاروبار بھی معاشی سرگرمیوں کا ایک اہم حصہ بن چکا ہے

130 چھوٹے بڑے ہوٹلوں میں روزانہ ہزاروں کپ چائے فروخت ہونے کا اندازہ لگایا جارہا ہے

خضدار (آن لائن) خضدار شہر میں چائے کا کاروبار بھی معاشی سرگرمیوں کا ایک اہم حصہ بن چکا ہے۔ زیرو پوائنٹ سے لے کر سی تک تقریبا 130 چھوٹے بڑے ہوٹلوں میں روزانہ ہزاروں کپ چائے فروخت ہونے کا اندازہ لگایا جارہا ہے۔ ایک محتاط اندازے کے مطابق اگر ہر ہوٹل میں روزانہ اوسطا 40 کلو دودھ چائے بنانے کے لیے استعمال ہوتا ہے تو ان 130 ہوٹلوں میں مجموعی طور پر 5 ہزار 200 کلو دودھ روزانہ صرف چائے کی تیاری میں استعمال ہوتا ہے، جبکہ ماہانہ یہ مقدار ایک لاکھ 56 ہزار کلو اور سالانہ تقریبا 19 لاکھ کلو تک پہنچ جاتی ہے۔ اگر ایک کپ چائے میں اوسطا 100 ملی لیٹر دودھ استعمال ہونے کا حساب لگایا جائے تو ان ہوٹلوں میں روزانہ تقریبا 52 ہزار کپ چائے تیار ہونے کا تخمینہ بنتا ہے۔ اسی حساب سے روزانہ تقریبا 520 کلو چینی اور 104 کلو چائے کی پتی استعمال ہونے کا اندازہ ہے۔ اگر ایک کپ چائے کی اوسط قیمت 60 روپے فرض کی جائے تو ان ہوٹلوں میں صرف چائے کی روزانہ مجموعی فروخت تقریبا 31 لاکھ 20 ہزار روپے، ماہانہ 9 کروڑ 36 لاکھ روپے اور سالانہ ایک ارب 13 کروڑ 88 لاکھ روپے تک پہنچ سکتی ہے۔ یہ اعداد وشمار صرف چائے کی ممکنہ فروخت کے ہیں، جن میں ہوٹلوں پر فروخت ہونے والی روٹی، پراٹھے، انڈے، سالن، کھانے پینے کی دیگر اشیا اور مشروبات کی آمدنی شامل نہیں۔ اسی طرح یہ رقم ہوٹل مالکان کا خالص منافع بھی نہیں، کیونکہ اس میں دودھ، چینی، چائے کی پتی، گیس، بجلی، پانی، دکانوں کے کرایے، ملازمین کی تنخواہوں اور دیگر اخراجات شامل ہیں، جنہیں منہا کرنے کے بعد ہی اصل منافع کا تعین کیا جاسکتا ہے دلچسپ بات یہ ہے کہ یہ تخمینہ صرف زیرو پوائنٹ سے سی تک کے 130 ہوٹلوں کا ہے، جبکہ شہر کے دیگر علاقوں، گھروں، دفاتر، دکانوں اور مختلف کاروباری مراکز میں روزانہ استعمال ہونے والی چائے اس حساب میں شامل نہیں۔ چائے کے اس کاروبار سے ہوٹل مالکان کے علاوہ دودھ فراہم کرنے والے، چینی اور چائے کی پتی کے تاجر، مزدور اور دیگر کئی افراد کا روزگار بھی وابستہ ہے۔ تاہم ہوٹلوں کی اصل تعداد، روزانہ دودھ کی کھپت، چائے کی فروخت اور قیمتوں سے متعلق باقاعدہ سروے موجود نہ ہونے کے باعث ان اعداد وشمار کو حتمی نہیں کہا جاسکتا۔ یہ تخمینہ فی ہوٹل روزانہ 40 کلو دودھ کے استعمال اور فی کپ 60 روپے کی فرضی قیمت کی بنیاد پر تیار کیا گیا ہے۔ اگر متعلقہ ادارے یا تاجر تنظیمیں اس کاروبار کا باقاعدہ جائزہ لیں تو خضدار میں چائے کی حقیقی کھپت، اس سے وابستہ روزگار اور روزانہ ہونے والی مالی سرگرمیوں کی مزید واضح تصویر سامنے آسکتی ہے۔

گولڈ کپ فٹ بال ٹورنامنٹ کے کامیاب انعقاد پر مبارکباد

حکومت کھیلوں کے مواقعوں کی فراہمی کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لارہی ہے، خان محمد

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنما حاجی خان محمد بڑیچ، میر ثناء اللہ جتک، اختر بلوچ، پیپلز لیبر بیورو کے صدر شاہجہان گجر نے آل پاکستان وزیراعلیٰ بلوچستان گولڈ کپ فٹ بال ٹورنامنٹ کے کامیاب انعقاد پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، مشیر کھیل مینا مجید اور سیکرٹری سپورٹس درا بلوچ کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ کی قیادت میں مخلوط صوبائی حکومت نوجوانوں کو کھیلوں کے بہتر مواقعوں کی فراہمی کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لارہی ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے کھلاڑیوں میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں ہے وزیراعلیٰ بلوچستان اور صوبائی حکومت نوجوانوں کو کھیلوں کے بہترین مواقعوں کی فراہمی کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لارہی ہے آل پاکستان وزیراعلیٰ بلوچستان گولڈ کپ فٹ بال ٹورنامنٹ اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گولڈ کپ میں ملک بھر سے ٹیموں نے بھرپور شرکت کی جس سے بلوچستان کے نوجوانوں کو کھیلوں کے بہترین مقابلے دیکھنے کو ملے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ کی خصوصی ہدایت پر محکمہ کھیل بلوچستان صوبے کے دوردراز علاقوں میں نوجوانوں کو صحت مند سرگرمیوں کے مواقعوں کی فراہمی کو یقینی بنارہا ہے تاکہ نوجوان کو اپنی صلاحیتیں منوانے کے مواقع میسر آسکیں۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ میں آل پاکستان وزیراعلیٰ بلوچستان گولڈ کپ فٹ بال ٹورنامنٹ کے کامیاب انعقاد سے یہ ملک بھر میں یہ پیغام گیا ہے کہ بلوچستان کے عوام کھیلوں سے بے حد پیار کرتے ہیں۔ انہوں نے آل پاکستان وزیراعلیٰ بلوچستان گولڈ کپ فٹ بال ٹورنامنٹ کے کامیاب انعقاد پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ آئندہ بھی اس قسم کے مقابلوں کے انعقاد کو یقینی بنائیں گے۔

کیچ، یوم نجات کے سلسلے میں کار ریلی نکالی گئی

تربت (خ ن) ضلع کیچ میں یوم نجات کے سلسلے میں عوامی حلقوں اور سول سوسائٹی کے نمائندوں کی جانب سے کار ریلی نکالی گئی۔ ریلی میں عوامی حلقوں، سول سوسائٹی کے نمائندگان کے علاوہ کاروباری افراد اور مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ ریلی کے شرکاء نے خیبر پختونخوا میں گورنر راج کے نفاذ کے حوالے سے بھی یکجہتی کا اظہار کیا۔ اس موقع پر شرکاء نے یوم نجات کی مناسبت سے اپنی شرکت کے ذریعے باہمی ہم آہنگی اور اجتماعی یکجہتی کا پیغام دیا۔ کار ریلی میں عوامی حلقوں اور سول سوسائٹی کے نمائندوں کی شرکت نے اس سرگرمی کو نمایاں بنایا۔

☆☆☆☆ کچلاک کے رہائشی محمد نسیم پریس کانفرنس کررہے ہیں ☆☆☆☆

مؤثر پولیسنگ کے لیے تمام افسران کو ساتھ لیکر چلیں گے، معروف عثمان

عوام کی خدمت، جان و مال کا تحفظ اور قانون کی بالادستی یقینی بنانا ہے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ایس ایس پی جعفرآباد معروف عثمان نے بطور قائم مقام ایس ایس پی نصیرآباد چارج سنبھال کر فرائض کی انجام دہی شروع کردی۔ اس سلسلے میں آج بروز اتوار ایس ایس پی آفس نصیرآباد میں تمام ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز اور اسٹاف کے ساتھ تعارفی اجلاس منعقد کیا، جس میں انہوں نے افسران سے فرداً فرداً تعارف حاصل کرتے ہوئے امن وامان، جرائم کی روک تھام اور پولیس کارکردگی بہتر بنانے کے حوالے سے ہدایات جاری کیں۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے قائم مقام ایس ایس پی نصیرآباد معروف عثمان نے کہا کہ پولیس کا بنیادی فرض عوام کی خدمت، جان و مال کا تحفظ اور قانون کی بالادستی یقینی بنانا ہے۔ تمام افسران عوام کے ساتھ خوش اخلاقی اور احترام سے پیش آئیں اور ان کی جائز شکایات کا فوری ازالہ کریں۔ انہوں نے ٹیم ورک، اچھی کارکردگی پر افسران کی حوصلہ افزائی اور فرائض میں غفلت، لاپرواہی، بدعنوانی، اختیارات کے ناجائز استعمال اور غیر قانونی اقدامات پر سخت محکمانہ کارروائی کی ہدایت کی۔ انہوں نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مؤثر کارروائیاں، ملزمان کی گرفتاری اور عوام کے تحفظ کو پولیس کی اولین ترجیح قرار دیا۔ گزشتہ رات تاجر کے گھر ڈکیتی اور پولیس ملازم سے اسلحہ چھیننے کے واقعات کا نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ افسران کو ملزمان کی فوری گرفتاری، لوٹی گئی اشیاء اور چھینے گئے اسلحے کی برآمدگی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لانے کی ہدایت کی، جبکہ غفلت کے مرتکب پولیس آفیسران اور ملازمان کے خلاف محکمانہ کارروائی کے احکامات بھی جاری کیے۔ آخر میں انہوں نے تمام ایس ایچ اوز کو ہدایت کی کہ اپنے علاقوں میں امن وامان برقرار رکھنے، جرائم کی روک تھام، جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی، مؤثر پیٹرولنگ اور عوام کے جان ومال کے تحفظ کے لیے تمام صلاحیتیں بروئے کار لائیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوامی خدمت، قانون کی عملداری اور مؤثر پولیسنگ کے لیے تمام افسران کو ساتھ لیکر چلیں گے۔

پیپلز پارٹی کے نومنتخب عہدیداروں کی سردار محمد عمر گورگیج سے اہم ملاقات

جیالے اور نظریاتی کارکنان پارٹی کا اصل اثاثہ ہیں، ملاقات میں گفتگو

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر سینیٹر سردار محمد عمر گورگیج سے پارٹی کے نومنتخب عہدیداروں صوبائی نائب صدر درمحمد ہزارہ، صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری ملک زیشان حسین، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات حیات خان اچکزئی، اور رابطہ سیکرٹری احسان خلجی نے ملاقات کی اس موقع پر پارٹی کے سینئر رہنما وزیراعلیٰ بلوچستان کے فوکل پرسن سید اقبال شاہ، مرکزی رہنما سردار سربلند خان جوگیزئی، رکن بلوچستان اسمبلی و پارلیمانی سیکرٹری آئی ٹی صمد خان گورگیج بھی موجود تھے۔ نومنتخب عہدیداروں نے پارٹی کی اعلیٰ قیادت بالخصوص صوبائی صدر سینیٹر سردار محمد عمر گورگیج کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے ان پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے اہم ذمہ داریاں سونپیں۔ اس موقع پر پارٹی کے سینئر رہنماؤں ثناء اللہ جتک، اختر بلوچ، شاہجہاں گجر، شہزادہ خان کاکڑ، ندیم احمد خان، غلام جان حسن زئی، جبار خلجی، اسد گجر، بشیر لانگو، قیصر بلوچ، اکرم گل، امین جاگل، میر خالد جمالی، مٹھا خان عمرانی، بابو لاشاری، شبیر مگسی اور دیگر نے نومنتخب عہدیداروں کو مبارکباد دی اور امید ظاہر کی کہ نئی ٹیم بلوچستان میں پارٹی کا پیغام گھر گھر پہنچانے میں اہم کردار ادا کرے گی۔ سینئر رہنماؤں نے صوبے میں ایک فعال اور بہترین کابینہ کی تشکیل پر صوبائی صدر سینیٹر سردار محمد عمر گورگیج کی حکمت عملی اور قیادت کو بھی زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر نومنتخب عہدیداروں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ صوبائی صدر، جنرل سیکرٹری، سیکرٹری اطلاعات، سینیئر نائب صدر و دیگر قیادت کی سربراہی میں بلوچستان میں پارٹی کو گراس روٹ لیول پر فعال اور متحرک کرنے کے لیے تمام تر صلاحیتیں کارآمد لائی جائیں گی۔ عہدیداروں نے کہا کہ جیالے اور نظریاتی کارکنان پارٹی کا اصل اثاثہ ہیں۔ بلوچستان کے تمام اضلاع میں کارکنان کے ساتھ رابطوں کی مہم کو تیز کیا جائے گا اور ان کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا۔

مینا مجید بلوچ کا تربیتی طیارے کے حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

کوئٹہ (خ ن) کوئٹہ: صوبائی مشیر برائے کھیل وامور نوجوانان محترمہ مینا مجید بلوچ نے کوئٹہ میں پاک فوج کے تربیتی طیارے کے حادثے میں میجر حسنین شہزاد ہمایوں اور کیپٹن عبدالصمد کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں محترمہ مینا مجید بلوچ نے کہا کہ فرائض کی ادائیگی کے دوران دو قیمتی جانوں کا ضیاع ایک افسوسناک سانحہ ہے جس پر پوری قوم رنجیدہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ شہداء کے اہل خانہ کے غم میں برابر کی شریک ہیں اور اس کٹھن وقت میں ان کے ساتھ دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتی ہیں۔ صوبائی مشیر نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید پائلٹس کی مغفرت فرمائے۔

ڈیرہ مراد جمالی میں نامعلوم مسلح افراد نقدی، زیورات اور دیگر سامان لوٹ کر فرار

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی میں سب سے بڑی ڈکیتی پولیس کی وردی میں ملبوس افراد نے گھر میں گھس کر اسلحے کے زور پر اہل خانہ کو یرغمال بنا کر 20 لاکھ روپے، تین تولہ سونا چاندی طلائی زیورات گھریلو سامان موٹر سائیکل تین قیمتی ٹچ موبائل فون لوٹ کر فرار ہوگئے واقعے کے بعد شہریوں میں سخت خوف وہراس پھیل گیا پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی سٹی پولیس تھانے کی حدود ڈیرہ مراد جمالی وارڈ نمبر بیس منجھو محلہ میں گزشتہ شب مبینہ طور پر پولیس وردی میں ملبوس اٹھ افراد ٹیلر عبدالغفور ابڑو کے گھر گھس کر اہل خانہ کو اسلحے کے زور پر یرغمالی بنا کر ایک کمرے میں بند کرکے گھر سے بیس لاکھ روپے کیش نقدی تین تولہ سونا چاندی طلائی زیورات تین قیمتی ٹچ موبائل فون موٹر سائیکل ودیگر قیمتی سامان لوٹ کر فرار ہوگئے صبح کو اہل خانہ کی چیخ وپکار پر ہمسایوں نے دیوار گود کو اہل خانہ کو بند کمرے سے آزاد کروایا گیا واقعے کی اطلاع پر پولیس حکام اور نفری موقع پر پہنچ گئی اور واقعے کی تحقیقات شروع کردی گئی جبکہ واقعے سے ڈیرہ مراد جمالی کے عوام میں سخت خوف وہراس پایا جارہا ہے شہریوں نے وزیراعلی اور ائی جی پولیس بلوچستان سے اپیل کی ہے کہ ڈیرہ مراد جمالی میں چوریوں ڈکیتیوں رہزنی اور بدامنی کا نوٹس لیا جائے اور امن وامان کے قیام کے لیے ٹھوس وموثر اقدامات کیے جائیں۔

وفاق کو مضبوط بنانے کے لیے عوام کو ساتھ لے کر چلنا ضروری ہے، صلاح الدین زہری

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما و ڈسٹرکٹ چیئرمین خضدار حاجی صلاح الدین زہری نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یوم نجات خیبر پختونخوا کے عوام کے لیے امن، ترقی اور خوشحال مستقبل کی امید کا دن ہے انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت کی جانب سے تحریک انصاف کی حکومت کے خاتمے کا فیصلہ ایک اہم سیاسی پیش رفت ہے، جس سے صوبے میں بہتر طرز حکمرانی، امن وامان اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے نئی راہیں کھلیں گی۔ ان کا کہنا تھا کہ تحریک انصاف کی حکومت عوام کو روزگار، معیاری تعلیم، بہتر صحت کی سہولیات اور خوشحالی فراہم کرنے میں ناکام رہی، جبکہ عوام گزشتہ کئی برسوں سے بنیادی سہولیات کے منتظر ہیں چیئرمین حاجی صلاح الدین زہری نے کہا کہ وفاق کو مضبوط بنانے کے لیے عوام کو ساتھ لے کر چلنا ضروری ہے، تاہم ان کے بقول تحریک انصاف نے عوام کو سہولیات فراہم کرنے کے بجائے انہیں وفاق کے خلاف اکسانے کی کوشش کی انہوں نے زور دیا کہ عوامی خوشحالی، امن کے قیام اور ترقی کے یکساں مواقع یقینی بنانے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں۔

نیوکلی میں برساتی پانی سے بچاؤ کے لیے پروٹیکشن والز کی تعمیر تیزی سے جاری

کوہلو (آن لائن) بلوچستان کے ضلع کوہستان مری کے سب سے گنجان آباد علاقے نیوکلی میں محکمہ اریگیشن کی جانب سے برساتی پانی کے خطرات سے بچاؤ کے لیے پروٹیکشن والز کی تعمیر کا کام تیزی سے جاری ہے۔ منصوبے کی نگرانی ایگزیکٹو انجینئر محکمہ اریگیشن محمود خان مندوخیل کر رہے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق نیوکلی میں برساتی پانی کی گزرگاہوں کے اطراف پروٹیکشن والز کی تعمیر کا مقصد آبادی کو بارشوں کے دوران ممکنہ سیلابی ریلوں اور پانی سے ہونے والے نقصانات سے محفوظ رکھنا ہے۔ مقامی عوامی وسماجی حلقوں کے مطابق ان حفاظتی دیواروں کی تعمیر سے برساتی پانی کے خطرات میں کمی آنے کی امید ہے، جس سے علاقے کے مکینوں کو تحفظ فراہم ہوگا۔ عوامی وسماجی حلقوں نے منصوبے پر جاری کام کو سراہتے ہوئے کہا کہ نیوکلی جیسے گنجان آباد علاقے میں برساتی پانی سے بچاؤ کے لیے حفاظتی اقدامات انتہائی اہمیت کے حامل ہیں۔ انہوں نے سیکرٹری اریگیشن بلوچستان اور ایگزیکٹو انجینئر محمود خان مندوخیل سے اپیل کی کہ نیوکلی کی طرز پر ضلع کوہستان مری کے دیگر حساس علاقوں میں بھی برساتی پانی کی گزرگاہوں پر پروٹیکشن والز تعمیر کی جائیں تاکہ عوام کی جان ومال کا تحفظ یقینی بنایا جاسکے۔

شہریوں کے جان ومال کا تحفظ ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، یاسر اقبال

اسلام قاسم کے گھر پر فائرنگ کے واقعے سے تاجر برادری میں تشویش پائی جاتی ہے، وفد کی گفتگو

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی سے انجمن تاجران کیچ کے صدر نثار آدم جوسکی کی سربراہی میں تاجروں کے وفد نے ملاقات کی اور آبسر میں انجمن تاجران کیچ کے فنانس سیکرٹری اسلام قاسم کے گھر پر نامعلوم مسلح افراد کی جانب سے فائرنگ کے واقعے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ملوث ملزمان کی فوری گرفتاری کا مطالبہ کیا۔ اس موقع پر وفد نے ڈپٹی کمشنر کیچ کو واقعے کی تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ اسلام قاسم کے گھر پر فائرنگ کے واقعے سے تاجر برادری میں تشویش پائی جاتی ہے انہوں نے مطالبہ کیا کہ واقعے کی مکمل تحقیقات کرکے ذمہ دار عناصر کی نشاندہی کی جائے اور انہیں قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔ ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی نے وفد کو یقین دلایا کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے انہوں نے وفد کو ہدایت کی کہ واقعے کے حوالے سے ایس ایس پی کیچ سے بھی ملاقات کی جائے تاکہ پولیس کے ذریعے واقعے کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لے کر قانون کے مطابق ضروری کارروائی عمل میں لائی جاسکے۔ ڈپٹی کمشنر کیچ نے مزید کہا کہ ضلعی انتظامیہ امن وامان کے قیام اور شہریوں کے تحفظ کے لیے متعلقہ اداروں کے ساتھ رابطے میں ہے اور عوام کے تحفظ سے متعلق شکایات کو سنجیدگی سے لیا جائے گا۔



صوبائی وزیر صنعت وحرفت سردار کوہیار خان ڈومکی اپنے دفتر میں عوام کے مسائل سن رہے ہیں

ڈاکٹر محمد اشرف کے زیر صدارت ڈسٹرکٹ لائیو اسٹاک ڈیپارٹمنٹ حب کا اجلاس

اجلاس میں پروگریس رپورٹ کا جائزہ دیگر امور پر تفصیلی غور کیا گیا، اہم فیصلے کیے گئے

حب (خ ن) ڈسٹرکٹ لائیو اسٹاک آفیسر، حب ڈاکٹر محمد اشرف کے زیر صدارت ڈسٹرکٹ لائیو اسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ حب کے تمام افسران اور اہلکاروں کا ایک اہم اجلاس سول ویٹرنری ہسپتال ساکران حب میں منعقد ہوا۔ اجلاس کا بنیادی مقصد فیلڈ افسران اور عملے کی ڈیلی روٹین سے متعلق ان کی کارکردگی اور پروگریس رپورٹ کا جائزہ لینا تھا اجلاس میں پروگریس رپورٹ کا جائزہ دیگر امور پر تفصیلی غور کیا گیا تمام فیلڈ آفیسرز اور اسٹاف نے اپنی روزمرہ کی ذمہ داریوں اور فیلڈ میں کی جانے والی کارکردگی کی تفصیلی رپورٹس پیش کیں۔ مستقبل کی حکمت عملی (Future Planning): لائیو اسٹاک کے شعبے کو مزید فعال بنانے، کسانوں اور مال مویشی رکھنے والوں کو بہتر طبی اور حفاظتی سہولیات فراہم کرنے کے لیے آئندہ کے لائحہ عمل پر مشاورت کی گئی۔

اوستہ محمد، خیبر پختونخوا کے عوام کو یوم نجات مبارک ہو، میر خالد خان جمالی

اوستا محمد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے رہنما میر خالد خان جمالی نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ خیبر پختونخوا کے عوام کو یوم نجات مبارک ہو۔ خیبر پختونخوا کے عوام کو چاہیے کہ وہ ملک میں امن وامان کے قیام، دہشت گردی کے خاتمے اور ترقی وخوشحالی کے لیے حکومتی اقدامات کا ساتھ دیں، تاکہ صوبے میں پائیدار امن قائم ہو اور عوام کو بنیادی سہولیات میسر آسکیں انہوں نے کہا کہ افغانستان کی سرزمین سے پاکستان میں ہونے والی دہشت گردی کے خاتمے کے لیے مؤثر اقدامات ناگزیر ہیں۔ اس ناسور کے خاتمے کے لیے تمام اداروں اور عوام کو متحد ہو کر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، تاکہ ملک دشمن عناصر کے عزائم کو ناکام بنایا جاسکے میر خالد خان جمالی نے کہا کہ صدر پاکستان آصف علی زرداری، وزیراعظم میاں شہباز شریف اور وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی جانب سے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کا اقدام امن وامان کی صورتحال بہتر بنانے اور دہشت گردی کے خلاف مؤثر حکمت عملی اختیار کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے میر خالد خان جمالی نے کہا کہ پاکستان کی سلامتی، استحکام اور ترقی ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ عوام حکومتی اقدامات میں تعاون کریں تاکہ ملک کو دہشت گردی سے پاک، پرامن اور خوشحال بنایا جاسکے۔

بارکھان، بستی لنجانی میں سول انتظامیہ کی جانب سے کھلی کچہری کا انعقاد

بارکھان (خ ن) بارکھان، عوامی مسائل کے حل اور عوام کو ان کی دہلیز پر ریلیف فراہم کرنے کے لیے گورنمنٹ پرائمری اسکول بستی لنجانی میں سول انتظامیہ کی جانب سے کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری میں لیفٹیننٹ کرنل محمد یونس، 129 ونگ بارکھان، اور اسسٹنٹ کمشنر بارکھان نے شرکت کی اور مقامی لوگوں سے ملاقات کرکے ان کے مسائل اور شکایات براہ راست سنیں۔ اس موقع پر اہل علاقہ کو اپنے مسائل پیش کرنے کا موقع فراہم کیا گیا، جبکہ کھلی کچہری کے انعقاد کا مقصد عوام اور انتظامیہ کے درمیان رابطے کو مزید مؤثر بنانا، مقامی آبادی کو درپیش مشکلات سے آگاہی حاصل کرنا اور مسائل کے حل کے لیے متعلقہ حکام کی توجہ مبذول کرانا تھا۔ اس اقدام سے دور دراز علاقوں کے عوام کو اپنی شکایات متعلقہ حکام تک پہنچانے کا موقع میسر آیا۔

ہسپتال کی او پی ڈی میں 10 ہزار 933 مریضوں کا معائنہ کیا گیا، ڈاکٹر حفیظ بلوچ

ماں اور بچے کی صحت کے تحفظ اور بیماریوں کی بروقت تشخیص کو ترجیح دے رہی ہے

گوادر (خ ن) میڈیکل سپرنٹنڈنٹ میر عبدالغفور کلمتی ٹیچنگ ہسپتال گوادر ڈاکٹر حفیظ بلوچ کے مطابق ستمبر 2026 کے دوران ہسپتال کی او پی ڈی میں 10 ہزار 933 مریضوں کا معائنہ کیا گیا، جبکہ 1,552 مریضوں کو داخل کر کے علاج فراہم کیا گیا۔ اس دوران ایمرجنسی میں 1,228 مریضوں کو طبی امداد دی گئی، لیبارٹری میں 6,404 ٹیسٹ کیے گئے اور ملیریا کی 2,136 اسکریننگ کی گئیں جبکہ 200 الٹراساؤنڈ، 650 ایکسرے اور 50 ڈائیلاسز کیسز رپورٹ ہوئے، جبکہ بلڈ بینک میں 242 کیسز کا اندراج ہوئے ہیں ماہانہ کارکردگی رپورٹ کے مطابق شعبہ چشم میں 531 اور شعبہ امراض نسواں کی او پی ڈی میں 790 مریضوں کا معائنہ کیا گیا۔ زچہ و بچہ کی نگہداشت کے سلسلے میں قبل از ولادت معائنے کے 499 اندراجات، بعد از ولادت نگہداشت کا ایک اندراج اور 38 زچگیوں کی رپورٹ درج کی گئی رپورٹ کے مطابق ہیپاٹائٹس بی کی 562 اور ایچ آئی وی کی 16 اسکریننگز بھی کی گئیں، جبکہ ہیپاٹائٹس سی کے 6 کیسز رپورٹ ہوئے۔ ملیریا اسکریننگ میں 4 پی ایف، 74 پی وی ایک کیس درج کیا گیا میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر حفیظ بلوچ کا کہنا تھا کہ ہسپتال انتظامیہ عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی، ہنگامی طبی خدمات کی بہتری، ماں اور بچے کی صحت کے تحفظ اور بیماریوں کی بروقت تشخیص کو ترجیح دے رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مریضوں کو بہتر علاج معالجے کی سہولیات فراہم کرنا اور صحت عامہ کے معیار کو بہتر بنانا ہسپتال انتظامیہ کی بنیادی ترجیحات میں شامل ہے

عوام کو بہتر طبی و تعلیمی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائیں، احمد زیب کاکڑ

سرکاری امور میں شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے معائنوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی محمد حبیب شجاع کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر لورالائی احمد زیب کاکڑ نے ناصر آباد میں مختلف بنیادی مراکز صحت اور سکولوں کا دورہ کیا دورے کے دوران اسسٹنٹ کمشنر نے صحت اور تعلیم کی سہولیات کا جائزہ لیا اور متعلقہ اداروں میں عملے کی حاضری، عوام کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، صفائی ستھرائی، تعلیمی سرگرمیوں اور طلبہ کو درپیش مسائل سے متعلق صورتحال کا معائنہ کیا اسسٹنٹ کمشنر احمد زیب کاکڑ نے متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ وہ اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے ادا کریں، سرکاری اداروں میں نظم وضبط برقرار رکھیں اور عوام کو بہتر طبی و تعلیمی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ سرکاری اداروں کی کارکردگی بہتر بنانے، عوامی مسائل کے حل اور سرکاری امور میں شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے معائنوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا ضلعی انتظامیہ لورالائی عوام کو بنیادی صحت اور معیاری تعلیم کی سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے۔

قانون کی عمل داری یقینی بنانا ریاست کی اولین ذمہ داری ہے، محمد عبدالقادر

دہشت گردی کے خاتمے کے لیے مربوط، فیصلہ کن اور مستقل حکمت عملی ضروری ہے

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں دہشت گردی کے خاتمے اور پائیدار امن کے قیام کے لیے وفاقی اور صوبائی حکومتوں کو مشترکہ، مربوط اور مستقل حکمت عملی اختیار کرنا ہوگی۔ انٹیلی جنس اداروں، پولیس، سکیورٹی فورسز اور سول انتظامیہ کے درمیان مؤثر رابطہ، سرحدی نگرانی، دہشت گردوں کی مالی معاونت کی روک تھام اور انتہا پسندی کے اسباب کا تدارک اس حکمت عملی کے بنیادی ستون ہونے چاہئیں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ شہریوں کے جان ومال کا تحفظ اور قانون کی عمل داری یقینی بنانا ریاست کی اولین ذمہ داری ہے۔ دہشت گردی کے خلاف اقدامات میں آئین، بنیادی حقوق اور جمہوری اداروں کا احترام یقینی بنایا جائے، جبکہ سیاسی قیادت اور مقامی آبادی کو اعتماد میں لے کر امن کی کوششوں کو مضبوط کیا جائے۔ سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ سیاسی استحکام اور امن کے بغیر پائیدار معاشی ترقی ممکن نہیں۔ کاروباری اعتماد کی بحالی، سرمایہ کاری میں اضافے اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کے لیے ضروری ہے کہ سکیورٹی اقدامات کے ساتھ متاثرہ علاقوں میں تعلیم، صحت، بنیادی سہولتوں اور ترقیاتی منصوبوں پر خصوصی توجہ دی جائے۔

کمشنر سیوی ڈویژن عرفان اللہ خان محکمہ کمیونیکیشن ورکس، فیزیکل پلاننگ ہاؤسنگ کی کارکردگی اور جاری ترقیاتی منصوبون کے حوالے سے بریفنگ لے رہے ہیں

انجینئر عبدالمجید بادینی کی سی او واپڈا بلوچستان مرزا اعزاز بیگ سے ملاقات

ڈیرہ اللہ یار اور ضلع جعفرآباد میں لوڈشیڈنگ کے مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال

کوئٹہ (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی بلوچستان، پارلیمانی سیکرٹری محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی بلوچستان اور رکن صوبائی اسمبلی حلقہ پی بی 16 جعفرآباد انجینئر عبدالمجید بادینی نے سی او واپڈا بلوچستان مرزا اعزاز بیگ سے ملاقات کی۔ اس موقع پر سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران ڈیرہ اللہ یارشہر اور ضلع جعفرآباد بھر میں جاری لوڈشیڈنگ، بجلی کی فراہمی اور عوام کو درپیش مشکلات کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ انجینئر عبدالمجید بادینی نے ڈیرہ اللہ یار اور ضلع بھر میں بجلی کی غیر اعلانیہ اور طویل لوڈشیڈنگ کے باعث عوام کو درپیش مسائل پر توجہ دلائی اور اس بات پر زور دیا کہ عوام کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں، تاکہ شہریوں کو درپیش مشکلات کا ازالہ ہو اور معمولات زندگی متاثر نہ ہوں۔ انہوں نے کہا کہ بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ سے گھریلو صارفین، تاجروں، طلبہ اور دیگر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کیساتھ زمیندار بہت زیادہ شدید متاثر ہوتے ہیں۔ جعفرآباد نصیر آباد گرین زرعی بیلٹ ہے اس لیے ضروری ہے کہ عوام اور زمینداروں کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے فوری اور عملی اقدامات کیے جائیں۔ لوڈشیڈنگ میں کمی وولٹیج کی بیشی کا مسئلہ فوری حل کیا جائے۔ سی او واپڈا مرزا اعجاز بیگ نے یقین دلایا کہ انشاء اللہ واپڈا سے متعلق لوڈشیڈنگ ودیگر مسائل حل کرنے کیلئے علاقے کے نمائندے سے مل کر مسائل فوری حل کیے جائیں گے۔

کوہلو ایکسین محبت مری کی سربراہی میں ترقیاتی منصوبوں پر کام تیز

کوہلو (آن لائن) محکمہ مواصلات وتعمیرات کے زیر اہتمام ایکسین محبت مری کی سربراہی میں مختلف ترقیاتی منصوبوں پر کام تیزی سے جاری ہے۔ ماضی میں زیر التوا رہنے والے متعدد منصوبوں پر پیش رفت کو عوامی حلقوں کی جانب سے سراہا جا رہا ہے، جبکہ ان منصوبوں کی تکمیل سے عوام کو بہتر سفری سہولیات اور دیگر بنیادی ضروریات کی فراہمی میں مدد ملنے کی توقع ہے۔ مختلف علاقوں میں ترقیاتی کاموں کا سلسلہ جاری ہے، جن میں مین روڈ سے کلی کالا کانی تک پختہ سڑک کی تعمیر، ختم نبوت چوک سے ایف سی روڈ تک سڑک کا منصوبہ، جواند آباد سے جاندران روڈ اور کنل میں اضافی کلاس روم کی تعمیر سمیت کئی دیگر منصوبے شامل ہیں۔ عوامی حلقوں کے مطابق ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے جاری کام خوش آئند ہے۔

چیف کمشنر انکم ٹیکس بلوچستان عبدالمالک درانی ڈائریکٹر فائر سروسز عبدالحق اچکزئی کو فائر سیفٹی آگاہی سیشن کے انعقاد پر یادگاری سووینئر پیش کر رہے ہیں

ریاستی اداروں کے ساتھ کھڑا ہونا وقت کی اہم ضرورت ہے، عبدالرزاق

خواتین کھلی کچہری میں کیا گیا ہر وعدہ پورا کیا جائے گا، ڈپٹی کمشنر خضدار

خضدار (خ ن) وفاقی حکومت کی جانب سے ملک میں امن وامان کی بحالی، دہشت گردی کے خلاف مؤثر کارروائیوں اور ملک کو درپیش سیکیورٹی بحران اور سیاسی عدم استحکام پر قابو پانے کے لیے کیے گئے حالیہ اقدامات کی حمایت میں خضدار میں یوم نجات جوش وخروش سے منایا گیا۔ یوم نجات کے سلسلے میں تقریب ڈپٹی کمشنر آفس خضدار میں منعقد ہوئی، جہاں کیک کاٹنے کی تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ اس موقع پر خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ سمیت وفاقی حکومت کے تمام آئینی وانتظامی اقدامات کی بھرپور حمایت کا اعادہ کیا گیا۔ تقریب کے اختتام پر شرکاء میں مٹھائیاں بھی تقسیم کی گئیں۔ کیک کاٹنے کی تقریب کے بعد ڈپٹی کمشنر آفس خضدار سے ایک ریلی بھی نکالی گئی، جس میں شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ امن استحکام اور دہشت گردی کے خاتمے کے حق میں نعرے لگائے گئے۔ شرکاء نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ملک اس وقت جن چیلنجز سے گزر رہا ہے اس میں قومی یکجہتی اور ریاستی اداروں کے ساتھ کھڑا ہونا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے جان ومال کے تحفظ اور دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے حکومت کے مؤثر اقدامات ناگزیر ہیں۔ تقریب اور ریلی میں ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی، ایس ایس پی خضدار محمد بلوچ، آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی کے عہدیداران ہندو پنچایت کے رہنما سیٹھ جواہری لال اور مختلف سرکاری محکموں کے افسران، قبائلی عمائدین اور عام شہریوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ خضدار میں گزشتہ روز منعقدہ تاریخی خواتین کھلی کچہری کے مثبت ثمرات سامنے آنا شروع ہو گئے ہیں۔ ضلعی انتظامیہ نے خواتین کے دیرینہ مطالبے پر خضدار میں پہلے وومن پولیس اسٹیشن کے قیام کے لیے عملی اقدامات کا آغاز کردیا ہے۔ اس سلسلے میں آج ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن خضدار وڈیرہ صالح محمد جاموٹ کے ہمراہ سابق لیویز تحصیل آفس کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر ایکسین لیاقت علی اور ایکسین سلیم عمرانی بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے اعلان کیا کہ سابق لیویز تحصیل آفس میں عمارت کو باقاعدہ طور پر وومن پولیس اسٹیشن کے لیے مختص کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کو ہدایت جاری کی کہ عمارت کی فوری مرمت، تزئین و آرائش اور پولیس تھانہ کے قیام کے لیے درکار تمام اسٹیبلشمنٹ کا کام جلد از جلد مکمل کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ گزشتہ روز خواتین کھلی کچہری میں خواتین نے جن مسائل کی نشاندہی کی تھی، ان پر ترجیحی بنیادوں پر عمل درآمد شروع کر دیا گیا ہے۔

گاڑداوغ میں قلت آب کا مسئلہ حل، پانی کی سپلائی بحال کرنے کے اقدامات

کوہلو (آن لائن) بلوچستان کے ضلع کوہستان مری کے علاقے گاڑداوغ میں قلت آب کے مسئلے کا نوٹس لیتے ہوئے ایگزیکٹو انجینئر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ (PHE) حاجی نیاز احمد بلوچ نے مکینوں کی شکایت کا ازالہ کردیا۔ سرکاری بور کی بندش کے باعث پیدا ہونے والے پانی کے مسئلے کو حل کرنے کے لیے فوری اقدامات کیے گئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق گاڑداوغ اور گردونواح کے مکینوں نے سوشل میڈیا کے ذریعے سرکاری بور کی بندش اور پانی کی قلت کی نشاندہی کی تھی۔ شکایت سامنے آنے پر ایگزیکٹو انجینئر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ حاجی نیاز احمد بلوچ نے فوری نوٹس لیا اور متعلقہ مسئلے کو حل کروا دیا۔ اس اقدام سے علاقے کے مکینوں کو پانی کی فراہمی میں درپیش مشکلات دور ہونے کی امید ہے۔ عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ سرکاری بور کو فعال رکھا جائے اور پانی کی بلا تعطل فراہمی یقینی بنانے کے لیے مؤثر اقدامات جاری رکھے جائیں تاکہ شہریوں کو دوبارہ قلت آب کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

بلوچستان کے نوجوانوں میں بے پناہ صلاحیتیں موجود ہیں، ہدایت الرحمن

الخدمت بنوقابل پروگرام نوجوانوں کو ہنرمند بنا کر باعزت روزگار کے مواقع فراہم کررہا ہے

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ورکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے نائب امیر جماعت اسلامی بلوچستان بشیر احمد ماندائی کے ہمراہ ڈیرہ مراد جمالی میں الخدمت بنوقابل نصیرآباد لیب کا دورہ کیا اور بنوقابل پروگرام کے تحت مختلف کورسز سے مستفید ہونے والے طلبہ سے ملاقات کی۔ اس موقع پر انہوں نے الخدمت فاؤنڈیشن کے ذمہ داران، طلبہ اور اساتذہ کرام سے گفتگو کرتے ہوئے نوجوانوں کو جدید تعلیم، ٹیکنالوجی اور فنی مہارتوں سے آراستہ کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔ موجودہ دور میں عصری و دینی تعلیم کے ساتھ ٹیکنالوجی اور ہنر پر توجہ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ نوجوان جدید ٹیکنالوجی اور فنی مہارتیں سیکھیں گے تو وہ محض ملازمت تلاش کرنے والے نہیں بلکہ دوسروں کو روزگار فراہم کرنے والے بن سکتے ہیں۔ دنیا تیزی سے ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کی طرف بڑھ رہی ہے، اس لیے ہمارے نوجوانوں کو بھی جدید تقاضوں کے مطابق اپنی صلاحیتوں کو نکھارنا ہوگا تاکہ وہ ملک و قوم کی ترقی میں مؤثر کردار ادا کرسکیں۔ انہوں نے کہا کہ الخدمت فاؤنڈیشن اور جماعت اسلامی نے الخدمت بنوقابل پروگرام کے ذریعے ملک بھر کی طرح بلوچستان کے طول وعرض میں بھی انفارمیشن ٹیکنالوجی، ڈیجیٹل مہارتوں اور فنی تعلیم کو فروغ دینے کا عزم کر رکھا ہے۔ اس پروگرام کے تحت طلبہ و طالبات اور نوجوانوں کو لاکھوں روپے مالیت کے جدید آئی ٹی کورسز مفت فراہم کیے جا رہے ہیں تاکہ مالی وسائل کی کمی کسی نوجوان کی تعلیم، ترقی اور کامیابی کی راہ میں رکاوٹ نہ بنے۔ بلوچستان کے نوجوانوں میں بے پناہ صلاحیتیں موجود ہیں ضرورت اس امر کی ہے کہ انہیں مناسب رہنمائی، جدید تربیت اور آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کیے جائیں۔ بنوقابل پروگرام اسی مقصد کے تحت نوجوانوں کو ڈیجیٹل دنیا سے جوڑ رہا ہے تاکہ وہ گھر بیٹھے بھی آن لائن کام، فری لانسنگ اور دیگر جدید شعبوں میں اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کرکے باعزت روزگار کما سکیں۔ اس سے نہ صرف نوجوان خودکفیل ہوں گے بلکہ اپنے خاندان کی معاشی مشکلات کم کرنے میں بھی اہم کردار ادا کرسکیں گے۔ مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا کہ الخدمت بنوقابل محض ایک تعلیمی پروگرام نہیں بلکہ نوجوانوں کو خود انحصاری، معاشی استحکام اور روشن مستقبل کی طرف لے جانے کی ایک عملی کوشش ہے۔ جماعت اسلامی چاہتی ہے کہ بلوچستان کا نوجوان مایوسی، بے روزگاری اور محرومی کے بجائے علم، ہنر اور جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے ترقی کی راہ اختیار کرے۔ نوجوانوں کو باصلاحیت اور ہنرمند بنانا دراصل ملک کے مستقبل کو مضبوط بنانے کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی، قوم پرست اور مذہبی جماعتوں کو بھی نوجوانوں کی تعلیم، فنی تربیت اور روزگار کے لیے ایسے عملی اقدامات کرنے چاہییں۔

ہمیں سمجھنا چاہیے کہ عورت کا اسلام میں کیا مقام ہے، جمال شاہ کاکڑ

لوگ اجتماعی شادیوں کے پروگرام کے لئے بڑھ چڑھ کر کردار ادا کریں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری ورکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ ہم اسلامی تعلیمات اور حضور پاک ﷺ کے بتائے ہوئے راستے پر چل کر اپنی دنیا اور آخرت کو سنوار سکتے ہیں کیونکہ انہوں نے معاشرے کے تمام طبقات کو صحیح راہ پر چلنے کے لئے سمت بتادی ہے ہم اس وقت تک ترقی نہیں کرسکتے جب تک دین اسلام پر عمل پیرا ہوکر آگے نہیں بڑھتے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اتوار کو کوئٹہ پریس کلب میں اتحاد بین السادات ویلفیئر آرگنائزیشن کے زیر اہتمام تیسری اجتماعی شادیوں کی منعقدہ تقریب کے شرکاء سے اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر تنظیم کے چیئرمین الطاف حسین شاہ دوپاسی، ضیاء الدین، علامہ ہاشم موسوی، حیدر اچکزئی، فاطمہ خان سمیت دیگر بھی موجود تھیں۔ جمال شاہ کاکڑ اور دیگر مقررین نے کہا کہ اسلام مذہبی روایات پر مبنی مکمل ضابطہ حیات دین ہے جس پر چل کر ہم اپنے تمام مسائل کے حل کو ممکن بنا سکتے ہیں کیونکہ دین اسلام میں اور ہماری نبی پاک حضرت محمد ﷺ نے اپنی تعلیمات اور افکار میں تمام شعبوں سمیت زندگی گزارنے کے حوالے سے تمام طبقات کو ایک ضابطہ اخلاق اور اس کی صحیح سمت متعین کر رکھی ہے علماء کرام کی ذمہ داری ہے کہ جمعہ کے خطبہ کے دوران اور دیگر تقریبات میں لوگوں کو اسلام اور دین کے حوالے سے مکمل آگاہی فراہم کریں کہ وہ اس اسلام پر چلتے ہوئے اپنی دنیاوی اور آخرت کی زندگی کو کس طرح سنوار سکتے ہیں کیونکہ اسلام میں ماں کے تلے جنت کا رتبہ رکھا گیا ہے اس بات کو ہمیں سمجھنا چاہیے کہ عورت کا اسلام میں کیا مقام ہے لیکن ہم عورت کے ساتھ کس طرح کا برتاؤ کرتے ہیں ہمیں اپنے اعمال کو ٹھیک کرکے اپنی دنیا اور آخرت کو سنوارنا ہوگا ہم نے ذاتی اور گروہی مفادات کے لئے معاشرے میں تقسیم پیدا کرکے حالات کو تباہ کیا ہے ہم اسلامی تعلیمات پر عمل پیرا ہوکر ترقی کی منازل طے کرسکتے ہیں اور ہمیں مذہبی روایات اور اسلامی تعلیمات کی پاسداری کرتے ہوئے اپنے بہن بھائیوں اور دیگر رشتہ داروں کے مقرر کردہ حقوق پر عمل ممکن بنانا چاہیے اور ہم اسلامی تعلیمات پر ہی عمل کرکے ترقی کی منزل طے کرتے ہوئے آگے بڑھ سکتے ہیں۔ انہوں نے تنظیم کے چیئرمین الطاف حسین دوپاسی اور دیگر ذمہ داروں کو مبارک باد دیتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ انہوں نے اپنی اجتماعی ذمہ داری نبھاتے ہوئے اجتماعی شادیوں کی تیسری تقریب میں 10 جوڑوں کی اجتماعی شادی کرا کر نیک فریضہ سرانجام دیا ہے ایسے اقدامات میں ہم سب کو بڑھ چڑھ کر حصہ لینا چاہیے۔

☆☆☆☆☆ لورالائی، ایس ڈی پی او غلام اکبر پریس کانفرنس کررہے ہیں ☆☆☆☆☆

☆☆☆☆☆ پریس کلب کے صدر عرفان سعید سے وومن پیس الائنس کی بانی ثنا درانی کی قیادت میں خواتین وفد ملاقات کررہا ہے ☆☆☆☆☆

بقیہ 1

قبضہ کر کے تل ابیب کے بن گوریون ایئرپورٹ کی عمارت سے ٹکرانے اور زیادہ سے زیادہ جانی نقصان کرنے کی منصوبہ بندی کی تھی۔نئی تحقیقات کا انکشاف اماراتی اٹارنی جنرل حمد سیف الشامسی نے کیا۔حکام کے مطابق 30 ستمبر 2026 کو پیش آنے والے واقعے کے دوران ملزم نے کاک پٹ میں کپتان پر ایمرجنسی کلہاڑی سے حملہ کیا البتہ طیارے میں موجود دیگر اضافی پائلٹس ، عملے اور مسافروں کی مداخلت سے طیارے کو بحفاظت سعودی عرب کے شہر تبوک میں اتارلیا گیا۔دبئی سے تل ابیب جانے والی اس پرواز میں واپسی کے سفر کے لیے تعینات دو اضافی پائلٹ بھی سوار تھے، یہ پائلٹ تل ابیب سے دبئی واپسی کی پرواز کے لیے ڈیوٹی پر تعینات تھے، حملے کے وقت ان میں سے ایک پائلٹ کاک پٹ کے قریب موجود تھا، اس نے دروازے کو غیر معمولی طور پر بار بار کھلتے اور بند ہوتے دیکھا تو اسے شبہ ہوا، اس نے رسائی کا کوڈ استعمال کر کے کاک پٹ میں داخل ہونے کی کوشش کی اور اندر پہنچ کر معاون پائلٹ کو کپتان پر حملہ کرتے دیکھا۔اس کے بعد اضافی پائلٹ نے ایک کیبن کریو رکن اور چند مسافروں کی مدد سے حملہ آور کو قابو کیا اور زخمی کپتان کو بچانے میں اہم کردار ادا کیا۔

بقیہ 2

کے منتظر مسافروں کے درمیان اچانک نارنجی رنگ کی تیز روشنی نمودار ہوتی ہے۔روشنی نمودار ہونے کے بعد لوگوں میں خوف و ہراس پھیل جاتا ہے اور وہ جان بچانے کے لیے ادھر ادھر بھاگنے لگتے ہیں۔حملے کے باعث عمارت کی چھت کے بعض حصوں کو بھی نقصان پہنچتا دکھائی دیا ہے۔رپورٹ کے مطابق حملے میں 13افراد ہلاک اور 380 سے زائد زخمی ہوئے۔یمن کے حوثی باغیوں نے حملے کی ذمے داری قبول کرتے ہوئے دعویٰ کیا ہے کہ سعودی عرب کے مشرقی صوبے میں دمام ایئرپورٹ اور سعودی تیل کمپنی آرامکو کی 2 تنصیبات کو بھی نشانہ بنایا گیا ہے۔

بقیہ 3

بائی امراض کے تباہ کن اثرات سے محفوظ رکھنے کے لیے عالمی یکجہتی اور عزم کی ضرورت پر زور دیا گیا ۔ ڈبلیو ایچ او کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر ٹیڈروس اڈھانوم گیبریسس نے کہا کہ ڈبلیو ایچ او وبائی امراض کی روک تھام، تیاری اور ان سے نمٹنے کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھنے کے یو این ممالک کے پختہ عزم کا خیر مقدم کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کووڈ 19 کے بعد دنیا نے طویل سفر طے کیا ہے، ہم ممالک پر زور دیتے ہیں کہ وہ اب اپنے کیے گئے وعدوں کو پورا کریں بالخصوص پیتھوجن تک رسائی اور فوائد کی تقسیم کے نظام (پی اے بی ایس) کے ضمیمے پر مذاکرات کو حتمی شکل دیں تا کہ ڈبلیو ایچ او کے وبائی امراض سے متعلق معاہدے پر دستخط کا عمل شروع ہو، اس کی توثیق کا عمل آگے بڑھے اور یہ بین الاقوامی قانون کے طور پر نافذ العمل ہو سکے۔کووڈ 19 کی وبا کے بعد تحقیق اور رابطہ کاری کے شعبوں میں ہونے والی اہم پیش رفت بشمول عالمی ادارہ صحت کے وبائی امراض سے متعلق معاہدے کی منظوری کی بنیاد پر اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اعلامیے میں وبائی امراض کے خطرات کی روک تھام، ان کی نشاندہی اور ان سے نمٹنے کے لیے قومی، علاقائی اور عالمی سطح پر استعداد کار کو مضبوط بنانے کے لیے مسلسل سرمایہ کاری اور اقدامات پر زور دیا گیا ہے۔اعلامیے میں اس امر پر زور دیا گیا ہے کہ وبائی امراض سے نمٹنے کی تیاری کو ایک جامع نقطہ نظر کے تحت دیکھا جائے کیونکہ یہ نہ صرف صحت بلکہ ترقی، معیشت اور سلامتی کے لیے بھی ناگزیر ہے جس کے لیے مختلف شعبوں میں مربوط اقدامات کی ضرورت ہے۔

بقیہ 4

ملک کی سب سے بڑی تجارتی بندرگاہ شہید رجائی سے 50لاکھ ٹن سے زائد پیٹرولیم مصنوعات برآمد کی گئیں۔ایرانی میڈیا کے مطابق ہرمزگان کی بندرگاہوں اور بحری امور کی تنظیم (پی ایم او) کے ڈائریکٹر جنرل حسین عباس نژاد نے بتایا کہ ناانصاف جنگ اور اقتصادی پابندیوں میں شدت کے باوجود شہید رجائی بندرگاہ سے 51 لاکھ 40ہزار ٹن پیٹرولیم مصنوعات برآمد کی گئی ہیں۔

بقیہ 5

بحری جہاز کھو چکا ہے اور یہ جہاز اب سمندر کی تہہ میں ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایران واشنگٹن کے ساتھ معاہدہ کرنا چاہتا ہے، لیکن اسے یہ معلوم نہیں کہ معاہدہ کیسے کیا جائے۔ٹرمپ نے ایران کو دہشت گردی کی سرپرستی کرنے والی اہم ریاست قرار دیتے ہوئے کہا کہ امریکا ایران کو جوہری ہتھیار حاصل کرنے کی اجازت نہیں دے سکتا۔ٹرمپ نے تیل کی قیمتوں میں نمایاں کمی کی پیش گوئی کرتے ہوئے کہا کہ تیل کی قیمتیں تیزی سے نیچے آئیں گی۔

بقیہ 6

پیر کو اسٹاک ہوم میں رائل سویڈش اکیڈمی آف سائنسز نے اپنے اعلان کہا کہ رابرٹ ہال اور مائیکل ووڈ فورڈ اس سال کے نوبیل انعام برائے معاشیات کے ونرز ہیں۔

بقیہ 7

یتنام کے ساتھ دونوں ممالک کی حکمران جماعتوں اور اعلیٰ رہنماؤں کی تزویراتی رہنمائی پر عمل کرتے ہوئے چھ مزید کے مجموعی اہداف کے مطابق مختلف شعبوں میں باہمی مفاد پر مبنی تعاون کو اعلیٰ معیار کے ساتھ فروغ دینے اور چین۔ویتنام ہم نصیب معاشرے کی تعمیر کو آگے بڑھانے کے لیے تیار ہے۔سی پی سی بھی ویتنام کے ساتھ تبادلوں اور تعاون کو مزید گہرا کرنے کی خواہاں ہے تا کہ دونوں ممالک کی جدیدیت کے عمل میں کردار ادا کیا جاسکے۔تران تھانہ من نے کہا کہ دونوں ممالک کی حکمران جماعتوں اور اعلیٰ رہنماں کی تزویراتی رہنمائی میں چین۔ویتنام تعلقات مسلسل گہرے ہورہے ہیں، جبکہ سیاسی بنیادیں، مادی بنیادیں اور عوامی حمایت کی بنیادیں مزید مستحکم ہوئی ہیں۔ انہوں نے چین کی اہم کامیابیوں پر مبارک باد دی اور کہا کہ ویتنام ایک چین کی پالیسی پر ثابت قدمی سے عمل پیرا ہے۔ویتنام کی قومی اسمبلی چین کے ساتھ تبادلوں کو مضبوط بنانے، مختلف شعبوں کے درمیان دوستانہ روابط کو فروغ دینے اور چین۔ویتنام ہم نصیب معاشرے کی تعمیر کو آگے بڑھانے کے لیے تیار ہے۔

بقیہ 8

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا کہنا تھا کہ انتہا پسند بائیں بازو کے احمق کہہ رہے ہیں کہ چین اور روس ایران کی مدد کر رہے ہیں، مجھے بالکل یقین نہیں کہ وہ ایسا کر رہے ہیں۔ امریکی صدر نے ان اطلاعات کو مسترد کر دیا ہے کہ روس اور چین ایران کو بڑے پیمانے پر مدد فراہم کر رہے ہیں۔اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر جاری بیان میں ناقدین اور مخالفین کے دعوؤں کا جواب دیتے ہوئے ان کا کہنا ہے کہ اگر دونوں ممالک ایسا کر بھی رہے ہیں تو یہ مدد نہایت محدود سطح پر ہو سکتی ہے، لیکن مجھے یقین نہیں کہ وہ ایسا بالکل بھی کر رہے ہیں۔ٹرمپ نے کہا کہ مجھے یقین نہیں کہ ماسکو یا بیجنگ تہران کی مدد کر رہے ہیں، کیونکہ دونوں ممالک کے پاس کھونے کے لیے بہت کچھ ہے۔انہوں نے کہا کہ اگر ایران کو کسی قسم کی مدد فراہم کی جارہی ہوتی تو واشنگٹن کو اس کا علم ہو جاتا بلکہ بہت جلد علم ہو جاتا۔امریکی صدر کا یہ بھی کہنا تھا کہ اگر ماسکو اور بیجنگ تہران کی مدد کرتے ہیں تو انہیں اس کی بھاری قیمت چکانا پڑ سکتی ہے۔

بقیہ 9

کا فیصلہ کیا ہے۔جنوبی یارکشائر پولیس کے مطابق واقعہ ہفتے کے روز پیش آیا جب دوپہر 1 بجے 1 شخص کے ٹائیگر کے احاطے میں داخل ہونے کی اطلاع ملی، ٹائیگر نے اس پر حملہ کیا جس سے وہ شدید زخمی ہو گیا، امدادی کارکنوں نے موقع پر پہنچ کر متاثرہ شخص کو طبی امداد فراہم کی تاہم وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا۔چڑیا گھر کی انتظامیہ نے جاری کیے گئے بیان میں بتایا ہے کہ اموزنسل کا الٹائی نامی ٹائیگر محفوظ اور خیریت سے ہے اور اسے اس واقعے کی وجہ سے ہلاک نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ 10

اور انہیں دور کرنے میں مدد ملی، جبکہ ممکنہ سائبر خطرات کا بھی پتا لگایا گیا۔اس پروگرام کو وسعت دینے سے عوام کو روزمرہ دستیاب سرکاری خدمات کو درپیش خطرات کم کرنے میں مدد ملے گی، جبکہ سرکاری شعبے میں طویل المدتی بنیادوں پر اے آئی کے استعمال کو بھی فروغ حاصل ہوگا۔امپیریل کالج لندن کے سائنس و ٹیکنالوجی انکیوبیٹر بیس ون میں خطاب کرتے ہوئے اے آئی کے وزیر کنشکا نارائن نے ابھرتے ہوئے اے آئی خطرات سے نمٹنے کے لیے معاشرے کے تمام شعبوں پر مشتمل مشترکہ حکمت عملی کی ضرورت پر زور دیا، تا کہ یہ ٹیکنالوجی برطانوی عوام کے مفادات کے تحفظ، خوشحالی میں اضافے اور سلامتی کو مضبوط بنانے میں اپنا کردار ادا کرتی رہے۔وزیر نے خبردار کیا کہ جیسے جیسے جدید ترین اے آئی نظام زیادہ طاقتور اور خودمختار طور پر کام کرنے کے قابل ہو رہے ہیں، ان کی ناکامی یا بدنیتی پر مبنی استعمال کے ممکنہ نتائج کہیں زیادہ سنگین ہو سکتے ہیں۔ وہ اس موقف پر زور دیں گے کہ برطانیہ کو اپنے دفاعی نظام کو مضبوط بنانے اور مستقبل میں پیش آنے والے سنگین واقعات سے نمٹنے کی تیاری کے لیے ابھی اقدامات کرنے چاہئیں۔وزیر نے اس بات کی بھی تصدیق کی کہ برطانیہ کے اے آئی سیکیورٹی انسٹی ٹیوٹ کے سائنس دان جدید ترین اے آئی ماڈلز کی سخت جانچ کر رہے ہیں۔ یہ پیش رفت اے آئی ٹیکنالوجی تیار کرنے والے بڑے اداروں اور امریکی حکومت کے ساتھ کام کے بعد سامنے آئی ہے۔

بقیہ 11

بجے تک بند رہے گا۔نوٹم کے مطابق ریاض ایئرپورٹ 10اکتوبر کی شام سے مسلسل بند ہے۔فلائٹ ڈیٹا کے مطابق ریاض ایئرپورٹ کی بندش سے یومیہ 750پروازیں نان آپریشنل ہیں، 3روز میں ریاض کی 2000پروازیں منسوخ ہو چکی ہیں۔اسی طرح جدہ، مدینہ اور دمام ایئرپورٹ پر پروازوں کی آمد روانگی میں تاخیر ہوئی ہے۔

بقیہ 12

اور ماسکو کو مالی فائدہ پہنچا سکتی ہے۔امریکی صدر نے اب اس حوالے سے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر دعویٰ کیا کہ یورپی یونین نے روس سے ڈیزل کی خریداری پر 250ارب ڈالرز خرچ کیے لیکن امریکی میڈیا اس معاملے کو نمایاں نہیں کرتا۔انہوں نے مزید لکھا کہ میں نے امریکی عوام کے لیے درست انتخاب کیا اور میری پالیسی ہمیشہ امریکا فرسٹ رہے گی۔ٹرمپ نے یہ واضح نہیں کیا کہ 250ارب ڈالرز کا تخمینہ کس مدت پر مبنی ہے۔تاہم، یہ رقم یوکرین پر روسی حملے کے بعد سے یورپی یونین کے روسی توانائی کی درآمدات پر ہونے والے اخراجات کے اندازوں سے مطابقت رکھتی ہے۔یورپی یونین اس دوران روسی توانائی پر انحصار ختم کرنے کے منصوبے پر بھی کام کر رہی ہے۔واضح رہے کہ ڈونلڈ ٹرمپ نے گزشتہ ہفتے اعلان کیا تھا کہ روس فوری طور پر امریکا کو 3لاکھ ٹن ڈیزل فراہم کرے گا، جبکہ آئندہ مزید بڑی مقدار میں ایندھن کی فراہمی بھی متوقع ہے۔اس معاہدے کے لیے امریکی انتظامیہ نے روسی ایندھن پر عائد پابندیوں میں عارضی نرمی کی ہے۔ٹرمپ کا موقف ہے کہ روس سے ڈیزل منگوانے سے امریکا میں ایندھن کی قیمتیں کم کرنے اور کسانوں و مویشی پالنے والوں کو ریلیف دینے میں مدد مل سکتی ہے۔ امریکا میں ڈیزل کی قیمتوں میں اضافے نے صارفین اور کاروباروں پر دباؤ بڑھایا ہے۔

بقیہ 13

کہنا تھا کہ افغانستان بھر میں کروڑوں لوگ درست خبروں اور معلومات کے لیے نشریاتی ادارے پر بھروسہ کرتے ہیں۔ترجمان کا کہنا تھا کہ معاملے کے حل کے لیے حکام کے ساتھ رابطے میں ہیں۔

بقیہ 14

ست رفتار اور مہنگا بنانا ہے۔لکسمبرگ میں یورپی یونین کی خارجہ امور کونسل کے اجلاس سے قبل گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نئی پابندیوں کے تحت ان سرگرمیوں کو بھی ہدف بنایا جائے گا جنہیں انہوں نے یوکرین کے مقبوضہ علاقوں سے متعلق روس میں ہونے والے جعلی انتخابات قرار دیا۔کاجا کیلس نے ایک بار پھر یورپی یونین کے اس موقف کا اعادہ کیا کہ تنازع کے خاتمے کے لیے روس پر مسلسل دباؤ برقرار رکھنا ضروری ہے۔ انہوں نے امریکا کے ساتھ روس کے خلاف پابندیوں کے معاملے پر مزید ہم آہنگی پیدا کرنے پر بھی زور دیتے ہوئے کہا کہ یورپی یونین اور امریکا کے اقدامات میں ہم آہنگی ماسکو پر دباؤ کو مزید موثر بنا سکتی ہے۔

بقیہ 15

کہ لکشتری نے اس سال 18 ممالک میں اعلان کردہ 22 ہنگامی صورتحال کا جواب دیا، جن میں 15 ممالک میں 17 نئی ہنگامی صورتحال شامل ہیں۔برہم صالح نے کہا کہ اقوام متحدہ کا ہائی کمشنر برائے مہاجرین جنیوا میں اپنے ہیڈ کوارٹر اور دنیا بھر کے اپنے علاقائی دفاتر میں ملازمتوں میں کمی کر کے فرنٹ لائن کے کاموں کو برقرار رکھنے کی کوشش کر رہا ہے، جبکہ 88فیصد عملہ ہیڈکوارٹر سے باہر موجود ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ تحفظ کے کاموں میں مصروف عملے کا تقریبا 95فیصد حصہ جیسے کہ مہاجرین کی رجسٹریشن، قانونی امداد کی فراہمی اور مہاجرین کو اپنے گھروں کو محفوظ طریقے سے واپس جانے جیسے طویل مدتی حل تلاش کرنے میں مدد کرنا، فیلڈ کے مقامات پر برقرار رکھا گیا ہے۔انہوں نے ان پروگراموں کی کئی مثالیں پیش کیں جنہیں خطرے کا سامنا ہے۔انہوں نے کہا کہ چاڈ میں فنڈنگ کی کمی نے سوڈان سے فرار ہونے والے تنازعات سے جڑے جنسی تشدد کے 50ہزار سے زیادہ زندہ بچ جانے والوں کے لیے خصوصی طبی نگہداشت اور قانونی امداد کو معطل کرنے کا خطرہ پیدا کر دیا ہے۔ایتھوپیا میں جنوبی سوڈان اور اریٹیریا سے آنے والے دسیوں ہزار مہاجرین کی رجسٹریشن معطل کردی گئی ہے۔

بقیہ 16

دازیں، چینی وزیر خارجہ 14سے 20اکتوبر تک آذربائیجان، کروشیا، مونٹی نیگرو اور بلغاریہ کا دورہ بھی کریں گے۔ترجمان نے کہا کہ کانفرنس میں چین تمام فریقین سے تبادلہ خیال کرے گا، کثیرالجہتی اور چار گلوبل انیشی ایٹیوز کو فعال طور پر نافذ کرتے ہوئے ایشیائی حکمرانی کو بہتر بنائے گا اور ایشیائی ہم نصیب معاشرے کی تعمیر کے لئے خدمات سرانجام دے گا۔

بقیہ 17

خطرات لاحق ہیں۔وزیراعظم نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ سیلاب اور خشک سالی سے نمٹنے کو ترجیح دی جائے، مقامی آبی ڈھانچے کو بہتر بنایا جائے اور موسمیاتی خطرات سے دوچار گھرانوں کی مسلسل نگرانی کی جائے تا کہ ملک میں آفات کے مقابلے کی صلاحیت بڑھائی جا سکے۔انہوں نے شہریوں پر بھی زور دیا کہ وہ ہنگامی حالات سے نمٹنے کے لیے گھریلو سطح پر حفاظتی منصوبے تیار کریں اور صاف پانی، خشک خوراک، ادویات، ریڈیو اور ضروری دستاویزات پر مشتمل ہنگامی سامان تیار رکھیں۔انہوں نے گھروں کو تیز ہواں اور آسمانی بجلی کے اثرات سے محفوظ بنانے کے ساتھ بچوں، بزرگوں، معذور افراد اور حاملہ خواتین کی حفاظت پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ہن مانیٹ نے کہا کہ کمزور طبقات کے لیے محفوظ رہائش، سماجی تحفظ کے مؤثر نظام اور خطرات سے متعلق بروقت معلومات کی فراہمی میں عوامی سرمایہ کاری بڑھانا ضروری ہے۔کمبوڈیا کی قومی کمیٹی برائے انتظامِ آفات کے اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ ماہ شدید بارشوں کے باعث ملک کے 10صوبوں کے مختلف علاقوں میں بڑے پیمانے پر سیلاب آیا جس سے تقریبا 60ہزار خاندان متاثر ہوئے جبکہ لگ بھگ 5ہزار خاندانوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کرنا پڑا، سیلابی پانی سے تقریبا 52ہزار مکانات زیر آب آگئے اور 72ہزار ہیکٹر سے زائد رقبے پر چاول کی فصل کو نقصان پہنچا۔واضح رہے کہ کمبوڈیا کو شدید موسمی حالات، بے ترتیب بارشوں، تیز ہواں، آسمانی بجلی گرنے، دریاں کے کنارے منہدم ہونے، متعدی بیماریوں اور آتش زدگی جیسے مسائل کا سامنا ہے جو انسانی جانوں اور املاک کے لیے خطرہ ہیں۔

بقیہ 18

خام تیل کی قیمت 47 سینٹ، یعنی 0.5فیصد گر کر 93.27ڈالرفی بیرل ہو گئی۔

بقیہ 19

کو بتایا گیا کہ حادثے کے وقت جیکب شراب یا منشیات کے زیر اثر نہیں تھا اور وہ مقررہ حدِ رفتار کے اندر گاڑی چلا رہا تھا، تاہم جس مختصر وقت میں وہ سامعہ کو ٹکر مارنے سے بچ سکتا تھا، اس دوران وہ گاڑی کے عقبی منظر دکھانے والے آئینے میں دیکھ رہا تھا۔جج نے ڈرائیور سے کہا کہ جس لمحے آپ کی گاڑی کی ہیڈ لائٹس سامعہ کو دیکھ سکتی تھیں، اس وقت سے ٹکر ہونے تک آپ کے پاس تقریبا 2.25 سیکنڈ تھے۔

بقیہ 20

سالانہ شرح نمو 10.6فیصد رہنے کا امکان ہے۔

بقیہ 21

کی مہمات کے ذریعے نشانہ بنا رہے ہیں، یہ ان کی سیاسی دباؤ ڈالنے کی مہم میں شدت کی تازہ ترین مثال ہے۔ادھر الہان عمر کے دفتر نے اس کارروائی کو اختیارات کا اشتعال انگیز ناجائز استعمال قرار دیا ہے۔الہان عمر کے دفتر کی جانب سے جاری کیے گئے بیان میں کہا گیا ہے کہ کانگریس کی رکن نے کوئی غلط کام نہیں کیا، کسی بھی صدر کو یہ اختیار نہیں ہونا چاہیے کہ وہ وفاقی حکومت کی طاقت کو اپنے سیاسی مخالفین کو خوف زدہ کرنے کے لیے استعمال کرے۔متعدد ڈیموکریٹ رہنماؤں نے بھی اس کارروائی کی مذمت کی ہے۔

بقیہ 22

وشمار کی تصدیق کردی۔رپورٹ میں بتایا گیا کہ ایلون مسک نے سینیٹ کے لیے ری پبلکن کے امیدواروں کی حمایت کرنے والے سیاسی گروپ سینیٹ لیڈرشپ فنڈ کو 15 کروڑ 80لاکھ ڈالرز دیے جبکہ ان کی اپنی سیاسی ایکشن کمیٹی امریکا پی اے سی کو 7 کروڑ 60لاکھ ڈالرز فراہم کیے گئے۔اس کے علاوہ ٹیکساس میں ری پبلکن سینیٹ امیدوار کین پیکسٹن کی حمایت کرنے والے گروپ کو بھی 1 کروڑ ڈالرز دیے گئے۔رپورٹ کے مطابق ایلون مسک کی مالی معاونت سے وابستہ گروپ ووٹرز کو متحرک کرنے اور مختلف انتخابی حلقوں میں ری پبلکن امیدواروں کی مہم چلانے میں مصروف ہیں۔رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ رواں انتخابی دور جو یکم جنوری2025 سے شروع ہوا، اس میں ایلون مسک کی سیاسی کمیٹیوں کو دی جانے والی مجموعی رقم تقریبا 36 کروڑ 60لاکھ ڈالرز تک پہنچ چکی ہے، یہ رقم2024 کے انتخابی دور میں ان کے تقریبا 29 کروڑ ڈالرز کے اخراجات سے بھی زیادہ ہے۔

بقیہ 23

میں رہ کر تنازعات کے حل کی جانب بڑھنے اور تجارتی معاوضے کے مطالبے کے تمام حقوق محفوظ رکھتا ہے۔ وزارت تجارت کے ترجمان نے کہا کہ مذکورہ تین بنیادی اصول چینی کاروباری اداروں کے جائز حقوق و مفادات کے تحفظ کے لیے ایک مضبوط بنیاد قائم کرتے ہیں۔الیکٹرک گاڑیوں کے حوالے سے، چین اور یورپی یونین الیکٹرک گاڑیوں کے کیسز میں شامل کمپنیوں سے متعلق قیمتوں کے وعدوں سمیت جائزے کیدیگر طریقہ کار کو آگے بڑھاتے رہیں گے۔ترجمان کا کہنا تھا کہ مذکورہ اتفاق رائے سے چینی کاروباری اداروں کے حقیقی مفادات کا مؤثر طور پر تحفظ کیا گیا، چین اور یورپی یونین کے درمیان تجارتی تنازعات میں اضافے کو روکا گیا، اور دونوں فریقوں کے لیے ایک مستحکم، قابل توقع، اور پائیدار تجارت اور سرمایہ کاری کا ماحول فراہم کیا گیا ہے۔

بقیہ 24

دونوں واقعات میں کوئی شخص زخمی نہیں ہوا۔واضح رہے کہ آذربائیجان کی حکومت نے 21 ستمبر کو اسکول یونیفارم سے متعلق نئے قواعد کی منظوری دی تھی۔ان قواعد کے تحت طلبہ کو ایسے لباس میں کلاسوں میں شرکت سے روک دیا گیا ہے جو تعلیم کی سیکولر نوعیت سے متصادم ہو یا اسکولوں کے لباس سے متعلق ضابطے کی یکسانیت کو متاثر کرے۔ 6اکتوبر سے یہی تقاضے اساتذہ کے لباس پر بھی لاگو کردیے گئے ہیں۔

بقیہ 25

سے دوبارہ وجود میں آنے والی دنیا ہے۔یونیورسٹی آف واروک کے پی ایچ ڈی طالب علم جیمی ولیمز کی سربراہی میں ہونے والی تحقیق کے نتائج کے مطابق دوسری جنریشن کے سیارے ستاروں کے ختم ہونے کے دوران خارج ہونے والے مادے سے بنتے ہیں، یہ ناقابلِ یقین حد تک نایاب ہیں۔رپورٹ کے مطابق اس نئے سیارے کی دریافت کے بعد سائنس دان اب مزید مشاہدات خصوصا جیمز ویب خلائی دوربین کے ذریعے ایسے دوسرے سیاروں کی تلاش کے لیے پرامید ہیں۔رپورٹ میں مزید بتایا گیا کہ اس تحقیق سے نا صرف سیاروں کی پیدائش کے بارے میں ہماری سمجھ بہتر ہو سکتی ہے بلکہ یہ بھی معلوم ہو سکتا ہے کہ کائنات میں ستاروں کی موت کے بعد نئے سیاروی نظام کس طرح وجود میں آتے ہیں۔

بقیہ 26

ذریعے ریاض کی منظوری حاصل کرنے کی کوشش کر رہا تھا۔اخبار نے بتایا کہ سعودی ولی عہد اسرائیل کی فوجی معاونت میں دلچسپی نہیں رکھتے، کیونکہ انہیں خدشہ ہے کہ اسرائیل کے ساتھ تعاون پر سعودی عوام کی جانب سے منفی ردِعمل سامنے آ سکتا ہے۔معاملے سے واقف ایک اور ذریعے کے مطابق اسرائیل کو امید ہے کہ سعودی عرب کے ساتھ فوجی تعاون سے دونوں ممالک کے درمیان تعلقات مضبوط ہوں گے اور مستقبل میں تعلقات کو معمول پر لانے کے معاہدے کی راہ ہموار ہو سکے گی۔اس رپورٹ پر سعودی حکام کی جانب سے فوری طور پر کوئی ردِعمل سامنے نہیں آیا۔خیال رہے کہ سعودی عرب کے اسرائیل کے ساتھ سفارتی تعلقات قائم نہیں ہیں۔ریاض کا موقف رہا ہے کہ اسرائیل کے ساتھ تعلقات کو معمول پر لانے کا انحصار مسئلہ فلسطین کے حل پر ہے، جس میں ایک آزاد فلسطینی ریاست کا قیام بھی شامل ہے۔یہ رپورٹ ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب سعودی عرب کو حوثیوں کے بڑھتے ہوئے حملوں کا سامنا ہے۔ان حملوں میں ایئرپورٹس کو بار بار نشانہ بنایا گیا، جس کے نتیجے میں جانی نقصان ہوا اور پروازوں کا نظام بھی متاثر ہوا۔

بقیہ 27

مارکل نے مزید لکھا کہ لڑکیوں کے عالمی دن کے موقع پر ہر لڑکی کی مفت، محفوظ، معیاری تعلیم تک رسائی کو یقینی بنانے کے لیے آرچ ویل فلانتھروپیز کے ساتھ شراکت میں، ایز ایور جیم اور ٹیز سے حاصل ہونے والی خالص آمدنی کا سو فیصد ملالہ فنڈ کو عطیہ کیا جائے گا۔واضح رہے کہ 7 اکتوبر کو لندن کے علاقے مے فیئر میں واقع معروف ہوٹل کلیریجز میں میگھن مارکل اور ملالہ یوسفزئی کے درمیان ملاقات ہوئی تھی۔ان دونوں کی اس ملاقات کی ویڈیوز اور تصاویر گزشتہ کچھ دنوں سے میڈیا اور سوشل میڈیا پر خصوصی توجہ کا مرکز بنی ہوئی ہیں۔اس سے قبل میگھن مارکل اور ملالہ یوسفزئی اکتوبر2020 میں بھی لڑکیوں کے عالمی دن کے موقع پر ایک آن لائن گفتگو میں ساتھ شریک ہوئی تھیں۔

بقیہ 28

وفاقی فوجداری تحقیقات جاری ہیں، تاہم امریکی محکمہ انصاف نے تحقیقات کی تفصیلات بتانے سے گریز کیا ہے۔

بقیہ 29

کو بھی فضا میں ہی تباہ کر دیا گیا۔ادھر قطر کی ایئر لائن نے ریاض اور دمام کی پروازیں عارضی طور پر معطل کر دیں۔علاوہ ازیں اماراتی ایئر لائن نے بھی ابوظبی، ریاض، جدہ اور دمام کی پروازیں 19 اکتوبر تک منسوخ کر دیں۔سعودی عرب کے مفتی اعظم شیخ صالح بن فوزان الفوزان نے حوثی ملیشیا کے حملوں کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ زائرین کو نشانہ بنانا سنگین ترین جرائم میں سے ہے۔

بقیہ 30

مقصد روس کے لیے یوکرین کے خلاف استعمال ہونے والے ہتھیاروں کی تیاری کو نمایاں طور پر مشکل، سست رفتار اور مہنگا بنانا ہے۔لکسمبرگ میں یورپی یونین کی خارجہ امور کونسل کے اجلاس سے قبل گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نئی پابندیوں کے تحت ان سرگرمیوں کو بھی ہدف بنایا جائے گا جنہیں انہوں نے یوکرین کے مقبوضہ علاقوں سے متعلق روس میں ہونے والے جعلی انتخابات قرار دیا۔کاجا کیلس نے ایک بار پھر یورپی یونین کے اس موقف کا اعادہ کیا کہ تنازع کے خاتمے کے لیے روس پر مسلسل دباؤ برقرار رکھنا ضروری ہے۔انہوں نے امریکا کے ساتھ روس کے خلاف پابندیوں کے معاملے پر مزید ہم آہنگی پیدا کرنے پر بھی زور دیتے ہوئے کہا کہ یورپی یونین اور امریکا کے اقدامات میں ہم آہنگی ماسکو پر دباؤ کو مزید موثر بنا سکتی ہے۔

بقیہ 31

حکومتی اتحاد میں شامل قدامت پسند شراکت دار بھی شامل ہیں۔انہوں نے واضح کیا کہ وہ جرمن پارلیمان کی رکن کی حیثیت سے اپنا مینڈیٹ برقرار رکھیں گی۔جرمنی کے نائب چانسلر اور وزیر خزانہ لارس کلنگ بائل، جو بیربیل باس کے ساتھ پارٹی کے شریک سربراہ بھی ہیں، نے بیان میں ان کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا۔ابھی یہ واضح نہیں ہوسکا کہ بیربیل باس کی جگہ پارٹی اور حکومت میں کون ذمہ داریاں سنبھالے گا۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ چند روز کے دوران، جب وہ سوگ منا رہی تھیں، ان کے خلاف ہونے والی تنقید نامناسب تھی جو ناقابل قبول ہے۔

بقیہ 32

کا واقعہ سوڈان کے شمالی علاقے میں پیش آیا۔مذکورہ تنظیم نے حملے کا الزام مصری فضائیہ پر عائد کیا ہے۔دوسری جانب مصری فوج یا مصری وزارتِ خارجہ نے واقعے پر فوری طور پر کوئی موقف نہیں دیا۔

بقیہ 33

صدر شی جن پھنگ کے خصوصی نمائندے کے طور پر 15اکتوبر کو آذربائیجان کے شہر باکو میں ہونے والی ایشیا میں باہمی رابطے اور اعتماد سازی کے اقدامات سے متعلق کانفرنس کی ساتویں سربراہی کانفرنس میں شرکت کریں گے۔اس کے علاوہ وانگ ای 14سے 20اکتوبر تک آذربائیجان، کروشیا، مونٹی نیگرو اور بلغاریہ کا دورہ بھی کریں گے۔ ماؤ ننگ نے کہا کہ اس کانفرنس میں چین تمام فریقوں سے تبادلہ خیال کرے گا، کثیرالجہتی اور چار گلوبل انیشی ایٹیوز کو فعال طور پر نافذ کرتے ہوئے ایشیائی حکمرانی کو بہتر بنائے گا اور ایشیائی ہم نصیب معاشرے کی تعمیر کے لئے خدمات سرانجام دے گا۔

بقیہ 34

سمیت مختلف سرگرمیوں کے ذریعے عالمی معیشت، مالیاتی منڈیوں، ترقیاتی منصوبوں کے لیے مالی وسائل اور نئی ٹیکنالوجیز سے پیدا ہونے والے مواقع و چیلنجز پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔اے آئی اور روزگار کے باہمی تعلق نیز سرمایہ کاری اور ترقی کے فروغ کے لیے نجی سرمائے کو متحرک کرنے جیسے موضوعات بھی اجلاس کے اہم ایجنڈے میں شامل ہیں۔

بقیہ 35

ہائپرسونک میزائل داغے یا درمیانے فاصلے تک مار کرنے والے ہتھیار استعمال کیے ہیں، اس حوالے سے ابھی مزید تکنیکی تجزیہ جاری ہے۔کورین میڈیا کی رپورٹ کے مطابق 1 میزائل نے کم از کم 900 کلومیٹر سے زیادہ فاصلہ طے کیا اور مشرقی سمندر کی جانب گیا۔واضح رہے کہ جنوبی کوریا نے گزشتہ ہفتے ہائپرسونک میزائل سسٹم کا پہلا کامیاب تجربہ کیا تھا۔ حکام کے مطابق اس تجربے کا مقصد میزائل کی رفتار اور پرواز کے راستے سمیت اہم ٹیکنالوجی کو جانچنا تھا، جنوبی کوریا کے صدر لی جے میونگ نے بھی اس تجربے کا مشاہدہ کیا تھا۔جنوبی کوریا کے حکام نے بتایا تھا کہ ہائپرسونک میزائل آواز کی رفتار سے کم ازکم 5 گنا تیز سفر کر سکتے ہیں اور دوران پرواز سمت تبدیل کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں جس کی وجہ سے روایتی بیلسٹک میزائلوں کے مقابلے میں ان کا سراغ لگانا زیادہ مشکل ہے۔

بقیہ 36

سیاسی، سماجی اور مذہبی اختلافات میں بھی یہی تضاد دکھائی دیتا ہے۔ ہم اپنے لئے برداشت چاہتے ہیں، مگر مخالف کے لئے برداشت نہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ ہماری رائے کو دلیل کے ساتھ سنا جائے، مگر دوسرے کی رائے کو سننے سے پہلے اس کے ارادے پر شک شروع کر دیتے ہیں۔ شاید کسی معاشرے کی پختگی کا اصل امتحان یہ نہیں کہ وہاں کتنے لوگ ایک جیسا سوچتے ہیں، بلکہ یہ ہے کہ مختلف سوچنے والے لوگ ایک دوسرے کے ساتھ کس طرح رہتے یہاں تاریخ ہمارے لئے ایک اہم سبق رکھتی ہے۔ مضبوط معاشرے صرف قوانین سے نہیں بنتے؛ ان کے پیچھے شہری عادات اور اجتماعی اقدار بھی ہوتی ہیں۔ جنگوں اور تباہیوں سے گزرنے والے کئی معاشروں نے اپنی تعمیر نو میں صرف عمارتیں اور معیشتیں نہیں بنائیں، بلکہ نظم، محنت، قانون کی پابندی، تعلیم اور اجتماعی ذمہ داری کو بھی اپنی قومی ثقافت کا حصہ بنایا۔ پاکستان کو بھی ترقی کے لئے صرف نئے منصوبے نہیں، نئے شہری رویے درکار ہیں، لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ ریاست اپنی ذمہ داری سے بری ہو جائے۔ بالکل نہیں۔

بقیہ 37

لگائی ہے کیونکہ صوبائی حکومت دہشت گردی کے خاتمے کیلئے تعاون نہیں کر رہی تھی۔سوموار کو ایوان بالا میں اپوزیشن لیڈر کی تقریر کا جواب دیتے ہوئے وزیر داخلہ سید محسن نقوی نے کہا کہ اپوزیشن لیڈر کو دو حکومتوں کی لڑائی میں اللہ تعالیٰ کو نہیں لانا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ میں آئین کی خلاف ورزی نہیں ہوئی ہے یہ آئین کے مطابق ہے۔ہمیں بتائیں کہ کونسی شق کی خلاف ورزی ہوئی ہے۔دونوں سیاسی جماعتوں نے ایک ایک شق کو دیکھا ہے اور ایک بھی خلاف ورزی نہیں ہوئی ہے۔انہوں نے کہا کہ اسی پارلیمنٹ ہاؤس کے اندر اپوزیشن کے ساتھ مذاکرات ہوئے تھے اور پہلے دن سے ہماری بات دہشت گردی پر شروع ہوئی اس کے علاوہ کوئی دوسری بات یا سیاسی بات چیت نہیں ہوئی تھی۔اس موقع پر اسد قیصر نے کہا کہ ہم پاکستان کیلئے اس حوالے سے ساتھ کھڑے ہونگے۔انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف کے اراکین اور صوبائی حکومت کا دہشت گردی کے حوالے سے نکتہ نظر مختلف تھا۔انہوں نے کہا کہ ایمرجنسی لگانے کا اختیار26نومبر کو بھی تھا مگر کیا وجہ تھی کہ اس دن ایمرجنسی لگائی گئی۔انہوں نے کہا کہ ایمرجنسی لگانے سے ایک رات قبل اپوزیشن رہنماؤں کے ساتھ بھرپور رابطے کئے اور ہم نے کہا کہ جس نکتے پر اعتراض ہے اس میں بیٹھ کر تبدیلی کر لیتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہم وہاں پر اپنے جوانوں کی شہادتیں دیں اور وہاں سے ایک بندہ بھی ہمارے ساتھ نہ ہو۔یہ سب کے سامنے ہے۔انہوں نے کہا کہ ایک جانب ہمارے جوان شہادتیں دیتے اور چیف منسٹر دوسری جگہ پر ہمارے خلاف تقاریر کرتے۔انہوں نے کہا کہ مذاکرات کے ڈرافٹ میں تین مرتبہ تبدیلیاں ہوئی اور چوتھی بار چھ تبدیلیوں کو تسلیم کیا۔مگر اس کے بعد ڈرافٹ چیف منسٹر کو بھجوایا جاتا ہے اور وہاں سے مراد سعید کو بھیجا جاتا ہے اور پورے محنت ضائع ہوگئی۔انہوں نے کہا کہ ہم نے چیف منسٹر خیبر پختونخوا کو بھی مذاکرات میں شامل کرنے کا کہا مگر وہ نہیں آئے۔انہوں نے کہا کہ اگر ایمرجنسی اور گورنر راج لگانے کا فیصلہ حکومت کیلئے آسان نہیں تھا۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردی میں80فیصد افغانی ملوث ہیں اور ہم نے کبھی بھی پختونوں کا نام نہیں لیا ہے ہم نے صرف یہ کہا ہے کہ یہ دہشت گرد ہیں اور دوسری سائیڈ سے آرہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہم نے یہ کہا تھا کہ پی ٹی آئی کے کچھ لوگوں کا طالبان کے ساتھ رابطہ ہے اور ہم یہ ثابت بھی کر دیں گے۔انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا حکومت سے یہ پوچھیں کہ تمام فیصلے مراد سعید کیوں کر رہا تھا اور چیف منسٹر فیصلے کیوں نہیں کر رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف ہم بھرپور کامیابی حاصل کریں گے اور اس کو ختم کریں گے۔انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے نوجوانوں کو اپنے ساتھ لیکر چلیں گے ہمارا ایجنڈا صرف دہشت گردی ہے اس کے علاوہ اور کوئی ایجنڈہ نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ 25نومبر کو جب دھاوا بولا جار ہا تھا۔اس وقت ہم نے کہا کہ ہم جگہ دیتے ہیں وہاں پر بیٹھ جائیں۔مگر ہماری بات نہیں مانی گئی اور کہا کہ ہماری فون پر بات کرائیں جب بات ہوگئی تو آدھی پارٹی نے کہا کہ ہم نہیں مانتے ہیں ہمیں ویڈیو ریکارڈ کر کے بتائیں۔مگر جب ریکارڈنگ شروع ہوئی تو کہا گیا کہ جیل میں سلاخوں کے پیچھے سے ریکارڈ کراؤنگا۔مگر جب ہم سلاخوں کے پیچھے لیکر گئے تو انہوں نے کہا کہ میں نے آج ریکارڈ نہیں کرونگا بلکہ کل ریکارڈ کرونگا۔انہوں نے کہا کہ ایسے تجربوں کے بعد بھی ہم نے مذاکرات پارلیمنٹ ہاؤس کے اندر کئے۔ہم نے مذاکرات میں ہمیشہ پہل کی ہے اور اخری فون رات کے 12 بجے کیا۔انہوں نے کہا کہ ہمیں ذمہ دار نہ ٹھہرائیں بلکہ ان لوگوں کی جانب دیکھیں جنہوں نے پارٹی کو اس حال تک پہنچایا ہے۔ہم نے کوئی ضد نہیں کی ہے یہ چند لوگ ہیں جنہوں نے یہ غلط قدم اٹھایا ہے اور پوری پارٹی کو نقصان پہنچایا ہے۔انہوں نے کہا کہ ہم مذاکرات کیلئے ہر حد تک گئے ہیں اس ایوان میں حقائق پر بات کریں،ہم جواب دینے کیلئے ہروقت تیار ہیں۔

بقیہ 38

کوئی نہیں چاہتا تھا ایمرجنسی لگے، مذاکرات کے دوران چوتھی دفعہ 6 تبدیلیاں تجویز کی گئیں ہم نے ان سب کو مانا، جب سب طے ہوا تو تحریر وزیراعلیٰ کو دی گئی ، وزیراعلیٰ نے وہ ٹیکسٹ مراد سعید کو بھیجا، اس کے بعد دو دن کی محنت ضائع ہو گئی، ایمرجنسی اور گورنر راج کا آپشن 26 نومبر کو بھی تھا۔سینیٹ میں بات کرتے ہوئے محسن نقوی نے کہا ہم یہ نہیں کر سکتے کہ فوج اور پولیس والے شہادتیں دیں، ہماری شہادت ہوتی تھیں اور سی ایم ان کے خلاف تقریر کرتے تھے جو شہید ہوئے، ہم نے سیاسی بات کو دہشتگردی سے نتھی نہیں کیا۔وزیرداخلہ محسن نقوی نے کہا کہ ایوان میں مذاکرات ہوئے، ہماری بات چیت شروع ہی دہشتگردی پر ہوئی تھی، دہشتگردی کے 7 سے 8 نکات پر بات ہوئی، اسد قیصر نے کہا کہ ہم ان سب نکات پر پاکستان کے ساتھ کھڑے ہوں گے، اسد قیصر سے کہا آپ کا اور کے پی حکومت کا نقطہ نظر الگ ہے، پہلے کوئی سیاسی بات نہیں ہوئی تھی۔محسن نقوی نے کہا کہ مذاکرات کے دوران چوتھی دفعہ 6 تبدیلیاں تجویز کی گئیں ہم نے ان سب کو مانا، جب سب طے ہوا تو تحریر وزیراعلیٰ کو دی گئی ، وزیراعلیٰ نے وہ ٹیکسٹ مراد سعید کو بھیجا، اس کے بعد دو دن کی محنت ضائع ہوگئی۔نجی ٹی وی کے مطابق صحافی نے سوال کیا کہ آپ نے کہا سہیل آفریدی کو مراد سعید آپریٹ کرتے تھے مراد سعید کہاں ہیں؟ جس پر محسن نقوی نے جواب دیا کہ مراد سعید سے متعلق تمام انفارمیشن ہے آپ کو بتاؤں گا۔محسن نقوی نے کہا کہ ایمرجنسی اور گورنر راج کا آپشن 26نومبر کو بھی تھا، 25 نومبر کو جب دھاوا بولا جا رہا تھا تو پی ٹی آئی کو کہا کہ ہم آپ کو جگہ دیتے ہیں، انہوں نے کہا نہیں ہماری بانی سے فون پر بات کرائی جائے پھر دھرنے کو مؤخر کریں گے، جب فون پر بات ہوئی تو آدھی پارٹی نے کہا ہم مانتے ہی نہیں، کہا گیا کہ ہم مانیں گے جب ویڈیو میسج ریکارڈ کروائیں گے۔محسن نقوی نے کہا بیرسٹر گوہر سے کہا کہ آپ جا کر ان کا ویڈیو میسج ریکارڈ کریں، ہم نے دو گھنٹے انتظار کیا انہوں نے کہا سلاخوں کے پیچھے سے بیان ریکارڈ کراؤں گا، ہم نے وزیراعظم اور صدر کو بتایا، ہم سلاخوں کے پیچھے لیکر گئے انہوں نے کہا میں نے آج ریکارڈ نہیں کرنا کل کروں گا، ہم نے کہا دھرنا ہے وہ آپ کی ریکارڈنگ کا انتظار کر رہے ہیں جس کے بعد انہوں نے کہا میرے وکیلوں کو بلائیں پھر کروں گا۔محسن نقوی نے کہا کہ راجہ ناصر عباس نے کہا کہ آئین کی خلاف ورزی ہوئی، سوال کیا کہ آپ بتا دیں آئین کی کونسی شق کی خلاف ورزی ہوئی؟ ن لیگ اور پیپلز پارٹی نے ایک ایک شق کو بیٹھ کر دیکھا، آئین کی کوئی خلاف ورزی نہیں ہوئی۔اس ایکٹ کو غلط صحیح کہہ سکتے ہیں، ہمارے خیال میں یہ اقدام درست ہے۔

بقیہ 39

اکنامک آؤٹ لک 2026 جاری کردی ہے جس میں آئی ایم ایف کو پاکستان میں رواں مالی سال مہنگائی میں اضافے کا خدشہ ہے، آئی ایم ایف کے مطابق گزشتہ مالی سال پاکستان میں مہنگائی کی شرح 7.1فیصد ریکارڈ کی گئی تھی، رواں مالی سال پاکستان میں مہنگائی 9.9فیصد تک پہنچنے کا تخمینہ ہے۔آئی ایم ایف کے مطابق رواں برس پاکستان کی معاشی نمو 3.5فیصد رہے گی جو گزشتہ مالی سال پاکستان کی جی ڈی پی 3.6 فیصد تھی جبکہ مالی سال میں پاکستان کا کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ جی ڈی پی کا ایک فیصد ہوگا، رواں مالی سال میں بے روزگاری کی شرح 6.5فیصد رہے گی۔عالمی مالیاتی فنڈ نے کہا کہ عالمی شرح نمو 2025میں 3.5فیصد تھی، جو 2026 میں 3.1فیصد رہنے کی توقع ہے، عالمی معاشی نمو 2027میں 3.4فیصد ہوگی۔آئی ایم ایف کے عالمی معاشی منظر نامے کے مطابق مشرق وسطی کی جنگ سے مہنگائی کی شرح 2026میں 4.7فیصد ہوگی، عالمی معیشت دو حصوں میں تقسیم ہے، اے آئی کے شعبے سے وابستہ یا توانائی برآمد کرنے والے ممالک بہتر کارکردگی دکھا رہے ہیں، توانائی درآمد کرنے والے اور ٹیکنالوجی کی دوڑ سے باہر ممالک کو مہنگائی، درآمدی بلوں اور مالیاتی دباؤ کا سامنا ہے۔آئی ایم ایف کے مطابق سپلائی چینز میں لچک اور تیل کی پیداوار متبادل ذرائع سے پوری کرنے کے باوجود توانائی کے ذخائر کم ہو رہے ہیں، جیو پولیٹیکل بحران کی صورت میں تیل کی قیمتیں تیزی سے بڑھ سکتی ہیں، عوامی قرضوں اور شرح سود کی بلند سطح کی وجہ سے حکومتوں کے لیے مالی گنجائش محدود ہو چکی، متوسط مدت کے استحکام، خسارے پر قابو پانے اور انتہائی کمزور طبقے کو ٹارگٹڈ ریلیف دینے کی ضرورت ہے۔

بقیہ 40

گیا، جبکہ 30ہزار نوجوانوں کو ہنر مند بنا کر بیرون ملک روزگار کے لیے بھجوانے کے پروگرام پر پیش رفت تیز کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔اجلاس میں فنی تعلیم کے فروغ، نوجوانوں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافے اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے لیے جاری اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے فنی تعلیم کی استعداد کار میں اضافے ، اداروں کی رجسٹریشن اور نگرانی کے نظام کو مؤثر بنانے کے لیے انسٹی ٹیوٹ رجسٹریشن پورٹل کا افتتاح کیا۔اس پورٹل کے ذریعے فنی تربیتی اداروں کی رجسٹریشن اور کارکردگی کی نگرانی کے نظام کو بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے لیے سازگار ماحول کا فروغ ضروری ہے۔فنی تعلیم اور ہنرمندی کا فروغ نوجوانوں کو معاشی خودمختاری کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے ناگزیر ہے۔انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو جدید تقاضوں اور مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق فنی تربیت فراہم کی جائے تا کہ وہ مقامی اور بین الاقوامی سطح پر روزگار حاصل کر کے اپنے خاندانوں کی معاشی حالت بہتر بنانے کے ساتھ ملکی ترقی میں بھی مؤثر کردار ادا کر سکیں۔وزیراعلیٰ نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ آئندہ سال تک فنی تربیت مکمل کرنے والے 25ہزار نوجوانوں کو قومی اور عالمی معیشت کا حصہ بنانے کے لیے جامع حکمت عملی مرتب کی جائے۔انہوں نے کہا کہ تربیتی پروگراموں کو روزگار کی حقیقی ضروریات سے ہم آہنگ کرنا ضروری ہے تا کہ نوجوانوں کو محض تربیت فراہم کرنے تک محدود رکھنے کے بجائے انہیں عملی طور پر روزگار کے مواقع سے منسلک کیا جاسکے۔اجلاس میں 30 ہزار نوجوانوں کو مختلف شعبوں میں ہنرمند بنا کر بیرون ملک روزگار کے لیے بھجوانے کے پروگرام پر پیش رفت تیز کرنے پر بھی زور دیا گیا۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ نوجوانوں کی صلاحیتوں کو ہنر میں ڈھال کر انہیں ملکی اور عالمی سطح پر روزگار کے قابل بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔اس مقصد کے لیے فنی تربیتی اداروں کی کارکردگی بہتر بنانے، تربیت کے معیار کو یقینی بنانے اور متعلقہ اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ کاری کو فروغ دیا جائے۔اجلاس میں چیف منسٹر یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام کے اہداف کے حصول میں سست روی کا بھی جائزہ لیا گیا۔اجلاس کو بتایا گیا کہ پروگرام پر عمل درآمد میں تاخیر اور مقررہ اہداف کے حصول میں غفلت برتنے پر ذمہ داروں کے خلاف کارروائی شروع کردی گئی ہے۔وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ فنی تربیت کے منصوبوں پر عمل درآمد تیز کیا جائے اور مقررہ اہداف کے حصول کے لیے متعلقہ اداروں کی کارکردگی کی باقاعدگی سے نگرانی کی جائے۔وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوانوں میں بے پناہ صلاحیتیں موجود ہیں، جنہیں درست سمت میں بروئے کار لا کر صوبے کی معاشی ترقی اور خوشحالی کے لیے مؤثر کردار ادا کیا جاسکتا ہے۔انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ فنی تعلیم اور پیشہ ورانہ تربیت کے پروگراموں کو نتیجہ خیز بنایا جائے تا کہ نوجوانوں کو باعزت روزگار کے مواقع میسر آئیں، ان کی معاشی خودمختاری میں اضافہ ہو اور وہ قومی و عالمی معیشت کا فعال حصہ بن سکیں۔

بقیہ 41

میں وفاقی وزیر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ اسپیکر قومی اسمبلی حکومت اور اپوزیشن کیلئے برابر ہیں، سردار ایاز صادق غیر جانبدار ہیں، ملکی مفاد اور آئینی معاملات میں بیٹھنے کیلئے جگہ اہمیت نہیں رکھتی، قائد حزب اختلاف اسپیکر چیمبر ضرور آئیں اور بات کریں۔انہوں نے کہا کہ قومی اسمبلی میں بات کرنے کیلئے بھی اسپیکر سے اجازت لینا پڑتی ہے، اسپیکر کا رویہ ایسا ہے کہ اپوزیشن لیڈر کو ان کے چیمبر آنے پر کوئی شکایت نہیں ہوگی۔

بقیہ 42

نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں چند ماہ سے صورتحال انتہائی خراب تھی۔حکمران جماعت مسلم لیگ (ن) کی پارلیمانی پارٹی کے اجلاس سے خطاب میں وزیراعظم نے کہا کہ 2018 میں ملک میں دہشت گردی کا مکمل خاتمہ ہو چکا تھا، امن کیلئے سیاستدانوں نے قربانیاں دی تھیں۔انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے عوام نے ہمیشہ پاکستان کیلئے قربانیاں دی، ان قربانیوں کی بدولت صوبے میں امن قائم ہوا۔وزیراعظم نے کہا کہ پی ٹی آئی حکومت میں دہشت گردوں کو خیبر پختونخوا میں لایا گیا، چند ماہ سے وہاں صورتحال انتہائی خراب تھی۔

بقیہ 43

پی آر کے مطابق فتح 2ای آر دشمن کے میزائل دفاعی نظام کو ناکام بنانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔آئی ایس پی آر کے مطابق میزائل کی رینج میں اضافے سے پاک فوج کی آپریشنل رسائی اور دور دراز اہداف کو نشانہ بنانے کی صلاحیت میں اضافہ ہوگا۔ دریں اثنا صدر مملکت، وزیراعظم، چیف آف ڈیفنس فورسز اور سروسز چیفس نے کامیاب تجربے پر سائنسدانوں اور انجینئرز کو مبارکباد دی ہے۔تجربے کا مشاہدہ کمانڈر آرمی راکٹ فورس کمانڈ، پاک فوج کے سینئر افسران، سائنسدانوں اور انجینئرز نے کیا۔کمانڈر آرمی راکٹ فورس کمانڈ نے سائنسدانوں اور انجینئرز کی لگن اور تکنیکی مہارت کو سراہا۔

بقیہ 44

نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں امن و امان کی صورت حال بہتر بنانے، معیشت کی بحالی اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے گورنر کی معاونت کی غرض سے غیر جانبدار تکنیکی مشاورتی کونسل قائم کی گئی ہے۔ان کے مطابق صوبے میں پائیدار امن اور عوام کی فلاح و بہبود کے لیے مؤثر اقدامات کی ضرورت ہے۔وزیراعظم نے الزام عائد کیا کہ خیبر پختونخوا میں پاکستان تحریک انصاف کی حکومت کے طرزِ عمل اور دہشت گردی کے خلاف واضح موقف اختیار نہ کرنے سے ملک کی ترقی کرتی معیشت کو خطرات لاحق ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی کابینہ نے باہمی مشاورت کے بعد آئین کے آرٹیکل 232 اور234 کے تحت آئینی اقدامات کرنے کا فیصلہ کیا۔شہباز شریف کا کہنا تھا کہ ان کے مطابق صوبائی حکومت نے دہشت گردی کی واضح الفاظ میں مذمت نہیں کی اور نہ ہی دہشت گرد عناصر کے خلاف بھرپور کارروائی کی۔ انہوں نے یاد دلایا کہ گزشتہ کئی برسوں کے دوران پاک افواج، سکیورٹی فورسز اور پولیس کے متعدد اہلکاروں نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا اور ملک کے دفاع کے لیے قربانیاں دیں۔وزیراعظم نے مزید کہا کہ گزشتہ 13 برسوں کے دوران پاکستان تحریک انصاف اور خیبر پختونخوا کی صوبائی حکومت عوامی فلاح و بہبود اور شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے لیے خاطر خواہ اقدامات کرنے میں ناکام رہی، جبکہ ان کے بقول صوبے میں انتشار کو فروغ دیا گیا۔انہوں نے بتایا کہ وفاقی حکومت نے دہشت گردی کے خاتمے کے لیے خیبر پختونخوا کو قومی مالیاتی کمیشن کے تحت800 ارب روپے سے زائد فنڈز فراہم کیے۔وزیراعظم کے مطابق صوبائی حکومت انسدادِ دہشت گردی کے محکمے کی استعداد بڑھانے اور محفوظ شہروں کے منصوبے قائم کرنے کے لیے بھی مؤثر اقدامات نہ کرسکی۔ملاقات میں شریک اتحادی جماعتوں کے پارلیمانی وفد نے موجودہ حالات میں وفاقی حکومت کی حمایت کا یقین دلایا اور مشکل حالات میں ملک کی قیادت کرنے پر وزیراعظم شہباز شریف کو خراج تحسین پیش کیا۔وفد کے ارکان نے موقف اختیار کیا کہ خیبر پختونخوا کے عوام گزشتہ 13 برسوں کے دوران صحت، تعلیم اور بنیادی ڈھانچے کے شعبوں میں مطلوبہ ترقی سے محروم رہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ وفاقی حکومت کے تعاون سے خیبر پختونخوا میں بھی ملک کے دیگر حصوں کی طرح ترقی اور خوشحالی کا سفر آگے بڑھے گا۔بلوچستان عوامی پارٹی کے صدر اور وفاقی وزیر خالد مگسی، سابق چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی، سینیٹرز منظور کاکڑ، عبدالقادر بلوچ، دنیش کمار اور ثمینہ ممتاز زہری، سابق سینیٹر فدا محمد خان، پاکستان مسلم لیگ (ق) کے صدر اور وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین، ارکان قومی اسمبلی محمد الیاس چوہدری اور فرخ خان، استحکام پاکستان پارٹی کے وزیر مملکت عون ثقلین عباس، ارکان قومی اسمبلی گل اصغر خان اور منزہ حسن، جبکہ مسلم لیگ (ضیاء) کے صدر اور رکن قومی اسمبلی محمد اعجاز الحق وفد میں شامل تھے۔ملاقات میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار، وزیر دفاع خواجہ محمد آصف، وفاقی وزیر قانون و انصاف اعظم نذیر تارڑ، وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری اور وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور و بین الصوبائی روابط رانا ثناء اللہ بھی موجود تھے۔

بقیہ 45

پیش کیا۔ان کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا پاکستان کا انتہائی خوبصورت صوبہ ہے اور یہاں کے غیور عوام نے بالخصوص مشکل حالات میں ملک کے لیے نمایاں قربانیاں دی ہیں۔صوبے کے عوام کی جرات اور استقامت قابلِ تحسین ہے اور ان کی قربانیوں کو فراموش نہیں کیا جا سکتا۔وزیراعظم نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں سکیورٹی فورسز کے اہلکاروں اور عام شہریوں کی شہادتیں انتہائی افسوس ناک صورت حال کی عکاسی کرتی ہیں۔دہشت گردی کے باعث صوبے کے عوام نے طویل عرصے تک مشکلات کا سامنا کیا ہے، اس لیے امن و امان کی بحالی اور عوام کو تحفظ فراہم کرنا ناگزیر ہے۔انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ صوبے میں دہشت گردی کے خاتمے اور عوام کے حالات بہتر بنانے کے لیے اقدامات کیے جائیں گے۔شہباز شریف کا کہنا تھا کہ وفاقی حکومت نے خیبر پختونخوا کی صوبائی حکومت کے ساتھ مل کر کام کرنے کی ہر ممکن کوشش کی ہے۔ حکومت کی خواہش رہی ہے کہ باہمی تعاون اور مشترکہ حکمت عملی کے ذریعے صوبے کے مسائل حل کیے جائیں اور عوام کو درپیش مشکلات میں کمی لائی جائے۔ تاہم، وزیراعظم کے مطابق ایمرجنسی کا نفاذ مجبوراً کرنا پڑا۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ ڈھائی سال کے دوران حکومت نے حالات اور معاملات کو بہتر بنانے کے لیے ہر ممکن کوشش کی۔ وزیراعظم نے ماضی میں ہونے والے دھرنوں اور لانگ مارچ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ڈی چوک میں پیش آنے والے واقعات سے کون واقف نہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ڈی چوک میں قبریں کھودی گئیں اور وہاں گندے کپڑے دھوئے جاتے تھے۔

بقیہ 46

گے، آزاد جمہوری نظام اور آزاد عدلیہ کے حامی ہیں۔انہوں نے کہا کہ جمہوری حکومت کو ختم کر کے ایمرجنسی اور گورنر راج کا نفاذ غیر قانونی ہے۔واضح رہے کہ دو روز قبل وزیر اعظم شہباز شریف کی ایڈوائس پر صدر مملکت آصف علی زرداری نے ایمرجنسی اور گورنر راج کی سمری پر دستخط کیے تھے۔

بقیہ 47

ہوئے عطا تارڑ نے کہا کہ ملک میں ایسی حکومت نہیں ہوسکتی جو دہشتگردوں سے ہمدردی کرے، ملک میں ایسی حکومت نہیں ہوسکتی جو ایسی پالیسی اپنائے جو دہشتگردوں کو اپنی کارروائیاں اور سرگرمیاں جاری رکھنے کا موقع فراہم کرے، ہم پی ٹی آئی کے ساتھ دہشتگردی کے خلاف اقدامات اور مشترکہ پالیسی کے بارے میں مذاکرات کر رہے تھے، دہشتگردی کیخلاف ایک ہی ملک میں دو مختلف پالیسیاں کیسے ہوسکتی ہیں؟انہوں نے کہا کہ آئین سازوں نے ان دفعات کو آئین میں ایسے ہی حالات سے نمٹنے کیلئے شامل کیا تھا،1973 کے آئین کے تحت قانونی طور پر درست اقدامات کیے گئے، صوبے میں حکمرانی کا نظام مکمل طور پر مفلوج ہو چکا تھا، صوبے میں امن وامان کی صورتحال بھی مکمل طور پر خراب ہوگئی تھی، اطلاعات ہیں کہ جن علاقوں میں دہشتگرد سرگرم ہیں، وہاں دیگر سیاسی جماعتوں کے نمائندوں کو بحفاظت گزرنے کی اجازت نہیں دی جاتی۔وزیراطلاعات نے کہا کہ پی ٹی آئی کا مارچ ان اضلاع سے ان دہشت گرد تنظیموں کے ساتھ رابطہ کاری کے بعد گزرا، مارچ کو ان علاقوں سے بحفاظت گزرنے کی اجازت ہے۔

بقیہ 48

لوگ زیادہ غصے میں ہیں، ہم جو جنگ لڑ رہے ہیں وہ چھوٹی نہیں ہے ہم کہیں نہیں جانے والے ہم یہ جنگ لڑتے رہیں گے۔راولپنڈی اڈیالہ روڈ پر میڈیا سے گفتگو میں انہوں نے کہا کہ عمران خان سے ملاقاتوں کے لیے اسلام آباد ہائی کورٹ کے حکم کے تحت یہاں آتے ہیں، یہ حکومت عدالتی احکامات پر عمل درآمد نہیں ہونے دے رہی، اگر کوئی صوبہ آئین کے مطابق نہ چل رہا ہو وہاں گورنر راج لگتا ہے، پنجاب پراپرٹی پروٹیکشن ایکٹ اور سی سی ڈی کیا غیر آئینی کام نہیں ہیں؟ سی سی ڈی پنجاب میں ماورائے عدالت قتل کر رہی ہے کیا یہ غیر آئینی نہیں؟۔انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت نے پہلے کے پی میں عدم اعتماد لانے کا پلان بنایا، وفاقی حکومت نے سہیل آفریدی کو نااہل کرنے کے لیے شیر افضل سے پٹیشن دائر کرائی، ایمرجنسی اور گورنر راج لگا کر لوگوں کی نفرت میں اضافہ کیا گیا، وفاقی حکومت کے اقدامات سے کے پی کے لوگ زیادہ غصے میں آئے ہیں وفاقی حکومت خاص طور پر ن لیگ کا ایجنڈا تھا۔انہوں نے کہا کہ این ایف سی ایوارڈ میں کے پی کو 2فیصد شیئر ملنا تھا وہ ابھی تک نہیں دیا پیپلز پارٹی کا پنجاب کا گورنر کہہ رہا کہ گورنر راج کا معاملہ ہم پر نہ ڈالیں جب کہ گورنر راج کی سمری پر صدر پاکستان نے دستخط کیے۔انہوں نے مزید کہا کہ ہم جو جنگ لڑ رہے ہیں وہ چھوٹی نہیں ہے ہم کہیں نہیں جانے والے ہم یہ جنگ لڑتے رہیں گے۔

بقیہ 49

۔ذرائع کے مطابق چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے گرما اور سرما کی تعطیلات نہیں کی تھیں، انہوں نے تعطیلات کے دوران چھٹیاں کرنے کے بجائے آفیشل ڈیوٹی جاری رکھی تھی۔ذرائع کے مطابق تعطیلات میں مسلسل فرائض انجام دینے کے بعد چیف جسٹس یحییٰ آفریدی اب نجی دورے پر انگلینڈ جا رہے ہیں۔

بقیہ 50

تا کہ کسان فصل کی کاشت سے متعلق بہتر فیصلے کر سکیں۔وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیرصدارت اسلام آباد میں قومی زرعی و غذائی تحفظ کونسل کا پہلا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ملکی زراعت کی ترقی، کسانوں کو سہولیات کی فراہمی، غذائی تحفظ، گندم کی قیمت کے تعین اور زرعی و مویشیوں کی مصنوعات کی برآمدات بڑھانے کے لیے مختلف اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ زراعت ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے اور یہ شعبہ پاکستان کو مختصر مدت میں معاشی ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے۔

بقیہ 51

شدہ رینج کی حامل اسلحہ جاتی صلاحیتیں پاکستان کے دفاعی نظام کو مزید مؤثر بنانے میں اہم کردار ادا کریں گی۔ انہوں نے کہا کہ دفاعی ٹیکنالوجی کے شعبے میں پاکستانی سائنس دانوں اور انجینئرز کی محنت، لگن اور پیشہ ورانہ مہارت قابل تحسین ہے۔میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج ملک کے دفاع، خودمختاری اور قومی سلامتی کے تحفظ کے لیے بھرپور عزم کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں انجام دے رہی ہیں۔ جدید دفاعی ٹیکنالوجی میں پیش رفت قومی دفاع کو مضبوط بنانے اور بدلتے ہوئے سکیورٹی چیلنجز سے نمٹنے کی تیاریوں کا حصہ ہے۔وزیراعلیٰ بلوچستان نے کامیاب تجرباتی لانچ پر متعلقہ اداروں اور اس منصوبے سے وابستہ تمام ماہرین کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ پاکستان دفاعی سائنس اور ٹیکنالوجی کے میدان میں اپنی صلاحیتوں کو مزید ترقی دے گا۔

بقیہ 1

پر زور دیا کہ معدنیات کا شعبہ بلوچستان کی معیشت میں اہم کردار ادا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ اس شعبے کی ترقی سے نہ صرف صوبے کے قدرتی وسائل کو بہتر انداز میں بروئے کار لانے میں مدد مل سکتی ہے بلکہ روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے، مقامی کاروباری سرگرمیوں کو وسعت دینے اور صوبائی معیشت کو مستحکم کرنے کی راہیں بھی ہموار ہوسکتی ہیں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے وفد کی جانب سے پیش کیے گئے مسائل اور تجاویز کو غور سے سنا اور معدنیات کے شعبے سے متعلق قابل عمل تجاویز کا جائزہ لینے اور درپیش مسائل کے حل کے سیکرٹری مائنز کو احکامات جاری کیے میر سرفراز بگٹی نے اس امر کی اہمیت کو اجاگر کیا کہ صوبے کے قدرتی وسائل کو عوامی مفاد، معاشی ترقی اور روزگار کے مواقع میں اضافے کے لیے مؤثر انداز میں استعمال کیا جائے گا۔ اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، سیکرٹری مائنز اینڈ منرلز سیدال خان لونی سمیت دیگر حکام شریک تھے۔

بقیہ 2

جائے۔ عدالت کو بتایا گیا کہ مجوزہ فلنگ اسٹیشن کے سامنے موجود دکانوں کے باعث سڑک پر ٹریفک کی روانی متاثر ہو رہی ہے اور ایک مزید تنگ مقام پیدا ہونے کا خدشہ ہے۔ درخواست گزار کے وکیل کے مطابق ریڈیمکو کے نمائندے کے ہمراہ موقع کا معائنہ بھی کیا گیا، جبکہ مجوزہ فلنگ اسٹیشن کے سامنے سڑک کی دوسری جانب قائم دکانوں کو ہٹانے کا اصولی فیصلہ ہونے کے باوجود اس ضمن میں ضروری اقدامات نہیں کیے گئے۔ عدالت نے قرار دیا کہ معاملے کو مناسب موقع کے معائنے اور جامع سروے کے بغیر حل کرنا ممکن نہیں۔ اس سلسلے میں ایڈووکیٹ جنرل آفس کو ہدایت کی گئی کہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ اور متعلقہ تحصیلدار یا ریونیو افسر سے جوائنٹ روڈ کے دونوں اطراف پہلے سے قائم، نئی تعمیر شدہ اور مجوزہ دکانوں کے حوالے سے رپورٹس حاصل کر کے عدالت میں پیش کی جائیں۔ ایڈووکیٹ جنرل کو سروے کے لیے قائم کمیٹی کا کنوینر مقرر کیا گیا ہے، جبکہ سروے کی تاریخ ایڈووکیٹ جنرل آفس کا نمائندہ طے کرے گا۔ سماعت کے دوران درخواست گزار کے وکیل نے کمشنر کوئٹہ ڈویژن اور پاکستان ریلوے کی جانب سے جمع کرائی گئی رپورٹس پر اعتراضات بھی پیش کیے، جن کی نقول فریقین کو فراہم کر دی گئیں۔ متعلقہ فریقین نے رپورٹس کا جائزہ لینے کے لیے مہلت طلب کی۔ عدالت نے اس امر پر بھی تشویش کا اظہار کیا کہ سڑک کی توسیع سے متعلق پی سی ون مکمل طور پر فراہم نہیں کیا گیا اور صرف ایک صفحہ جمع کرایا گیا ہے۔ اس ضمن میں ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل اور پراجیکٹ ڈائریکٹر کے وکیل کو ضروری کارروائی کرنے کی ہدایت کی گئی۔ پاکستان ریلوے کے وکیل نے عدالت کو بتایا کہ گزشتہ سماعت پر اجلاس کی کارروائی کے منٹس جمع کرائے گئے تھے، جن کے مطابق ریڈیمکو نے جوائنٹ روڈ کے مشرقی جانب فلنگ اسٹیشن قائم کرنے کی اجازت طلب کی ہے۔ عدالت نے پہلے جاری کردہ عبوری حکم میں آئندہ سماعت تک توسیع کرتے ہوئے حکم نامے کی نقل ایڈووکیٹ جنرل بلوچستان کے دفتر کو بھجوانے کی ہدایت کی، تاکہ متعلقہ حکام کو ضروری کارروائی اور تعمیل کے لیے آگاہ کیا جا سکے۔ یہ کارروائی 2016ء کے آئینی درخواست نمبر 824 کے ساتھ منسلک مقدمے میں کی گئی۔

بقیہ 3

متاثر ہو رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ترقی کا حقیقی معیار بلند و بانگ دعوے اور نمائشی منصوبے نہیں بلکہ عوام کو امن، روزگار، بنیادی سہولیات اور محفوظ ماحول کی فراہمی ہے۔ جب شہریوں کی جان و مال محفوظ نہ ہو اور وہ بلاخوف و خطر سفر نہ کرسکیں تو ترقی کے دعوے بے معنی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ زمینی حقائق کا ادراک کرتے ہوئے امن و امان کی بحالی، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی، قومی شاہراہوں کے تحفظ اور معاشی مشکلات کے خاتمے کے لیے مؤثر اقدامات کرے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان کے عوام محض وعدوں اور تشہیری سرگرمیوں کے بجائے عملی اقدامات اور ایسی حکمرانی چاہتے ہیں جس کے ثمرات عام آدمی تک پہنچیں۔ جمعیت علماء اسلام عوامی مسائل کے حل، صوبے میں امن و انصاف کے قیام اور عوام کے بنیادی حقوق کے تحفظ کے لیے اپنا سیاسی اور جمہوری کردار ادا کرتی رہے گی۔

بقیہ 4

کی شکایات کے فوری ازالے کے لیے کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس کی صدارت اسسٹنٹ کمشنر گوادر رومیل نعیم جان نے کی، جبکہ اسسٹنٹ ضلعی آفیسر پولیس چاکر خان بھی موجود تھے۔ کھلی کچہری میں عوامی مسائل، اشیائے خورونوش کے معیار، تعلیمی اداروں کی بہتری، ٹریفک کی روانی اور شہری سہولیات سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر رومیل نعیم جان نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوامی شکایات کا ازالہ ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور اس سلسلے میں تمام متعلقہ محکموں کو اپنی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں ادا کرنے کے ساتھ فیلڈ میں موجودگی یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی، تاکہ شہریوں کے مسائل کا بروقت اور اک کر کے عملی اقدامات کیے جاسکیں کھلی کچہری میں اشیائے خورونوش، آٹا، دودھ اور دیگر روزمرہ استعمال کی اشیا کے معیار، قیمتوں اور دستیابی کی نگرانی پر زور دیا گیا۔ واضح کیا گیا کہ عوام کو معیاری اشیا کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے متعلقہ حکام مؤثر نگرانی کریں اور خلاف ورزیوں کی صورت میں قانون کے مطابق بلاامتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے تعلیمی شعبے کے حوالے سے تعلیمی اداروں میں تدریسی ماحول اور سہولیات کی بہتری، اساتذہ اور والدین کے درمیان مؤثر رابطے اور طلبہ کو بہتر تعلیمی ماحول فراہم کرنے کی اہمیت پر بھی زور دیا گیا اسی طرح شہر میں ٹریفک کے نظام کو بہتر بنانے، غیر رجسٹرڈ گاڑیوں سے متعلق مسائل کے حل اور سڑکوں پر آمد و رفت کو سہل بنانے کے لیے متعلقہ اداروں کو اپنی ذمہ داریاں مؤثر طریقے سے ادا کرنے کی ہدایت کی گئی، تاکہ شہریوں کو روزمرہ آمد و رفت میں درپیش مشکلات کا خاتمہ کیا جاسکے کھلی کچہری میں بتایا گیا کہ تمام متعلقہ محکمے باہمی رابطے اور تعاون کو مزید مضبوط بنائیں، عوامی شکایات پر فوری توجہ دیں اور سرکاری امور میں شفافیت، جواب دہی اور مؤثر عمل درآمد کو یقینی بنائیں، تاکہ صوبائی حکومت کی عوام دوست پالیسیوں کے ثمرات شہریوں تک پہنچ سکیں۔

بقیہ 5

جامع اور طویل المدتی حکمت عملی تشکیل دینا ناگزیر ہے۔ ضروری ہے کہ تمام متعلقہ ادارے قدرتی آفات سے قبل حفاظتی اقدامات، بروقت امدادی کارروائیوں اور متاثرہ علاقوں کی بحالی کو یکساں اہمیت دیں۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ اگرچہ انسان نے سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے میدان میں ترقی کے کئی مراحل طے کیے ہیں پھر بھی قدرتی آفات کو مکمل طور پر روکنا ابھی ممکن نہیں۔ جدید سائنٹفک ریسرچ، موسمیاتی پیش گوئی، دانشمندانہ منصوبہ بندی اور جدید ٹیکنالوجی کے بہتر استعمال سے ان آفات کے نقصانات کو نمایاں حد تک کم کیا جاسکتا ہے۔ ہمیں قدرتی آفات کو محض ہنگامی صورتحال کی بجائے ان سے نمٹنے کی پیشگی تیاریوں کو حکومتی منصوبہ بندی کا لازمی حصہ بنانا ہوگا۔ بلوچستان میں زیرزمین پانی کی گرتی ہوئی سطح کی گمبھیر صورتحال اور خشک سالی سے نمٹنے کیلئے بارش کے پانی کو ذخیرہ کرنا، چھوٹے ڈیموں کی تعمیر، زیرزمین پانی کا پائیدار استعمال اور شجرکاری مہم کو وسعت دینا ہوگا۔ گورنر نے زور دیا کہ قدرتی آفات سے نمٹنے کیلئے صوبائی اور ضلعی سطح پر اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ کاری کو یقینی بنائیں اور ریسکیو اداروں کی استعداد کار میں اضافہ کریں۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ وفاقی و صوبائی حکومتوں، متعلقہ اداروں، ماہرین ماحولیات اور مقامی آبادی کے باہمی تعاون سے ایک ایسا جامع نظام تشکیل دیا جاسکتا ہے جو بلوچستان کو قدرتی آفات کے حوالے سے محفوظ اور مستقبل کے چیلنجز سے نمٹنے کے قابل بنائے۔

بقیہ 6

3ہزار250 روپے تک فروخت کیا جانے لگا ہے۔ کوئٹہ میں سرکاری طور پر آٹے کے 20 کلو کے تھیلے کی قیمت 2ہزار640 روپے مقرر کی گئی ہے۔ کوئٹہ کے شہریوں نے بتایا کہ نانبائیوں نے آٹے کی قیمت کو جواز بنا کر 40 روپے والی روٹی کا وزن کم کر دیا ہے، تندوروں پر 40 روپے والی روٹی کا وزن مقرر 310 گرام سے کم کر کے 230 سے 270 گرام کر دیا گیا ہے۔ شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ ضلعی انتظامیہ سرکاری نرخوں پر آٹے اور روٹی کی فروخت یقینی بنائے۔

بقیہ 7

پولیو مہم 2 نومبر 2026 سے شروع ہوکر 5 نومبر 2026 چار روز تک جاری رہیگا۔ پولیو کے اس مہم میں ضلع قلات کے دو تحصیل کے 19 یونین کونسلز میں 40269 بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائیں گے اس مہم میں ضلع قلات میں تمام یونین کونسلز میں پولیو ٹیمیں پیدائش سے لے کر پانچ سال تک کے عمر کے بچوں کو پولیو کے قطرے پلائیں گے۔ اسسٹنٹ کمشنر قلات ندیم اکرم نے کہا کہ پولیو ایک موذی مرض ہے اس مرض سے بچوں کو بچانے کیلئے پولیو کے قطرے پلانا بہت ضروری ہے ایک صحت مند معاشرے کی تشکیل کیلئے بچوں کا صحت مند ہونا ضروری ہے پولیو سے پاک معاشرہ کی تشکیل کیلئے ہم سب کو مل کر پولیو جیسے مرض کے خلاف لڑنا ہوگا جسکیلئے ہمیں لوگوں میں شعور اجاگر کرنا ہے علاقے کے خطیب علمائے کرام صحافی برادری شعراء ادباء کی ذمہ داری ہے کہ وہ پولیو سے متعلق لوگوں میں شعور اجاگر کریں تاکہ ہمارا معاشرہ پولیو سے پاک معاشرہ بن سکے پولیو مہم کو سنجیدگی سے انجام دینے کیلئے مانیٹرنگ ٹیموں کی ذمہ داری ہیکہ وہ بھرپور اپنا کردار ادا کریں تاکہ کوئی بھی بچہ اس مہم میں قطرہ پلائے بغیر رہ نہ جائے پولیو مہم کے دوران کوئی غفلت لاپرواہی برداشت نہیں کی جائیگی۔

بقیہ 8

افسر احترام الحق بلوچ کو جاری ترقیاتی منصوبوں پر کام تیز کرنے کی ہدایت کی جبکہ محکمہ آبپاشی کے منصوبوں پر پیش رفت کو سراہتے ہوئے متعلقہ افسر جنید کو بھی کام کی رفتار مزید تیز کرنے کی ہدایت کی اس موقع پر محکمہ جنگلی حیات کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ افسر راجہ کی کوششوں کو سراہا گیا اور محکمے کے لیے مزید فنڈز فراہم کرنے کا اعلان کیا گیا جبکہ محکمہ لائیو سٹاک کی کارکردگی پر بھی اطمینان کا اظہار کیا گیا اور متعلقہ افسر محمد علی کی کارکردگی کو سراہا گیا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے محکمہ بلدیاتی نظام کی کارکردگی پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے سوئی شہر میں صفائی کی ناقص صورتحال پر سوئی کے میونسپل چیف آفیسر کو معطل کرنے کے احکامات جاری کیے وزیراعلیٰ نے اس موقع پر سرکاری محکموں کی کارکردگی بہتر بنانے اور جاری ترقیاتی منصوبوں کو بروقت مکمل کرنے کی ضرورت پر زور دیا تاکہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے اس موقع پر وفاقی سیکرٹری برائے پٹرولیم وڈیرہ میاں خان بگٹی بھی ان کے ہمراہ تھے۔

بقیہ 9

افسوسناک حادثے میں محمد انور، ایک خاتون اور دو کمسن بچوں سمیت چار افراد جاں بحق جبکہ پانچ افراد زخمی ہوگئے جاں بحق بچوں کی شناخت عزیر احمد اور محمد ایوب کے ناموں سے ہوئی ہے، حادثے میں زخمی ہونے والوں میں نکری نوراحمد، اسامہ، بی بی حنیفہ اور بی بی آسیہ سمیت پانچ افراد شامل ہیں۔ تمام جاں بحق اور زخمی افراد کا تعلق قلات کے محلہ خیل سے بتایا جاتا ہے حادثے کے بعد جاں بحق افراد اور زخمیوں کو ڈی ایچ کیو ہسپتال قلات منتقل کیا گیا، جہاں شدید زخمیوں کو مزید علاج کے لیے کوئٹہ ریفر کردیا گیا بعدازاں جاں بحق افراد کی میتیں جب ان کے آبائی علاقے قلات کے محلہ خیل پہنچائی گئیں تو پورا علاقہ سوگ میں ڈوب گیا۔ اپنے پیاروں کی میتیں دیکھ کر اہل خانہ، عزیز و اقارب اور اہل علاقہ کی آنکھیں اشکبار ہوگئیں، چاروں افراد کو مقامی قبرستان میں ہزاروں سوگواروں کی موجودگی میں سپرد خاک کردیا گیا۔

بقیہ 10

مزدوروں، محنت کشوں اور موٹر سائیکل پر روزگار یا ضروری امور کے لیے سفر کرنے والے شہریوں کو غیر ضروری چیکنگ کے ذریعے پریشان کرنا کسی صورت قابل قبول نہیں۔ رہنماؤں نے کہا کہ قانون کی عملداری اور ٹریفک نظم و ضبط برقرار رکھنا ضروری ہے، لیکن اس کی آڑ میں شہریوں کو ہراساں کرنا، بلاجواز روکنا اور جرمانوں کے لیے مبینہ طور پر مخصوص اہداف مقرر کرنا قانون کے مقصد کے منافی ہے۔ انہوں نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ چیکنگ کے دوران بعض پولیس اہلکاروں کی جانب سے چہرے چھپا کر کارروائی کرنے اور شہریوں کے ساتھ نامناسب رویہ اختیار کرنے کی شکایات سامنے آ رہی ہیں، جن کا متعلقہ حکام فوری نوٹس لیں اور ایسے اقدامات کی شفاف تحقیقات کرائیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر چالان کرنا ضروری ہو تو واضح قانونی خلاف ورزی، مقررہ ضابطے اور شفاف طریقہ کار کے تحت کیا جائے، نہ کہ غریب شہریوں کو آمدنی کا ذریعہ سمجھ کر ان پر جرمانوں کا بوجھ ڈالا جائے۔ رکشہ ڈرائیور اور موٹر سائیکل سواروں کی بڑی تعداد روزانہ محنت مزدوری کر کے اپنے بچوں کے لیے دو وقت کی روٹی کا بندوبست کرتی ہے؛ ان کی معمولی آمدنی سے بلاجواز جرمانے وصول کرنا ان کے معاشی استحصال کے مترادف ہے۔ جمعیت علماء اسلام کے رہنماؤں نے صوبائی حکومت، محکمہ پولیس اور ٹریفک پولیس کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ چیکنگ کے نام پر عوام کو ہراساں کرنے کی شکایات کا فوری ازالہ کیا جائے، مبینہ ٹارگٹڈ جرمانوں کی تحقیقات کی جائیں، اہلکاروں کو قانون اور شہریوں کے احترام کا پابند بنایا جائے اور عوام کو غیر ضروری پریشانی سے نجات دلائی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ جمعیت علماء اسلام قانون کی پاسداری اور ٹریفک نظم و ضبط کی حامی ہے، تاہم قانون کے نام پر غریب عوام کے ساتھ ناانصافی اور ان کے معاشی استحصال کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ 11

مطابق گزشتہ روز سوراب سے کراچی جانے والی منی بس وڈھ کے علاقے میں حادثے کا شکار ہوئی جس کے نتیجے میں گاڑی میں سوار خواتین بچوں سمیت 10 افراد زخمی ہوگئے زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا گیا۔ مزید کارروائی مقامی پولیس کررہی ہے۔

بقیہ 12

ابرو، ظفر اللہ محمد حسنی، حمزہ مینگل، آصف رند، ظفر قلندرانی، جاوید مندوخیل اور دیگر ملاقات کرنے والے کارکنوں کے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ سید جہانگیر شاہ نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے صدر و گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کی دن رات کوششوں کی بدولت بلوچستان میں مسلم لیگ (ن) فعال اور منظم ہے اور انکی قیادت میں مسلم لیگ (ن) نے عام انتخابات میں بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل کی تھی اور اس وقت بلوچستان میں مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کی مخلوط صوبائی حکومت قائم ہوئی جو عوام کی بلارنگ و نسل خدمت کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شیخ جعفر خان مندوخیل عوام اور مسلم لیگ (ن) کے کارکنوں کو درپیش مسائل حل کرنے کیلئے دن رات کوشاں ہیں اور گورنر بلوچستان کی ذاتی کوششوں سے غیر ملکی سرمایہ کار بلوچستان کا رخ کر رہے ہیں غیر ملکی سرمایہ کاری سے بلوچستان جہاں ترقی کریگا وہاں صوبے میں روزگار کے نئے مواقع میسر آئیں گی۔ انہوں نے کہا کہ شیخ جعفر خان مندوخیل نے مشکل وقت میں مسلم لیگ (ن) بلوچستان کو سنبھالا اور پارٹی کی فعالیت کیلئے کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں شیخ جعفر خان مندوخیل کی قیادت پر مکمل اعتماد ہے اور انہیں ہر ممکن تعاون کا یقین دلاتے ہیں۔

بقیہ 13

موقف تھا کہ وہ اپنے بجلی کے بل باقاعدگی سے ادا کرتے رہے ہیں، تاہم اس کے باوجود کے الیکٹرک انتظامیہ نے انہیں اچانک 74,809 روپے کا انتہائی سنگین اور بھاری ڈیٹیکشن بل جاری کر دیا، جو کہ ان کے لیے ناقابل برداشت تھا۔ کے الیکٹرک سے ازالے کی امید نہ ملنے پر انہوں نے وفاقی محتسب کے ریجنل دفتر میں باضابطہ شکایت درج کرائی۔ شکایت موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب نے معاملے کا فوری نوٹس لیا اور کے الیکٹرک کے حکام کو جواب طلبی کے لیے طلب کیا۔ کیس کی سماعت اور ریکارڈ کی مکمل و شفاف از سر نو جانچ پڑتال کے دوران یہ بات سامنے آئی کہ صارف پر زائد اور غیر منصفانہ بوجھ ڈالا گیا تھا۔ وفاقی محتسب کی سخت اور موثر ہدایات پر کے الیکٹرک انتظامیہ نے اپنی غلطی کا ازالہ کرتے ہوئے سائل کو 50,000 روپے کی بڑی رعایت (Waive) فراہم کرنے کا باقاعدہ اعلان کیا۔ اس اہم فیصلہ کے بعد سائل کے بل کی کل بقایا 74,809 روپے سے کم ہو کر صرف 25,000 روپے رہ گئی۔ مزید براں، عام شہری کی مالی حیثیت کو مدنظر رکھتے ہوئے اور ان کی سہولت کے لیے وفاقی محتسب نے اس بقایا رقم کو 5 آسان ماہانہ اقساط میں ماہانہ بل کے ساتھ ادا کرنے کی منظوری بھی دلا دی۔ وفاقی محتسب اعلیٰ کی جانب سے ملنے والے اس فوری انصاف، بڑی مالی رعایت اور اقساط کی سہولت پر درخواست گزار عبدالکریم نے شدید مسرت اور کامل اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے وفاقی محتسب اعلیٰ اور ان کی ٹیم کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔ سائل کے مکمل اطمینان اور مسئلہ حل ہونے کے بعد کیس کو کامیابی سے داخل دفتر (Disposed of) کر دیا گیا۔ وفاقی محتسب کا ادارہ تمام وفاقی اداروں بشمول کے الیکٹرک، کیسکو، نادرا اور دیگر محکموں کے خلاف عوامی شکایات کے سستے، فوری اور بلاتعطل ازالے کے لیے ہمہ وقت کوشاں ہے۔

بقیہ 14

بلوچستان کی باصلاحیت خواتین کاروباری شخصیات کی نمائندگی کے حوالے سے کیا۔ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ بلوچستان کی باصلاحیت خواتین کاروباری شخصیات کی قیادت کرنا ان کے لیے باعث اعزاز ہے۔ انہوں نے کہا کہ کانفرنس میں بلوچستان کی خواتین کی کاروباری صلاحیتوں کو اجاگر کرنے، ان کی آواز کو مؤثر انداز میں متعلقہ حلقوں تک پہنچانے اور خواتین کی قیادت میں معاشی ترقی کے فروغ کے امکانات کو اجاگر کرنے کا موقع ملا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی خواتین میں کاروبار، جدت اور معاشی سرگرمیوں کو آگے بڑھانے کی بھرپور صلاحیت موجود ہے، ضرورت اس امر کی ہے کہ انہیں اپنی صلاحیتوں کے اظہار، کاروباری مواقع تک رسائی اور معاشی سرگرمیوں میں فعال کردار ادا کرنے کے لیے مناسب پلیٹ فارم فراہم کیے جائیں۔ مشیر ترقی نسواں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ خواتین کی معاشی بااختیاری، کاروباری استعداد میں اضافے اور ان کی معاشی و سماجی ترقی کے لیے مؤثر اقدامات کی اہمیت کو اجاگر کیا جاتا رہے گا، تاکہ بلوچستان کی خواتین صوبے کی ترقی اور خوشحالی میں اپنا بھرپور کردار ادا کرسکیں۔

بقیہ 15

وتعلیم کے اخراجات میں سہولت اہم اقدامات ہوسکتے ہیں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ چھوٹے اور درمیانے کاروباروں کو آسان قرضوں، توانائی کی مناسب لاگت اور کاروباری سہولتوں کی فراہمی سے پیداوار اور روزگار میں اضافہ کیا جا سکتا ہے۔ برآمدی صنعتوں کی حوصلہ افزائی اور نوجوانوں کو مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق ہنر کی تربیت دینا معاشی پالیسی کی ترجیحات میں شامل ہونا چاہیے۔ چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار نے تجویز دی ہے کہ بلوچستان سمیت پسماندہ علاقوں کے جاری ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور فنڈز کی باقاعدہ فراہمی یقینی بنائی جائے تاکہ مقامی کاروبار، روزگار اور بنیادی سہولتوں میں بہتری آئے۔ حکومت، نجی شعبے اور متعلقہ اداروں کی مشترکہ کوششوں سے معاشی اصلاحات کو مزید مؤثر بنایا جا سکتا ہے۔ ہماری مشترکہ ترجیح ایسی پائیدار ترقی ہونی چاہیے جسکے ثمرات ہر علاقے اور ہر طبقے تک پہنچیں۔

بقیہ 16

نے مزید کہا کہ فتح 2-ای آر کا کامیاب تجربہ ملکی دفاع کو ناقابل تسخیر بنانے اور قومی خود انحصاری کی جانب ایک اہم سنگ میل ہے۔ قومی دفاع کو مضبوط سے مضبوط تر بنانے کے لیے پاک افواج اور سائنسی ماہرین کی خدمات قابل فخر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم اپنی بہادر افواج اور باصلاحیت سائنسدانوں کی اس عظیم کامیابی پر فخر کرتی ہے۔

بقیہ 17

کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی اور سوگوار خاندانوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جوار رحمت میں جگہ اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے ملاقات کے دوران صوبائی مشیر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری اور سینیٹر نواب ارباب عمر فاروق کاسی کے درمیان علاقائی و سیاسی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر ڈسٹرکٹ چیئرمین خضدار حاجی صلاح الدین زہری، چیئرمین میونسپل کمیٹی زہری میر فیصل زہری، سردارزادہ میر قیوم ساسولی سمیت دیگر شخصیات بھی موجود تھیں۔

بقیہ 18

تعزیتی بیان میں راجہ رمیش لال نے کہا کہ دونوں فوجی افسران کی شہادت ایک المناک سانحہ ہے، جس پر پوری قوم افسردہ ہے۔ انہوں نے شہداء کی پیشہ ورانہ خدمات، فرض شناسی اور قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ وطن عزیز کی خدمت اور فرائض کی ادائیگی کے دوران اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے بہادر افسران قوم کا قیمتی اثاثہ ہیں، جن کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ راجہ رمیش لال نے کہا کہ پاک فوج کے افسران اور جوان ملک کے دفاع، سلامتی اور استحکام کے لیے بے مثال خدمات انجام دے رہے ہیں۔ شہداء کی قربانیاں پوری قوم کے لیے باعث فخر ہیں اور ان کی خدمات کو ہمیشہ قدر و احترام کی نگاہ سے دیکھا جائے گا۔ انہوں نے شہداء کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ اس مشکل گھڑی میں سوگوار خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کو جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، ان کے درجات بلند کرے اور لواحقین کو یہ ناقابل تلافی صدمہ برداشت کرنے کی ہمت اور صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین۔

بقیہ 19

کمشنر نصیر آباد ڈویژن کو مختلف ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی ان منصوبوں میں شہری و دیہی علاقوں میں گلیوں اور محلوں کی بہتری کے لیے ٹف ٹائلز بچھانے نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنانے سڑکوں کی تعمیر و مرمت سولر سسٹم کی تنصیب پارکوں کی تعمیر اور عوام کو بہتر تفریحی سہولیات فراہم کرنے کے اقدامات شامل تھے۔ اجلاس میں بنیادی شہری سہولیات کی فراہمی صفائی ستھرائی نکاسی آب کے مسائل کے حل اور عوامی مقامات کی بہتری سے متعلق ترقیاتی منصوبوں کی منصوبہ بندی اور ان پر عملدرآمد پر غور کیا گیا، تاکہ سرکاری وسائل کو مؤثر انداز میں استعمال کرتے ہوئے زیادہ سے زیادہ لوگوں کو فائدہ پہنچایا جاسکے۔ اجلاس میں تمام ترقیاتی منصوبوں کے معیار، تعمیراتی مواد کے معیار مقررہ ڈیزائن تکنیکی تقاضوں اور منظور شدہ تخمینوں پر مکمل عملدرآمد یقینی بنانا، اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کے ساتھ ساتھ ان کی پائیداری اور افادیت بھی زیر غور رہا۔ لوکل گورنمنٹ کے منصوبوں کا بنیادی مقصد عوام کو دیرپا سہولیات فراہم کرنا ہے کمشنر نے خصوصی طور پر پینے کے صاف پانی کی فراہمی کے منصوبوں واٹر فلٹریشن پلانٹس کی تنصیب اور دیگر بنیادی سہولیات سے متعلق اسکیموں پر توجہ دینے کی ہدایت کی انہوں نے کہا کہ صاف پانی انسانی صحت کے لیے بنیادی ضرورت ہے اس لیے پانی کی فراہمی کے منصوبوں میں معیار شفافیت اور فعالیت کو یقینی بنایا جائے تاکہ عوام کو پینے کے صاف پانی کی سہولت میسر آ سکے۔ انہوں نے صحت کے شعبے میں بہتری کے لیے مختلف منصوبوں پر بھی خصوصی توجہ دینے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ادویات طبی آلات اور ضروری سامان کی فراہمی سے متعلق منصوبوں میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی متعلقہ افسران اس بات کو یقینی بنائیں کہ فراہم کردہ وسائل اور سہولیات مستحق افراد تک پہنچیں اور عوام کو ان منصوبوں کے ثمرات عملی طور پر حاصل ہوں۔ کمشنر صلاح الدین نورزئی نے افسران کو ہدایت کی کہ وہ ترقیاتی منصوبوں کی باقاعدگی سے نگرانی کریں کام کی رفتار اور معیار کا جائزہ لیں اور کسی بھی قسم کی خامی یا تاخیر کی صورت میں فوری اقدامات اٹھائیں انہوں نے مزید کہا کہ سرکاری فنڈز عوام کی امانت ہیں اور ان کا استعمال شفافیت ذمہ داری اور مقررہ قواعد و ضوابط کے مطابق ہونا چاہیے۔ انہوں نے اجلاس میں شریک افسران پر زور دیا کہ آئندہ اجلاسوں میں شرکت سے قبل اپنے اپنے اضلاع میں جاری ترقیاتی منصوبوں ان کی مالی و عملی پیش رفت درپیش مسائل اور آئندہ کے لائحہ عمل سے متعلق مکمل تیاری کے ساتھ شرکت کریں تاکہ اجلاس کو نتیجہ خیز بنایا جاسکے اور مسائل کے حل کے لیے بروقت فیصلے کیے جاسکیں۔

بقیہ 20

کی جائے گی، جو جمہوری اقدار اور سیاسی آزادیوں کے لیے تشویشناک صورت حال ہے۔ میر طاہر بزنجو نے خبردار کیا کہ جب انصاف کے تمام دروازے بند کر دیے جاتے ہیں تو بغاوت کے راستے کھلنے لگتے ہیں۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ کیا خیبر پختونخوا میں پُرامن نوجوان سیاسی کارکنوں کو ایسے حالات کی طرف دھکیلا جارہا ہے جہاں وہ بندوق اٹھانے پر مجبور ہو جائیں؟ انہوں نے کہا کہ سیاسی اختلافات اور عوامی شکایات کا حل جمہوری عمل، انصاف کی فراہمی اور سیاسی آزادیوں کے تحفظ میں ہے نہ کہ اختلافی آوازوں کو دبانے میں۔

بقیہ 21

پیمائش میں بے ضابطگی سامنے آنے پر ایک منی پمپ کو سیل کر دیا گیا اسسٹنٹ کمشنر لورالائی احمد زیب کاکڑ نے واضح کیا کہ عوام کو معیاری اشیائے خورد و نوش کی فراہمی، صفائی ستھرائی کے معیار کو برقرار رکھنے اور منی پمپس پر درست پیمائش کو یقینی بنانے کے لیے کارروائیاں جاری رہیں گی۔ خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی ضلعی انتظامیہ لورالائی عوامی مفاد، صحت عامہ اور صارفین کے حقوق کے تحفظ کے لیے پُرعزم ہے۔

بقیہ 22

جائے اور کام کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ تمام تعمیراتی منصوبے منظور شدہ ڈیزائن، مقررہ معیار، تکنیکی اصولوں اور متعلقہ اسپیسفکیشنز کے مطابق مکمل کیے جائیں تاکہ سرکاری وسائل کا مؤثر استعمال اور عوام کو معیاری ترقیاتی سہولیات کی فراہمی ممکن ہو سکے۔ کمشنر نے مزید ہدایت کی کہ تعمیراتی منصوبوں میں استعمال ہونے والے میٹریل کی کوالٹی کو یقینی بنانے کے لیے ہر مرحلے پر میٹریل ٹیسٹنگ کا باقاعدہ اہتمام کیا جائے۔ انہوں نے زور دیا کہ تعمیراتی کام کے مختلف مراحل میں میٹریل کی جانچ اور تکنیکی معیار کی تصدیق لازمی بنائی جائے تاکہ ناقص میٹریل کے استعمال کی روک تھام اور منصوبوں کی پائیداری کو یقینی بنایا جا سکے۔ کمشنر سبی ڈویژن نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ وہ ترقیاتی منصوبوں کی مسلسل نگرانی کریں، فیلڈ میں کام کی رفتار اور معیار کا جائزہ لیتے رہیں اور مقررہ مدت کے اندر منصوبوں کی تکمیل کے لیے مؤثر اقدامات اٹھائیں۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت، معیار اور بروقت تکمیل کو ہر صورت یقینی بنایا جائے تاکہ ان کے ثمرات عوام تک پہنچ سکیں۔

بقیہ 23

ہیں۔ جبکہ حادثے میں زخمی ہونے والوں میں نوراحمد ولد نیاز اللہ محمد حسنی ساکن قلات خیل، بی بی (ح) زوجہ غلام حیدر محمد حسنی ساکن مغلزئی قلات محمود احمد ولد غلام نبی بی بی (ز) غلام مصطفیٰ اور بی بی (م) ولد غلام حیدر شامل ہیں۔ حادثے میں جاں بحق و زخمی افراد ویگن میں سوار تھے۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی امدادی کارروائیاں عمل میں لائی گئیں۔ جاں بحق افراد اور زخمیوں کو شہید نواب غوث بخش رئیسانی میموریل ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق جاں بحق اور زخمی ہونے والے افراد کا تعلق قلات سے ہے۔

بقیہ 24

تحت جب مال ایک ٹرک سے دوسرے ٹرک میں منتقل کیا جاتا ہے تو صرف گاڑی کا نمبر تبدیل ہونے پر دوبارہ ٹیکس طلب کرنا ٹرانسپورٹرز اور تاجروں کے ساتھ ناانصافی ہے۔ پہلے ہی ڈیزل کی قیمتوں، ٹول ٹیکس اور دیگر اخراجات نے ٹرانسپورٹرز کو شدید مالی مشکلات سے دوچار کر رکھا ہے۔ ایسے میں مارکیٹ کمیٹی کے نام پر اضافی ٹیکس وصولی ٹرانسپورٹرز اور تاجروں پر مزید بوجھ ڈالنے کے مترادف ہے۔ بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن مطالبہ کرتی ہے کہ اس معاملے کی فوری تحقیقات کی جائیں اور اگر ٹیکس وصولی کی کوئی قانونی بنیاد ہے تو متعلقہ حکام اس کا واضح نوٹیفکیشن سامنے لائیں۔ کسی بھی غیر قانونی یا بلاجواز وصولی کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ 25

ٹرانزٹ پوائنٹس، حساس علاقوں کی نشاندہی، ویکسین کی دستیابی، فیلڈ ٹیموں کی نگرانی اور سیکورٹی انتظامات سمیت مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اس موقع پر متعلقہ حکام نے ڈپٹی کمشنر کو پولیو مہم کے حوالے سے جاری تیاریوں اور مختلف یونین کونسلز میں بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کے لیے مرتب کیے گئے لائحہ عمل کے بارے میں بریفنگ دی۔ اجلاس میں اس امر پر بھی زور دیا گیا کہ مہم کے دوران فیلڈ ٹیموں کی مؤثر نگرانی کو یقینی بنایا جائے تاکہ پانچ سال سے کم عمر تمام بچوں تک رسائی حاصل کی جاسکے ڈپٹی کمشنر فضل الرحمن کبدانی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پولیو کا مکمل خاتمہ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے اور اس قومی مقصد کے حصول کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو مربوط اور مؤثر انداز میں کام کرنا ہوگا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ مہم کے دوران پانچ سال سے کم عمر کوئی بھی بچہ پولیو سے بچاؤ کے قطرے پینے سے محروم نہ رہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ دور دراز علاقوں، رہائشی آبادیوں، خانہ بدوش خاندانوں اور دیگر حساس علاقوں پر خصوصی توجہ دی جائے، جبکہ مسنگ اور انکاری بچوں کو کور کرنے کے لیے مؤثر فالو اپ میکانزم بھی وضع کیا جائے ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ والدین اور عوام میں پولیو سے بچاؤ کے قطروں کی اہمیت کے حوالے سے بھرپور آگاہی پیدا کی جائے اور علماء کرام، قبائلی عمائدین، اساتذہ، سماجی رہنماؤں اور میڈیا کے تعاون سے عوامی شعور اجاگر کیا جائے تاکہ ہر والدین اپنے پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو کے قطرے لازمی پلوائیں انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے محکمہ صحت، پولیو پروگرام اور دیگر متعلقہ اداروں کے ساتھ بھرپور تعاون جاری رکھے گی۔ انہوں نے تمام افسران کو ہدایت کی کہ مہم کے دوران اپنی ذمہ داریاں پوری لگن اور ذمہ داری سے انجام دیں اور کسی بھی قسم کی کوتاہی یا غفلت سے گریز کیا جائے اجلاس کا اختتام پر نومبر 2026 کی SNID مہم کو کامیاب بنانے، مقررہ اہداف کے حصول اور ضلع کو پولیو سے پاک مستقبل کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لانے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔

بقیہ 26

پر قابو پانے کیلئے ضروری ہے کہ متعلقہ ادارے اپنی ذمہ داریاں پوری کریں اور مائنز میں حفاظتی قوانین کی پابندی کو یقینی بنائیں۔ علی باش خان نے مطالبہ کیا کہ مائنز میں ٹھیکیداری نظام کے خاتمے کیلئے مؤثر اقدامات کیے جائیں، حفاظتی قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے اور مائنز کے معائنے کیلئے جدید ٹیکنالوجی اور آلات استعمال کیے جائیں، تاکہ ممکنہ خطرات کی بروقت نشاندہی کر کے حادثات کو روکا جا سکے۔ پاکستان کول مائنز مزدور یونین کے نائب صدر نے کہا کہ کان کن ملکی معیشت کیلئے اہم خدمات انجام دے رہے ہیں لہٰذا ان کی زندگیوں کا تحفظ، محفوظ ماحول میں کام کرنے کے مواقع اور بنیادی حقوق کی فراہمی متعلقہ حکام اور اداروں کی ذمہ داری ہے، مائنز میں حفاظتی اقدامات کو محض رسمی کارروائی تک محدود رکھنے کے بجائے عملی طور پر نافذ کیا جائے، تاکہ قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع کو روکا جا سکے۔ علی باش خان نے مزید کہا کہ مزدوروں کو لیبر قوانین کے بنیادی نکات، ملازمین کے قانونی حقوق، اجرتوں کی ادائیگی، اوقات کار، ہفتہ وار تعطیلات، سالانہ و دیگر چھٹیوں، سوشل سیکورٹی، پنشن، پیشہ ورانہ تحفظ اور کام کی جگہ پر صحت و سلامتی کے اصولوں کے بارے، مزدوروں اور انتظامیہ کے درمیان باہمی احترام، مکالمے اور قانون کی پاسداری کو فروغ دینے اور ٹریڈ یونین کے کردار کے حوالے سے آگاہی دی جانی چاہیے۔

بقیہ 27

جنرل کیو ڈی اے اورنگ زیب کاسی کی محنت اور اچھے فیصلوں کی وجہ سے محکمے میں بہتری کے آثار نمایاں ہو رہے ہیں انہوں نے کہا کہ پچھلے دنوں شفاف نیلامیوں سے محکمہ کے ریونیو میں بھی مثبت اثرات مرتب ہونگے اور یہ سارا کریڈیٹ کیو ڈی اے ڈائریکٹر اور ان کی ٹیم کو جاتا ہے اورنگ زیب کاسی جیسے آفیسران کو اس عہدے پر برقرار رکھا جائے تاکہ مزید اچھے نتائج سامنے آ سکے۔

بقیہ 28

زمینداروں نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی، صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی، چیف سیکرٹری بلوچستان، سیکرٹری زراعت بلوچستان، ڈائریکٹر جنرل زراعت اور دیگر اعلیٰ حکام کو متوجہ کرتے ہوئے کہا کہ گنداخہ سے متعلق محکمہ زراعت کے اہم شعبوں ایگریکلچر ریسرچ، ایگریکلچر ایکسٹینشن اور ایگریکلچر واٹر مینجمنٹ کے افسران گنداخہ کے بجائے اوستہ محمد میں بیٹھ کر اپنی ڈیوٹیاں سرانجام دے رہے ہیں۔

بقیہ 29

امر پر زور دیا گیا کہ ضلع میں تمام معدنی سرگرمیاں متعلقہ قوانین، قواعد و ضوابط اور سرکاری پالیسی کے مطابق انجام دی جائیں، جبکہ کان کنی کے دوران مقامی آبادی کے جائز حقوق، مفادات اور تحفظات کو بھی مدنظر رکھا جائے ڈپٹی کمشنر محمد حبیب شجاع نے کہا کہ معدنی وسائل ضلع کی معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، تاہم کان کنی کے عمل میں قانون کی بالادستی، شفافیت، مقامی آبادی کے حقوق کا تحفظ اور امن و امان کا قیام اولین ترجیحات میں شامل ہونا چاہیے انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ مائننگ سے متعلق معاملات میں تمام فریقین کو قانون کے مطابق سنا جائے اور تنازعات کو باہمی مشاورت، گفت و شنید اور قانونی طریقہ کار کے ذریعے حل کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ کسی بھی فریق کو قانون ہاتھ میں لینے یا امن و امان کی صورتحال متاثر کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ محکموں کے درمیان بہتر رابطہ کاری اور بروقت معلومات کے تبادلے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ کان کنی سے متعلق شکایات اور مسائل کو بلاوجہ زیر التوا رکھنے کے بجائے مقررہ طریقہ کار کے تحت فوری طور پر نمٹایا جائے۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ مائننگ ایریاز میں قانونی تقاضوں، حفاظتی اقدامات اور دیگر متعلقہ امور کی مؤثر نگرانی کی جائے، جبکہ غیر قانونی یا قواعد و ضوابط کی خلاف ورزی پر قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔ اجلاس میں اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ معدنی سرگرمیوں کو قانونی دائرہ کار میں فروغ دیتے ہوئے مقامی آبادی کے حقوق کا تحفظ، تنازعات کا منصفانہ حل اور کان کنی کے علاقوں میں پائیدار امن و امان کو یقینی بنانے کے لیے تمام متعلقہ ادارے باہمی تعاون سے کام جاری رکھیں گے۔

بقیہ 30

رہی ہے اس حوالے سے عوام الناس بھی اپنا کردار ادا کرے تو اس کے مثبت نتائج طویل عرصے تک برقرار رہ سکتے ہیں۔

بقیہ 31

اور دیگر شعبوں کا تفصیلی دورہ کر کے صفائی ستھرائی کے امور اور مریضوں کو دی جانے والی طبی سہولیات کی مجموعی صورتحال کا جائزہ لیا معائنے کے دوران بعض ملازمین کی غیر حاضری اور ڈیوٹی سے غفلت پر ڈپٹی کمشنر نے شدید برہمی کا اظہار کیا۔ انہوں نے موقع پر سخت ہدایات جاری کرتے ہوئے واضح کیا کہ مریضوں کے علاج معالجے اور اسپتال میں عملے کی حاضری پر کسی قسم کا کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ تمام متعلقہ اسٹاف کو پابند کیا جاتا ہے کہ وہ ڈیوٹی کے اوقات میں ہمہ وقت موجود رہ کر عوام کو بہترین طبی سہولیات فراہم کریں۔ ڈی ایچ کیو اسپتال کے بعد ڈپٹی کمشنر ارشد حسین جمالی نے گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج کا بھی رخ کیا، جہاں انہوں نے کلاس رومز، اساتذہ کی حاضری اور تدریسی عمل کا جائزہ لیا۔ انہوں نے تعلیمی معیار کو برقرار رکھنے اور طلبہ کو بہتر آموزشی ماحول فراہم کرنے پر زور دیا۔ ڈپٹی کمشنر ہرنائی نے تمام سرکل آفیسران اور ادارہ جاتی سربراہان کو متنبہ کیا کہ ضلع بھر میں سرکاری اداروں کی مانیٹرنگ کا یہ سلسلہ بلا تعطل جاری رہے گا اور آئندہ بھی کسی پیشگی اطلاع کے بغیر اچانک دورے کیے جائیں گے تاکہ عوامی مفاد کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔

بقیہ 32

کے تیار کردہ پراڈکٹس لوگوں کی خاص توجہ کا مرکز بن گئے اسٹالوں میں رش کا سماں بندھا رہا کمانڈنٹ پنجگور رائفل اور ڈپٹی کمشنر نے میلہ کا فیتہ کاٹ کر باقاعدہ افتتاح کیا میلے کے انتظامات ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر پنجگور نظام رحیم کے زمہ تھے عام کاشتکاروں سمیت کالجز یونیورسٹی اور اسکولوں کے طلبہ و طالبات محکمہ زراعت کے آفیسرز ماہرین اور دیگر سرکاری محکموں کے سربراہاں میلے میں جلوہ گر تھے ضلعی انتظامیہ کی طرف سے منعقدہ کھجور اور زیتون میلہ کے انعقاد سے نہ صرف مقامی پیداوار کھجور اور زیتون کی پبلسٹی ہوگا بلکہ اس طرح کے پروگراموں سے کاشتکاروں کی بھی حوصلہ افزائی ہوسکے گا کھجور اور زیتون سے منسلک ہیں پنجگور میں ضلعی سطح پر کھجور اور زیتون میلہ کے دوران مختلف شخصیات نے اس طرح کے پروگراموں کو وقت کی ضرورت قرار دیا اور کہا کہ پنجگور میں ایک سو سے زائد اقسام کی کھجور ہیں موزاتی جو تمر پنجگور کے نام سے جانا جاتا ہے ملکی اور بین الاقوامی منڈیوں میں اسکی بڑی مانگ ہے اسی طرح زیتون کی بھی بڑے پیمانے پر کاشت ہے ساڑھے تین لاکھ کے قریب درخت لگائے گئے وہ فروٹ دینا بھی شروع ہوگئے ہیں اگر اسکو صنعت کا درجہ دیا جائے تو مقامی معیشت مزید ترقی کرے گی اور لوگوں کے لیے روزگار کے راستے کھلیں گے انہوں نے کہا کہ کھجور اور زیتون سے اس وقت مختلف پراڈکٹس مقامی سطح پر تیار ہو رہے ہیں جن میں چاکلیٹ حلوہ اچار تیل اور دیگر شامل چیزیں شامل ہیں

بقیہ 33

کی اطلاع ملتے ہی سٹی پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے مبینہ ملزم کو گرفتار کرلیا پولیس کے مطابق واقعے کی مزید تحقیقات جاری ہیں اور قانونی کارروائی عمل میں لائی جارہی ہے ڈی ایس پی لورالائی نے پریس کانفرنس کے دوران کہا کہ بچوں کے خلاف جرائم میں ملوث عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی

بقیہ 34

باہمی تعاون اور مؤثر حکمت عملی کے تحت اقدامات کریں۔ اس موقع پر فلور ملز ایسوسی ایشن اور ملز مالکان نے عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے انتظامیہ کے ساتھ ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ اجلاس میں اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ متعلقہ محکموں اور فلور ملز کے باہمی تعاون سے جلد کوئٹہ کے عوام کو آٹے کی قیمتوں کے حوالے سے ریلیف فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں گے۔

بقیہ 35

کارپوریشن میں فیول کی عدم دستیابی کے باعث سرکاری مشینری کا پہیہ بھی رک گیا ہے، جس سے شہر میں صفائی ستھرائی اور نکاسی؟ آب سمیت تمام بلدیاتی امور متاثر ہو رہے ہیں۔ جس سے شہری مسائل میں اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے متاثرہ ملازمین نے وزیراعلیٰ بلوچستان اور صوبائی وزیر بلدیات سے پُرزور اپیل کی ہے کہ میونسپل کارپوریشن اوستہ محمد کے مستقل اور عارضی ملازمین کی گزشتہ چار ماہ سے رکی ہوئی تنخواہیں فوری طور پر جاری کی جائیں، جبکہ سرکاری مشینری کو فعال رکھنے کے لیے فیول کی فراہمی بھی یقینی بنائی جائے، تاکہ ملازمین کے معاشی مسائل کا ازالہ ہو اور شہر میں صفائی ستھرائی اور نکاسی آب کا نظام بلاتعطل جاری رکھا جا سکے۔

بقیہ 36

کی وجہ سے مجھے ذہنی کوفت میں مبتلا کردیا گیا ہے میں جائیداد اور لیئے گئے پیسوں سے کسی صورت دستبردار نہیں ہوں گا۔ میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور دیگر اعلیٰ حکام سے اپیل کرتا ہوں کہ جائیداد پر قبضے کیلئے مجھے دھمکیاں دینے اور مجھ سے دھوکہ دہی کے ذریعے پیسے لینے والوں کے خلاف کارروائی کر کے مجھے میرے پیسے واپس دلوا کر انصاف کے تقاضے پورے کیے جائیں۔

بقیہ 37

بڑھانے کے لیے عملی اقدامات تیز کرنے پر زور دیا ہے۔ اس حوالے سے وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے ایتھوپیا کے سفیر ڈاکٹر عمر حسین اوبا نے ملاقات کی، جس میں وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر رانا احسان افضل، سیکرٹری تجارت جواد پال اور دیگر اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ ملاقات میں دوطرفہ تجارتی تعلقات، سرمایہ کاری کے مواقع، کاروباری روابط اور مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے کے امکانات کا جائزہ لیا گیا۔ وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے کہا کہ پاکستان کی ادویہ سازی کی صنعت افریقی منڈیوں میں برآمدات بڑھانے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہے، تاہم پاکستانی ادویات کی رجسٹریشن اور منظوری میں حائل رکاوٹوں کو جلد دور کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے متعلقہ اداروں کے درمیان قریبی رابطہ اور مؤثر تعاون سے تجارتی معاملات کو تیزی سے آگے بڑھایا جاسکتا ہے۔ ایتھوپیا کے سفیر ڈاکٹر عمر حسین اوبا نے بتایا کہ ایتھوپیا میں پاکستانی ادویات کی رجسٹریشن کے زیر التوا معاملات متعلقہ حکام کے ساتھ اٹھائے گئے ہیں

بقیہ 38

اسمبلی کو پارلیمانی کارروائی میں شرکت کا موقع دیا جائے۔ پی ٹی آئی چیف وہپ عامر ڈوگر نے زیر حراست اراکین اسمبلی کے پروڈکشن آرڈرز کے لیے اسپیکر قومی اسمبلی کو خط لکھا جس میں چیف وہپ عامر ڈوگر نے زیر حراست اراکین اسمبلی کو ایوان میں پیش کرنے کا مطالبہ کیا۔ خط میں حاجی امتیاز، جمال احسن اور ثناء اللہ مستی خیل کے پروڈکشن آرڈرز جاری کرنے کی درخواست کی گئی۔ خط میں داور کنڈی، جنید اکبر، امجد علی خان، فضل محمد خان اور عادل خان بازئی کے پروڈکشن آرڈرز جاری کرنے کا بھی مطالبہ کیا گیا۔ عامر ڈوگر نے کہا کہ زیر حراست اراکین اسمبلی کو پارلیمانی کارروائی میں شرکت کا موقع دیا جائے۔ چیف وہپ پی ٹی آئی نے کہا کہ اسپیکر قومی اسمبلی زیر حراست اراکین اسمبلی کے پروڈکشن آرڈرز فوری جاری کریں۔ پی ٹی آئی چیف وہپ نے زیر حراست اراکین اسمبلی کی ایوان میں حاضری یقینی بنانے پر زور دیا۔ عامر ڈوگر نے اسپیکر قومی اسمبلی سے زیر حراست اراکین کے معاملے پر فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا۔

بقیہ 39

کہا کہ وفاقی حکومت ایڈوائزری کونسل لگا سکتی ہے اور اس کی اجازت آئین دیتا ہے اور 10 روز میں پارلیمنٹ سے گورنر راج اور ایمرجنسی کی توثیق کی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں سیاسی مصالحت کا سب سے بڑا حامی ہوں اور 124 دن کا دھرنا دیکھ چکا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ مذاکرات کیلئے کمیٹی کس لئے بنی تھی یہ بھی بتاتا ہو ں۔ انہوں نے کہا کہ 2018 سے قبل یہ ملک معاشی ترقی کا سفر تیزی سے کر رہا تھا۔ انہوں نے کہا کہ دونوں سیاسی جماعتوں نے محنت اور ہمت کر کے کسی ایک نتیجے پر پہنچنے کی کوشش کی تھی اور جو دستخط ہونے تھے ان سے انکار کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی مصالحت تو ہو جاتی ہیں مگر 13 سالوں میں خیبر پختونخوا کو 1 فیصد این ایف سی ایوارڈ میں دہشت گردی کے خلاف جنگ میں زیادہ دیا گیا جس کو بجٹ میں اڑا دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم سب پاکستانی ہیں مگر سوچیں کہ پاکستان کدھر جاچکا ہے۔ بلوچستان کی حکومت دہشت گردی کے خلاف حکومت اور سیکورٹی اداروں کا بھرپور ساتھ دے رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مولانا صاحب کو چار چیزیں بتائیں ان کو بتایا گیا کہ کابینہ میں پیش کریں گے اور جو کابینہ کا فیصلہ ہوگا وہ بتائیں گے لیکن کابینہ نے کہا کہ یہ کتنی دیر تک چلے گا۔

بقیہ 40

صدر، جناب عماد خوری سے ملاقات کی، جس میں نجی شعبے کی قیادت میں معاشی ترقی اور روزگار کے مواقع کے فروغ کے لیے آئی ایف سی کے تعاون کو مزید مضبوط بنانے اور معاشی استحکام کو پائیدار ترقی میں تبدیل کرنے پر توجہ مرکوز کی گئی۔ ملاقات میں آئی ایف سی کے بڑھتے ہوئے منصوبوں، چھوٹے کاروباروں کے لیے مالی معاونت، کاروباری سرگرمیوں کے فروغ، سرمایہ منڈیوں اور گرین و ڈیجیٹل بانڈز کا جائزہ لیا گیا۔ وزیر خزانہ نے ریکوڈک منصوبے کے لیے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا اور اس منصوبے کی مالی معاونت میں آئی ایف سی کے قائدانہ کردار کو سراہا۔ معدنی وسائل سے متعلق بنیادی ڈھانچے اور ان کی مقامی سطح پر قدر میں اضافے، سستے مکانات اور ڈویلپرز کے لیے مالی معاونت، نیز بہتر ذخیرہ کاری، کولڈ چینز اور الیکٹرانک گودام رسیدوں کی بنیاد پر مالی سہولتوں کے ذریعے زرعی ترقی پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں جانب سے لائیو اسٹاک کے شعبے میں نجی شعبے کی شمولیت بڑھانے اور ضابطہ جاتی معیار بہتر بنا کر سرمایہ کاری اور ادویات کی برآمدات کو فروغ دینے کے امکانات کا جائزہ لیا گیا۔ انفراسٹرکچر میں تعاون کے تحت پانی کے شعبے میں سرکاری و نجی شراکت داری، بجلی کی جدید میٹرنگ اور صوبائی منصوبوں کے لیے مالی معاونت کے مختلف طریقہ کار پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 41

کی بالادستی یقینی بنانے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ 11 اکتوبر کو سیاہ دن کے طور پر یاد رکھا جائے گا۔ متحدہ اپوزیشن کی پارلیمانی پارٹی کا اجلاس قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی کی زیرصدارت منعقد ہوا، جس میں قائد حزب اختلاف سینیٹ علامہ راجہ ناصر عباس، چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر علی خان، جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان، سلمان اکرم راجہ اور دیگر رہنماؤں نے شرکت کی۔ اجلاس میں خیبر پختونخوا کی موجودہ سیاسی و آئینی صورت حال، صوبے میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ، منتخب حکومت کے خاتمے اور سیاسی رہنماؤں و کارکنوں کی گرفتاریوں سمیت اہم امور پر غور کیا گیا۔ اجلاس کے بعد جاری اعلامیہ میں متحدہ اپوزیشن نے خیبر پختونخوا میں گورنر راج کے نفاذ اور منتخب صوبائی حکومت کے خاتمے پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اسے صوبے کے عوام کے جمہوری مینڈیٹ کے منافی قرار دیا۔

بقیہ 42

گورنر راج کے نفاذ کی قرارداد کے حق میں ووٹ دے گی۔ ذرائع کے مطابق اجلاس کے دوران بلاول بھٹو زرداری نے پارلیمانی کمیٹی کو خیبر پختونخوا میں گورنر راج و ایمرجنسی کے نفاذ کے بارے میں اعتماد میں لیا۔ ذرائع نے بتایا کہ بلاول بھٹو زرداری پارلیمانی کمیٹی کے ارکان کے ساتھ قومی اسمبلی اجلاس میں شرکت کریں گے۔ ذرائع نے بتایا کہ پیپلز پارٹی نے قانون سازی کا بائیکاٹ ختم کیا گیا اور فیصلہ کیا گیا کہ پارٹی خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ سمیت مختلف قوانین کی منظوری میں تعاون کرے گی۔

بقیہ 43

ایمرجنسی لگانے کا فیصلہ صوبے کے عوام کے مفاد میں ہے، قومی ترانے اور پرچم کی بے حرمتی کرنے والوں کو عوام عبرت کا نشان بنائیں۔ فیصل واوڈا نے کہا کہ جو آج آپ دیکھ رہے ہیں، میں یہ سب باتیں ایک سال پہلے بتا چکا ہوں، جو پاکستان کا جھنڈا نہیں اٹھائیں گے، ان کی نسلیں تباہ کر دیں گے، ہر صورت میں پاکستان سے دہشت گردی کا خاتمہ کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں مخصوص ذہنیت کے حامل لوگوں کی 13 سال حکومت رہی، خیبر پختونخوا میں 13 سال میں تباہی ہی تباہی ہوئی، خیبر پختونخوا عوام کا صوبہ ہے، کسی کی جاگیر نہیں، دہشت گردی کے واقعات میں ہمارے جوان شہید ہو رہے ہیں، ایسا نہیں ہوسکتا کہ ہمارے جوان شہید ہو رہے ہیں اور آپ من مانیاں کرتے پھریں۔ ان کا کہنا تھا کہ کے پی کے حکومت کے حوالے سے بات بھی نہیں کرنا چاہتا، ملک اور صوبہ کسی کے باپ کا نہیں ہے، دہشت گردی کا خاتمہ کرنا ہے تو ہمارا ساتھ دینا ہوگا، پاک فوج اور پولیس اہلکاروں سمیت ساڑھے سات ہزار افراد جام شہادت نوش کر چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فیصل کریم کنڈی سے سوالات کیے جائیں گے، اب خیبر پختونخوا میں نیا سیٹ اپ آ گیا ہے، گورنر فیصل کنڈی کا واضح کہتا ہوں اب ناکامی کا کوئی اور آپشن نہیں، فیلڈ مارشل کو پس منظر سے ہٹ کر کھل کر سپورٹ کیا جائے۔ فیصل واوڈا نے کہا کہ ایمرجنسی کا مقصد لوگوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانا ہے، ناکامی کی کوئی گنجائش نہیں، یہ ناکام ہوئے تو دوسرے آئیں گے، جو شہید کے خلاف بات کرے گا، اب ہم اس کی بھی زبان کھینچ لیں گے۔ انہوں نے کہا کہ کس نے کہا لیڈر نہیں تو پاکستان نہیں، پاکستان ہمیشہ رہے گا، کوئی کسی کا نعرہ لگا دے اور اس کے پیچھے چل پڑیں، ایسا اب نہیں ہوگا، قائداعظم کے پاکستان کا حشر نشر کر دیا گیا، اپنے سے دس گنا بڑے دشمن کو شکست دے سکتے ہیں تو کچھ بھی کر سکتے ہیں۔ فیصل واوڈا نے کہا کہ 60 دن کے اندر نتائج نظر آنا شروع ہو جائیں گے، عوام اب نعروں پر نہیں، کارکردگی کی بنیاد پر ساتھ دے گی۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کے کابینہ کے لوگ میرے ساتھ اسلام آباد میں موجود تھے، سمگل گاڑیوں کے معاملے پر بھی ان میں لڑائیاں ہو رہی ہیں، گرفتاری کرانے کے لیے سب خود سامنے آئے، پیسوں کا ان کا جھگڑا چل رہا ہے۔ سینیٹر فیصل واوڈا نے کہا کہ پی ٹی آئی کے دوستوں سے کہتا ہوں، پارٹی ختم، شو ختم ہوگیا، پارٹ ون آ گیا ہے، پارٹ ٹو، تھری اور فور بھی ہے، فائیو بھی آ سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بہت ساری چیزیں ہیں جو مولانا فضل الرحمان اور آصف زرداری کو بتائی اور دکھائی جائیں گی، پاکستان کی ترقی میں صدر آصف زرداری اور مولانا فضل الرحمان ہمارے ساتھ ہوں گے، مولانا فضل الرحمان اور صدر آصف زرداری بڑے ہیں، ذاتی تعلقات بھی ہیں۔ فیصل واوڈا نے کہا کہ کے پی کے ذریعے ہم ری بوٹ یا ری اسٹارٹ کے آپشن دیکھ رہے ہیں، سپہ سالار نے جو ہمیں کامیابی دی، ان کی اور شہدا کی قدر کرنا ہوگی، امید ہے گورنر فیصل کریم کنڈی کام کر کے دکھائیں گے

بقیہ 44

فائرنگ کے دوران بچی کو زیادتی کے بعد قتل کرنے والا ملزم ممریز عباسی مارا گیا۔ پولیس کے مطابق ملزم ایبٹ آباد کا رہائشی تھا اور واقعہ کے بعد فرار ہوگیا تھا۔ ہلاک ملزم ممریز عباسی 12 سالہ مقتولہ کا خالو تھا، 12 سالہ لڑکی کی لاش 8 اکتوبر کو ہلاک ملزم کے گھر سے ملی تھی۔

بقیہ 45

خودکشی کا معلوم ہوتا ہے، پولیس نے جائے وقوعہ پر پہنچ کر شواہد اکٹھے کرلئے ہیں۔ پولیس حکام کے مطابق پانچوں لاشیں گراؤنڈ فلور پر واقع گھر کے کمرے سے ملیں، گھر اندر سے وزنی چیز رکھ کر بند کیا گیا تھا، متوفین میں 30 سالہ شاہ زیب اس کی زوجہ 28 سالہ صبا، 20 سالہ شائلہ، 5 سالہ ایزل اور 3 سالہ آریہ شامل ہیں۔ آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو نے واقعے سے متعلق ڈی آئی جی ایسٹ سے تفصیلی رپورٹ طلب کرلی، انہوں نے کہا کہ واقعے کی تمام پہلوؤں سے شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کی جائے اور ہلاکتوں کی اصل وجوہات کا تعین کیا جائے۔ آئی جی نے کہا کہ تحقیقات میں پیش رفت سے مسلسل آگاہ رکھا جائے اور حقائق کی روشنی میں تحقیقات یقینی بنائی جائے۔

بقیہ 46

مطابق اجلاس میں جوڈیشل کمیشن نے احسن بھون کی ڈگری کے اصلی ہونے کی تصدیق کردی ہے، جوڈیشل کمیشن کیسر براہ چیف جسٹس پاکستان کو کیپٹن (ر) صفدر کی درخواست موصول ہوئی تھی، چیف جسٹس نید رخواست پر کمیشن کے رکن احسن بھون کی ڈگریوں کی تصدیق کرائی۔ ذرائع کے مطابق جوڈیشل کمیشن نے سندھ ہائیکورٹ کے آئینی بنچ کو بھی ایک سال کی توسیع دیدی ہے۔

بقیہ 47

کمال نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں جو کچھ ہوا اس کے ذمہ دار وزیراعلیٰ کے پی ہیں، ملک اس طرح نہیں چلتے جیسے وہ چلانا چاہ رہے تھے۔ پی ٹی آئی کے دوستوں سے اب بھی کہتا ہوں کہ ریاست مخالف نہ ہوں، اختلافات اور اعتراضات اپنی جگہ لیکن ریاست کو تباہ نہیں کیا جاتا۔ وفاقی وزیر صحت نے کہا کہ دنیا چاند پر جارہی ہے جبکہ کراچی میں کتے کے کاٹنے سے لوگ مر رہے ہیں۔ شہر کے 80 فیصد گھروں میں پینے کا پانی نہیں، ڈیفنس سے کچی آبادیوں تک پانی کا مسئلہ ہے، رات کو بجلی نہیں ہوتی اور صبح گیس نہیں ملتی۔ یونیورسٹی روڈ سات سال سے تباہ حال ہے، جس کے باعث پانچ سے سات لاکھ افراد کا کاروبار متاثر ہوا ہے۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ ملک کا 70 فیصد ریونیو دینے والے شہر میں بچے گٹروں میں گر کر مر رہے ہیں، جبکہ 30 ہزار روپے کے موبائل فون کے لیے 18 سالہ نوجوان کو گولی مار دی جاتی ہے۔ کراچی کے مسائل پر بات کرتے ہوئے چہرے پر مسکراہٹ نہیں آتی۔ اگر شہر کے مسائل حل ہوتے نظر آئیں تو صوبائی حکومت کی حمایت کروں گا۔ انہوں نے مردم شماری کے اعداد و شمار پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ کراچی پاکستان کا واحد شہر ہے جس کی آبادی شمار کرنے کے لیے صوبائی حکومت تیار نہیں۔ 2017 کی مردم شماری میں کراچی کی آبادی ایک کروڑ 60 لاکھ درج کی گئی، جبکہ 2023 کی مردم شماری میں یہ تعداد ایک کروڑ 30 لاکھ بتائی گئی۔ انہوں نے کہا کہ وفاق نے نوٹس لیا اور مردم شماری میں چار مرتبہ توسیع دی گئی، جس کے بعد کراچی کی آبادی میں مزید 73 لاکھ افراد سامنے آئے۔ ان کے مطابق کاغذوں میں کراچی کی آبادی دو کروڑ تین لاکھ ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ کراچی اور سندھ کے مسائل کا حل چھوٹے انتظامی یونٹس کا قیام ہے۔ موجودہ نظام میں وسائل عوام تک نہیں پہنچ رہے۔ قابل تقسیم محاصل میں سے 57.5 فیصد صوبوں کو دیا جاتا ہے اور رواں سال صوبوں کو 8ہزار 884 ارب روپے فراہم کیے گئے۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ سندھ کو 17 سال میں 22 ہزار ارب روپے ملے، لیکن سوال یہ ہے کہ یہ وسائل عوام تک کیوں نہیں پہنچ رہے؟ ان فنڈز سے سندھ کو 50 مرتبہ تعمیر کیا جا سکتا تھا۔ اندرون سندھ خواتین پانی کے حصول کے لیے 12، 12 کلومیٹر سفر کرتی ہیں اور انہیں کتوں کے پانی پینے کی جگہوں سے پانی بھرنے پر مجبور ہونا پڑتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کراچی میں چھوٹے انتظامی یونٹس بنائے جائیں تاکہ وسائل عوام تک پہنچ سکیں۔ پولی کلینک ٹو ایک سال میں مکمل ہو جائے گا، جہاں فائر سیفٹی سمیت دیگر ضروری اقدامات بھی کیے جائیں گے۔

بقیہ 48

جاں بحق ہونے والے مسافروں کے لواحقین سے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ دکھ کی اس گھڑی میں وہ متاثرہ خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ وفاقی وزیر نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ حادثے میں زخمی ہونے والے تمام افراد کو فوری اور بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ جاں بحق افراد کے لواحقین اور زخمی ہونے والے مسافروں کو پاکستان ریلویز کی مروجہ انشورنس پالیسی کے تحت معاوضہ ادا کیا جائے گا۔ وفاقی وزیر ریلوے حادثے کی جگہ کا معائنہ کرنے اور صورتحال کا خود جائزہ لینے کے لیے جائے وقوعہ کی جانب روانہ ہو چکے ہیں، جہاں وہ امدادی کارروائیوں کی ذاتی طور پر نگرانی کریں گے۔ وفاقی وزیر نے فیڈرل گورنمنٹ انسپکٹر آف ریلویز کو واقعے کی فوری اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کر کے رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت جاری کر دی۔ دریں اثنا، ریلوے حکام کے مطابق ٹرین آپریشن متبادل روٹ بذریعہ لودھراں اور جہانیاں مکمل طور پر بحال کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 49

کردی جس میں استدعا کی گئی کہ پشاور ہائیکورٹ فوری ایکشن لے۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا کہ صوبے کے منتخب چیف ایگزیکٹو کو حراست میں لینا آئین، قانون اور بنیادی انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہے۔ سہیل آفریدی کو سی پی او پشاور کی موجودگی میں حراست میں لیا گیا، صوبے کے منتخب وزیراعلیٰ کی جان اور آزادی کو شدید خطرات لاحق ہیں۔ درخواست گزار کے مطابق منتخب وزیراعلیٰ کو غیر قانونی حراست میں رکھنا آئین کے آرٹیکل 4،9،10 اور 14 کی خلاف ورزی ہے، منتخب وزیراعلیٰ کی آزادی سلب کرنا اور ان کی موجودگی کے بارے میں معلومات نہ دینا سنگین آئینی معاملہ ہے۔ درخواست میں استدعا کی گئی کہ معزول وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کو فوری بازیاب کروا کر عدالت کے سامنے پیش کرنے کا حکم دیا جائے۔ عدالت سے جواب طلب کرنے کی استدعا کی گئی کہ معزول وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کہاں ہیں، کس کی تحویل میں ہیں اور کس قانونی اختیار کے تحت رکھا گیا ہے؟ سہیل آفریدی کے بھائی نے استدعا کی کہ سی سی پی او پشاور وزیراعلیٰ کو حراست میں لینے اور اس وقت موجود سیکیورٹی انتظامات کی مکمل تفصیلات عدالت میں پیش کریں۔ ہائی کورٹ کو معزول وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کے اغوا کی آزادانہ اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کا حکم دینے کی استدعا بھی کی گئی۔ درخواست میں استدعا کی گئی کہ معزول وزیراعلیٰ کو حراست میں لینے میں ملوث افراد کی فوری نشاندہی اور قانون کے مطابق کارروائی کی جائے۔ معزول وزیراعلیٰ کو حراست میں لینے سے متعلق سی سی ٹی وی فوٹیج، سیکیورٹی ریکارڈ اور تمام شواہد فوری محفوظ کرنے کا حکم دینے کی استدعا کی گئی۔ پولیس حکام معزول وزیراعلیٰ کی بازیابی کے لیے کیے گئے اقدامات کی تفصیلی رپورٹ عدالت میں پیش کریں۔ سہیل آفریدی کی جان، آزادی اور تحفظ یقینی بنانے کے لیے فوری عدالتی مداخلت کی استدعا کی گئی۔ درخواست گزار کے مطابق منتخب وزیراعلیٰ کو حراست میں لینے جیسے سنگین معاملے میں مزید تاخیر ان کی جان کے لیے خطرناک ہو سکتی ہے۔ معزول وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کی بازیابی کی درخواست کو فوری سماعت کے لیے مقرر کرنے کی استدعا کی گئی۔

بقیہ 50

شرکت کی جبکہ وزیراعظم کے مشیر رانا ثنا اللہ بھی بطور ممبر شریک ہوئے۔ اجلاس میں سندھ ہائیکورٹ میں آئینی بنچز کی مدت میں توسیع کا معاملہ زیر بحث آیا، ذرائع کے مطابق جوڈیشل کمیشن نے سندھ ہائیکورٹ آئینی بینچ کو ایک سال کیلئے توسیع کا فیصلہ کیا ہے۔ واضح رہے کہ سندھ ہائی کورٹ میں آئینی بنچز کی مدت 25 اکتوبر کو ختم ہو رہی ہے۔ دریں اثنا، جوڈیشل کمیشن نے احسن بھون کی ڈگری کے اصلی ہونے کی تصدیق کردی، کیپٹن صفدر نے جوڈیشل کمیشن کے سربراہ چیف جسٹس پاکستان کو احسن بھون کی ڈگریوں کے حوالے سے درخواست بھیجی تھی جس میں انہوں نے احسن بھون کی ڈگری پر اعتراض اٹھایا تھا۔ چیف جسٹس نے درخواست پر کمیشن کے رکن احسن بھون کی ڈگریوں کی تصدیق کرائی، جوڈیشل کمیشن نے احسن بھون کی ڈگری اصلی ہونے کی تصدیق کردی۔

بقیہ 51

۔ وزیر خزانہ نے سعودی عرب میں حالیہ واقعات کے دوران قیمتی جانوں کے ضیاع پر تعزیت کا اظہار کیا اور پاکستان کیلئے سعودی عرب کی دیرینہ معاونت پر شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے پاکستان کی بہتر ہوتی ہوئی معاشی صورت حال اور بین الاقوامی سرمایہ منڈیوں تک دوبارہ رسائی کو اجاگر کیا۔ ملاقات میں تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ، نجی شعبے کی شمولیت مضبوط بنانے، دوطرفہ سرمایہ کاری کے تحفظ کے معاہدے پر پیش رفت اور آئل ریفائنریز کی بہتری کے امکانات کا جائزہ لیا گیا۔ دونوں جانب سے سعودی فنڈ برائے ترقی کے تعاون سے جاری منصوبوں پر پیش رفت کو اطمینان بخش قرار دیا گیا اور نئے منصوبوں کی ایک جامع فہرست تیار کرنے کی اہمیت پر زور دیا گیا۔ سعودی فنڈ برائے ترقی نے اپنے دائر کار کے اندر پاکستان کی مسلسل معاونت جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ 52

پاکستان اور روس کے قومی ترانے بجائے گئے، دورے کے دوران معزز مہمان کو پاکستانی پرچم پیش کیا گیا جسے روسی وزیر داخلہ نے احتراماً بوسہ دیا۔ ولادیمیر کولا کولتسیف نے اسلام آباد پولیس کے جوانوں کی اعلیٰ پیشہ ورانہ مہارت اور چاق و چوبند انداز کو سراہتے ہوئے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے اہلکاروں میں انعامات تقسیم کیے۔ تقریب میں انسپکٹر جنرل اسلام آباد پولیس سہیل چوہدری، ڈی آئی جیز اور دیگر سینئر پولیس افسران بھی شریک تھے۔ بعد ازاں روسی وزیر داخلہ نے وزیر مملکت طلال چوہدری کے ہمراہ پاکستان مونومنٹ کا دورہ کیا جہاں فیڈرل کانسٹیبلری کے چاق و چوبند دستے نے انہیں گارڈ آف آنر پیش کیا۔ روسی وزیر داخلہ نے یادگار شہدا پر حاضری دی اور پھولوں کی چادر چڑھا کر وطن پر جان نچھاور کرنے والے بہادر جوانوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ دورے کے دوران روسی وزیر داخلہ نے شکر پڑیاں کے مقام سے وفاقی دارالحکومت اور مارگلہ کے دلکش پہاڑی سلسلے کا مشاہدہ کیا اور اسلام آباد کے قدرتی حسن و دلکشی کی دل کھول کر تعریف کی۔

بقیہ 53

جسٹس سمٹ 2026 کے موقع پر مختلف ممالک کے وزرائے قانون و انصاف اور اعلیٰ حکام سے ملاقاتیں کیں، جن میں دوطرفہ تعاون، قانونی اصلاحات اور عدالتی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزارت قانون و انصاف کے مطابق بیرسٹر عقیل ملک نے سمٹ کے موقع پر آذربائیجان، یوگنڈا، جمہوریہ کانگو، ترکیہ اور بوسنیا و ہرزیگووینا کے اعلیٰ حکام سے ملاقاتیں کیں۔ ان ملاقاتوں کا مقصد قانونی شعبے میں باہمی روابط مضبوط بنانے، ادارہ جاتی تعاون کو وسعت دینے اور مشترکہ دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کرنا تھا۔ وزیر مملکت برائے قانون و انصاف بیرسٹر عقیل ملک نے آذربائیجان کے وزیر انصاف فرید احمد وف سے دوطرفہ ملاقات کی، جس میں پاکستان اور آذربائیجان کے درمیان انصاف، قانونی اصلاحات، عدالتی تعاون اور ادارہ جاتی استعداد کار بڑھانے سے متعلق امور زیر بحث آئے۔ ملاقات میں دونوں ممالک کے درمیان موجودہ تعاون کو مزید وسعت دینے کے مشترکہ عزم کا اعادہ کیا گیا۔ اس موقع پر قانونی شعبے میں تجربات کے تبادلے اور ادارہ جاتی روابط کو مزید مضبوط بنانے کی اہمیت پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ بیرسٹر عقیل ملک نے یوگنڈا کے وزیر انصاف و آئینی امور نوربرٹ ماؤ اور جمہوریہ کانگو کے وزیر مملکت برائے انصاف گیوم نیگفا اٹونڈو کو اندالی سے بھی ملاقاتیں کیں۔ اس کے علاوہ انہوں نے ترکیہ کے نائب وزیر انصاف بوراک جیہان اور بوسنیا و ہرزیگووینا کے نائب وزیر انصاف ایلویر محمود بیچ سے تبادلہ خیال کیا۔ ان ملاقاتوں میں بین الاقوامی قانونی تعاون، عدالتی روابط اور ادارہ جاتی شراکت داری کے فروغ سے متعلق امور زیر غور آئے۔ وزارت کے مطابق وزیر مملکت نے مختلف ممالک کے قانونی ماہرین، قانون کے اساتذہ اور بین الاقوامی قانونی شعبے سے وابستہ پیشہ ور افراد سے بھی تبادلہ خیال کیا۔ وزیر مملکت برائے قانون و انصاف نے انٹرنیشنل جسٹس سمٹ میں "ہجرت، ذمہ داریوں کی تقسیم اور انسانی وقار" کے موضوع پر منعقدہ پینل مباحثے میں بھی شرکت کی۔ اس موقع پر انہوں نے مہاجرین کے تحفظ، انسانی امداد کی فراہمی اور جبری نقل مکانی کی بنیادی وجوہات سے نمٹنے کے لیے عالمی تعاون کی اہمیت اجاگر کی۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ نقل مکانی سے پیدا ہونے والے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے ممالک کے درمیان مشترکہ کوششیں اور مؤثر بین الاقوامی تعاون ضروری ہے۔ انٹرنیشنل جسٹس سمٹ 2026 میں پاکستان کی شرکت کو مختلف ممالک کے ساتھ قانونی روابط بڑھانے، عدالتی تعاون کو فروغ دینے اور بین الاقوامی قانونی امور پر مکالمے کے لیے ایک اہم موقع قرار دیا گیا ہے۔

بقیہ 54

موبائل انٹرنیٹ تک رسائی میں صنفی خلیج 38 فیصد سے کم کر کے ریکارڈ 8 فیصد پر لا کھڑی کی ہے، ملک میں انٹرنیٹ ہاؤس پاسز 50 لاکھ سے تجاوز کر چکے ہیں جبکہ 5G کے دور میں آئندہ تین برسوں کے دوران 60 فیصد ٹیلی کام ٹاورز کو فائبرائز کرنے کا انقلابی ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ وہ منگل کو وزارت آئی ٹی اور یونیورسل سروس فنڈ (یو ایس ایف) پاکستان کے زیر اہتمام ایشیا پیسیفک ٹیلی کمیونٹی (اے پی ٹی) کے اشتراک سے منعقدہ تین روزہ بین الاقوامی کانفرنس اے پی ٹی سمپوزیم برائے ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن اینڈ یو ایس ایف کے باضابطہ افتتاح کے موقع پر خطاب کر رہی تھیں۔ ایشیا پیسفک ٹیلی کمیونٹی کے سیکرٹری جنرل مسانوری کونڈو، چیئرمین پاکستان ٹیلی کام اتھارٹی (پی ٹی اے)، ایم ڈی نیشنل ٹیلی کمیونیکیشن کارپوریشن (این ٹی سی)، ایڈیشنل سیکرٹری ممبر ٹیلی کام توفیق بریرو سمیت عالمی مندوبین، پالیسی ساز اور صنعتی رہنما شریک تھے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ٹوکیو اعلامیے کی روشنی میں یہ سمپوزیم علاقائی ڈیجیٹل تبدیلی کو محض بیانیے سے نکال کر ٹھوس، قابل عمل اور جامع حکمت عملی میں بدلنے کا بہترین پلیٹ فارم ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ کوئی بھی ڈیجیٹل تبدیلی اس وقت تک ادھوری ہے جب تک وہ آخری فرد تک کنیکٹیویٹی کی شکل میں نہ پہنچے کیونکہ جدید دور میں ڈیجیٹل کنیکٹیویٹی ہی دراصل معاشی استحکام، صحت و تعلیم تک رسائی اور قومی سلامتی کا ضامن بنیادی ڈھانچہ ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان نے خواتین کو مرکزی معاشی دھارے میں لانے کے لیے غیر معمولی اقدامات کیے اور جی ایس ایم اے کے مطابق پاکستان دنیا میں سب سے تیزی سے صنفی ڈیجیٹل خلیج کو کم کرنے والا ملک بن کر ابھرا ہے۔ ایشیا پیسفک کے تناظر میں انہوں نے تشویش ظاہر کی کہ انٹرنیشنل ٹیلی کمیونیکیشن یونین (آئی ٹی یو) کے مطابق جہاں دنیا میں 2.2 ارب لوگ آف لائن ہیں وہیں ایشیا پیسفک میں 48 فیصد آبادی کا آف لائن ہونا عالمی اوسط سے کہیں زیادہ ہے جسے ترجیحی بنیاد پر حل کرنا ہوگا۔ شزا فاطمہ خواجہ نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی براہ راست نگرانی میں "ڈیجیٹل نیشن پاکستان" وژن پر تیزی سے عمل درآمد جاری ہے جس کے تحت جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے 1 کروڑ سے زائد شہریوں تک ایندھن سبسڈی کی بلاتعطل فراہمی ممکن بنائی گئی۔ انفراسٹرکچر کی توسیع پر روشنی ڈالتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ گزشتہ ڈھائی برسوں میں 3 نئی سب میرین کیبلز کا اضافہ کیا گیا، یو ایس ایف کے تعاون سے 17 ہزار کلومیٹر سے زائد آپٹک فائبر بچھائی گئی اور ہاؤس پاسز 30 لاکھ سے بڑھا کر 50 لاکھ سے تجاوز کر چکے ہیں

بقیہ 55

گردوں کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان سی ٹی ڈی کے مطابق گرفتار ملزمان کے قبضے سے 4 دستی بم اور ایک پستول برآمد ہوئی ہے۔ ترجمان کے مطابق ابوالحسن اصفہانی روڈ بلاک 4 کے قریب کارروائی کے دوران کالعدم بی ایل اے سے تعلق رکھنے والے 3 دہشت گردوں کو گرفتار کیا گیا، جبکہ کورنگی کازوے ندی کے قریب کارروائی میں کالعدم ایس آر اے سے تعلق رکھنے والا ایک دہشت گرد گرفتار ہوا۔ سی ٹی ڈی کے مطابق گرفتار ملزمان حساس مقامات اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو نشانہ بنانا چاہتے تھے، ملزمان بلوچستان میں ایف سی اور کسٹمز کی موبائل گاڑیوں پر حملوں میں بھی ملوث رہے ہیں۔ ترجمان نے بتایا کہ گرفتار ملزمان کے خلاف قانونی کارروائی شروع کردی گئی ہے جبکہ ان کے دیگر ساتھیوں اور معاونین کی تلاش جاری ہے۔

بقیہ 56

اداروں کو زیادہ مؤثر، نمائندہ اور ترقی پر مرکوز کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے جی 24 کے آئندہ چیئر کی حیثیت سے پاکستان کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ترقی پذیر ممالک کے اجتماعی مفادات کے فروغ اور عالمی معاشی نظام کو زیادہ جامع اور مستحکم بنانے کے لیے اپنا کردار ادا کرے گا۔ وزارت خزانہ کے مطابق وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے تھائی لینڈ کے شہر بنکاک میں ورلڈ بینک گروپ اور آئی ایم ایف کے سالانہ اجلاسوں 2026 کے موقع پر منعقدہ جی 24 کے وزرائے خزانہ اور مرکزی بینکوں کے گورنرز کے اجلاس سے خطاب کیا۔ انہوں نے جی 24 کے فرسٹ وائس چیئر کی حیثیت سے ترقی پذیر معیشتوں کو درپیش اہم مسائل اجاگر کیے۔

بقیہ 57

اجاگر کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستانی ہنرمند کارکنوں اور پیشہ ور افراد کے لیے قانونی راستے کھولنے سے جہاں یورپی ممالک کی لیبر مارکیٹ کی ضروریات پوری ہوں گی، وہاں غیر قانونی طریقوں اور سمگلنگ کے جال میں پھنسنے کے خطرات میں بھی کمی آئے گی۔ منگل کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق یورپی یونین کے لیے کمشنر برائے داخلی امور اور مائیگریشن میگنس برونر نے وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کی۔

بقیہ 58

قومی مقابلہ برائے حفظ و قرأت میں شریک ہوں گے۔ وزارت مذہبی امور کے ترجمان کے مطابق قومی مقابلوں کے پہلے دو مراحل ضلعی اور صوبائی سطح پر منعقد کیے گئے تھے۔ چاروں صوبوں، گلگت بلتستان، آزاد کشمیر اور اسلام آباد سے نامزد حفاظ و قراء شریک ہوں گے۔ حفظ اور قرآت میں بچے بچیوں اور نوجوانوں کی دس مختلف کیٹیگریوں میں مقابلہ ہوگا۔ مقابلوں کا مقصد نوجوان نسل میں قرآنی تعلیمات اور حفظ و قرت کے شوق کا فروغ اور حوصلہ افزائی ہے۔ نمایاں کارکردگی کے حامل حفاظ و قرا بین الاقوامی مقابلوں میں پاکستان کی نمائندگی کریں گے۔ قومی مقابلہ برائے حفظ و قرت دو روز تک جاری رہے گا، اختتام 15 اکتوبر کو ہوگا۔

بقیہ 59

کا شکار ہوتے ہی مسافروں نے چیخ و پکار شروع کردی، اطلاع ملتے ہی ریلوے کے اعلیٰ حکام اور ریسکیو ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں، وزیراعظم شہباز شریف نے رحمان بابا ایکسپریس کی بوگیاں پٹری سے اترنے کے واقعہ کا نوٹس لے لیا جبکہ وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے بھی حادثے کا سخت نوٹس لیتے ہوئے فیڈرل گورنمنٹ انسپکٹر آف ریلویز کو ٹرین حادثے کی تحقیقات کرنے کی ہدایت کردی۔

بقیہ 60

بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ جامع معاشی ترقی، معاشی خود مختاری اور غربت سے خوشحالی کی جانب سفر کے موضوع پر منعقدہ کانفرنس میں وزیراعظم محمد شہباز شریف کی نمائندگی کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ غربت محض آمدنی کی کمی نہیں بلکہ تعلیم، صحت، غذائیت اور باعزت روزگار تک محدود رسائی کا نام بھی ہے۔ پاکستان میں غربت کی شرح میں اضافے اور کئی سماجی اشاریوں پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملک کی پائیدار ترقی کے لیے ان بنیادی مسائل کا موثر حل ناگزیر ہے۔ احسن اقبال نے کہا کہ پاکستان میں تقریباً ڈھائی کروڑ بچے سکولوں سے باہر ہیں جبکہ بچوں میں نشوونما کی کمی کی شرح تقریباً 40 فیصد ہے، تعلیم، صحت اور غذائیت کے شعبوں میں بہتری کے بغیر پاکستان عالمی معیشت میں موثر مقابلہ نہیں کر سکتا۔ انہوں نے ابتدائی بچپن کی نشوونما، معیاری تعلیم اور انسانی وسائل میں سرمایہ کاری کو مستقبل کی معاشی ترقی کیلئے بنیادی اہمیت کا حامل قرار دیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت کی توجہ صرف غربت کی شرح کا جائزہ لینے تک محدود نہیں بلکہ لوگوں کو غربت سے نکال کر خود کفالت کی منزل تک پہنچانا ہمارا اصل ہدف ہے اور ہم اس مقصد کے حصول کے لیے اپنی کوششوں کو مزید موثر اور تیز بنانے کے ساتھ ساتھ تمام متعلقہ فریقوں کو بھی متحرک کر رہے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ غربت کے پائیدار خاتمے کے لیے مستحق خاندانوں کو صرف مالی امداد یا پیداواری اثاثے فراہم کرنا کافی نہیں، بلکہ انہیں ہنر، کاروباری سرمایہ، منڈیوں تک رسائی اور قابل اعتماد ذرائع معاش بھی فراہم کرنا ہوں گے۔ انہوں نے خواتین کی معاشی خود مختاری، نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع اور جامعات کے ذریعے مقامی آبادیوں کی ترقی پر بھی زور دیا۔ احسن اقبال نے کہا کہ حکومت غربت کے خاتمے کے اقدامات کو شواہد، قابل پیمائش نتائج اور موثر نگرانی سے منسلک کرنا چاہتی ہے تاکہ مستحکم آمدنی، بچت، غذائیت اور بہتر معیار زندگی کو یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے خوشحال اضلاع کو پسماندہ علاقوں کی ترقی میں شراکت دار بنانے کے لیے خود کفالت سے خود انحصاری تک فروغ دینے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے 20 غریب ترین اضلاع میں سے 11 بلوچستان میں واقع ہیں، ترقی کے ثمرات ہر علاقے تک پہنچانے اور علاقائی عدم مساوات کم کرنے کیلئے وسائل اور صلاحیتوں کو مشترکہ طور پر بروئے کار لانا ہوگا۔ وفاقی وزیر نے کانفرنس کے شرکا پر زور دیا کہ وہ غربت میں پائیدار کمی، مؤثر ترقیاتی اقدامات کی توسیع اور مستحق خاندانوں کے حالات زندگی میں حقیقی بہتری کے لیے قابل عمل سفارشات اور جامع لائحہ عمل پیش کریں۔

GOVERNMENT OF BALOCH

سیکرٹری خزانہ جہانگیر کاکڑ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

کوئٹہ سمیت پورے بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال تشویشناک ہے، مولانا عبدالواسع

بدامنی اور معاشی بحران کے شکار صوبے میں نمائشی اقدامات اور تشہیری مہمات عوام کے ساتھ بدترین مذاق ہیں، انہیں ترقی کا نام نہیں دیا جاسکتا

عوام محض وعدوں اور تشہیری سرگرمیوں کے بجائے عملی اقدامات اور ایسی حکمرانی چاہتے ہیں جس کے ثمرات عام آدمی تک پہنچیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع اور صوبائی سیکرٹری جنرل آغا محمود شاہ نے کہا ہے کہ بدامنی اور معاشی بحران کے شکار صوبے میں نمائشی اقدامات اور تشہیری مہمات عوام کے ساتھ بدترین مذاق ہیں، انہیں ترقی کا نام نہیں دیا جاسکتا۔ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت پورے بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال تشویش ناک ہے، عوام عدم تحفظ، مہنگائی، بے روزگاری اور غربت جیسے مسائل سے دوچار ہیں، جبکہ جرائم کے بڑھتے ہوئے واقعات نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے کی مختلف شاہراہوں پر سفر کرنا دشوار ہو چکا ہے، جس کے باعث مسافروں، تاجروں اور ٹرانسپورٹرز کو مشکلات کا سامنا ہے اور کاروباری سرگرمیاں بھی (بقیہ نمبر 3 صفحہ 7پر)

معاشی استحکام کے ثمرات عام آدمی تک پہنچانے کیلئے عوامی ریلیف اور روزگار کو اولین ترجیح دی جائے، سینیٹر محمد عبدالقادر

دیرپا نتائج کیلئے عوام کی قوت خرید میں بہتری، روزگار کی فراہمی اور مقامی صنعت کی ترقی پر خصوصی توجہ مرکوز رکھی جائے

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ حکومت کی معاشی اصلاحات کی کوششیں اہم ہیں اور ان کے دیرپا نتائج کیلئے عوام کی قوت خرید میں بہتری، روزگار کی فراہمی اور مقامی صنعت کی ترقی پر خصوصی توجہ دینا ضروری ہے۔ آئی ایم ایف کے تازہ معاشی تخمینوں پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ عالمی معاشی دباؤ کے پیش نظر پاکستان کو ایسی پالیسیوں کی ضرورت ہے جو مالی استحکام کے ساتھ کم آمدن اور متوسط طبقے کو مہنگائی کے اثرات سے تحفظ فراہم کریں۔ مستحق خاندانوں کیلئے ہدفی امداد، ضروری اشیاء کی مؤثر نگرانی اور صحت (بقیہ نمبر 15 صفحہ 7پر)

وفاقی محتسب اعلیٰ پاکستان کی فوری اور موثر مداخلت

کے الیکٹرک کا بیلا کے شہری کو 74,809 روپے کا بھاری بل منسوخ، 50,000 روپے کی بڑی رعایت فراہم

بیلا / خضدار (این این آئی) وفاقی محتسب اعلیٰ پاکستان کے علاقائی دفتر نے عوام الناس کو فوری، مفت اور دہلیز پر انصاف کی فراہمی کے سلسلے میں ایک اور نمایاں کامیابی حاصل کر لی ہے۔ بجلی کے صارفین کے مسائل اور کے الیکٹرک انتظامیہ کی جانب سے بھیجے گئے اضافی و ناواجب بلوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ایک باقاعدہ و باضمیر شہری کو بھاری مالی بوجھ سے نجات دلا دی گئی۔ کیس کی تفصیلات کے مطابق اریگیشن کالونی بیلا کے رہائشی درخواست گزار عبدالکریم نے کے الیکٹرک کے خلاف وفاقی محتسب سے رجوع کیا تھا۔ سائل کا (بقیہ نمبر 13 صفحہ 7پر)

خواتین میں کاروبار، جدت اور معاشی سرگرمیوں کو آگے بڑھانے کی صلاحیت موجود ہے، ڈاکٹر ربابہ بلیدی

ان کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے اور معاشی ترقی کے عمل میں ان کی مؤثر شرکت یقینی بنانے کے لیے سازگار مواقع کی فراہمی ضروری ہے

کوئٹہ (خ ن) مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں بلوچستان ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ خواتین کو معاشی طور پر بااختیار بنانے، ان کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے اور معاشی ترقی کے عمل میں ان کی مؤثر شرکت یقینی بنانے کے لیے سازگار مواقع کی فراہمی ضروری ہے۔ خواتین کی قیادت میں کاروباری سرگرمیوں کا فروغ نہ صرف ان کی معاشی خودمختاری میں معاون ہے بلکہ پائیدار اور جامع معاشی ترقی کے لیے بھی اہمیت رکھتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلام آباد میں منعقدہ بین الاقوامی کانفرنس بعنوان ''جامع اور مستحکم معاشی بااختیاری و ترقی'' میں (بقیہ نمبر 14 صفحہ 7پر)

MIR
BALOCHISTAN

اسلام آباد؛ مشیر ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی کا ''جامع اور مستحکم معاشی بااختیاری و ترقی'' کے عنوان سے منعقدہ بین الاقوامی کانفرنس کی شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

کوئٹہ، آٹے کی قیمتوں کا جائزہ لینے کیلئے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل کی زیر صدارت اجلاس

عوام کو آٹے کی قیمتوں میں ریلیف فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں گے، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) محمد انور کاکڑ کی زیر صدارت آٹے کی حالیہ قیمتوں کا جائزہ لینے اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں فلور ملز ایسوسی ایشن، مختلف فلور ملز کے مالکان، محکمہ خوراک اور محکمہ صنعت کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ملک بھر میں آٹے کی موجودہ قیمتوں، قیمتوں میں اضافے کے عوامل اور اس سے متعلق مختلف پہلوؤں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں اس بات پر زور دیا گیا کہ عوام کو آٹے کی مناسب قیمتوں پر فراہمی یقینی بنانے کے لیے تمام متعلقہ ادارے (بقیہ نمبر 34 صفحہ 7پر)

کھڈکوچہ میں ٹریفک حادثہ، خاتون سمیت 4 افراد جاں بحق، خواتین سمیت 5 زخمی

حادثے میں جاں بحق ہونے والوں میں بی بی (س) دختر غلام حیدر محمد حسنی، محمد انور ولد غلام سرور محمد حسنی، ظہیر احمد ولد محمد یاسین زہری اور محمد ایوب ولد محمد یاسین زہری شامل ہیں

حادثے میں جاں بحق وزخمی افراد وین میں سوار تھے۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی امدادی کارروائیاں عمل میں لائی گئیں

مستونگ (آن لائن) کھڈکوچہ میں ٹریفک کا المناک حادثہ خاتون سمیت 4 افراد جاں بحق خواتین سمیت 5 زخمی کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر کھڈکوچہ کے علاقے بدرنگ کے مقام پر سوزوکی وین اور ٹرک کے درمیان خوفناک تصادم کے نتیجے میں خاتون سمیت 4 افراد جاں بحق جبکہ خواتین سمیت 5 افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق حادثہ بدرنگ کے مقام پر پیش آیا جہاں سوزوکی وین اور ٹرک آپس میں ٹکرا گئے۔ حادثے کے نتیجے میں وین میں سوار 4 افراد جان کی بازی ہار گئے جبکہ خواتین سمیت 5 افراد زخمی ہوگئے۔ حادثے میں جاں بحق ہونے والوں میں بی بی (س) دختر غلام حیدر محمد حسنی، محمد انور ولد غلام سرور محمد حسنی، ظہیر احمد ولد محمد یاسین زہری اور محمد ایوب ولد محمد یاسین زہری شامل (بقیہ نمبر 23 صفحہ 7پر)

کراچی سے پشاور جاتے ہوئے حادثے کا شکار ہونیوالی رحمان بابا ٹرین کی بوگیاں پٹڑی پر الٹی ہوئی ہیں

ڈپٹی کمشنر دکی کی زیرِ صدارت پولیو مہم کی تیاریوں کا جائزہ اجلاس

پانچ سال سے کم عمر تمام بچوں کو قطرے پلانے کی ہدایت

دکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمٰن کبدانی کی زیر صدارت نومبر 2026 کی ذیلی قومی حفاظتی ٹیکہ جات مہم (SNID) کے سلسلے میں ڈسٹرکٹ پولیو ایریڈیکیشن کمیٹی (DPEC) کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈی ایم پی پی ایچ آئی قاہر خان، ڈسٹرکٹ پولیو آفیسر ڈاکٹر عبداللہ جان، این اسٹاپ ڈاکٹر عزیز اللہ، ایم اینڈ ای آفیسر ای پی آئی پیر محمد، سی سی او سعید احمد، آئی ایس ڈی کوآرڈینیٹر صدام حسین اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران نومبر میں منعقد ہونے والی SNID پولیو مہم کی تیاریوں، ٹیموں کی تشکیل، مائیکرو پلاننگ، (بقیہ نمبر 25 صفحہ 7پر)

جدید آلات کے ذریعے مائنز انسپکشن یقینی بنائی جائے: علی باش خان

مائنز حادثات کی روک تھام کیلئے ٹھیکیداری نظام کا خاتمہ اور حفاظتی قوانین پر سختی سے عمل کیا جائے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان کول مائنز مزدور یونین کے نائب صدر اور پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کی ایگزیکٹو کونسل کے رکن علی باش خان نے کہا ہے کہ کوئلے کی کانوں میں پیش آنے والے حادثات کی روک تھام اور کان کنوں کی قیمتی زندگی کے تحفظ کیلئے ٹھیکیداری نظام کا خاتمہ، حفاظتی قوانین پر سختی سے عملدرآمد اور جدید آلات کے ذریعے مائنز انسپکشن کو یقینی بنانا ناگزیر ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ شانگلہ کول مائنز ورکرز ویلفیئر ایسوسی ایشن (سموا) کے بانی ممبر علی باش خان نے کہا کہ کان کنی کے شعبے میں مزدوروں کی جان و مال کا تحفظ اولین ترجیح ہونی چاہیے، مائنز میں حفاظتی انتظامات کو نظرانداز کرنے اور قوانین پر عملدرآمد نہ ہونے کے باعث کان کنوں کو سنگین خطرات کا سامنا کرنا پڑتا ہے اس صورتحال (بقیہ نمبر 26 صفحہ 7پر)

وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کی ملاقات

سیاسی رابطوں، عوامی مسائل کے حل اور بلوچستان کی ترقی وخوشحالی کے لیے مشترکہ کوششوں کی اہمیت پر گفتگو

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے نیشنل پارٹی کے سربراہ اور رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے ملاقات کی۔ ملاقات میں نیشنل پارٹی کے رہنما مہراب بلوچ اور جلال بلوچ بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور، صوبے کی مجموعی صورتحال اور بلوچستان کو درپیش مختلف مسائل کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں صوبے میں سیاسی رابطوں، عوامی مسائل کے حل اور بلوچستان کی ترقی وخوشحالی کے لیے مشترکہ کوششوں کی اہمیت پر بھی گفتگو کی گئی۔

وزیراعلیٰ سے میر بہروز ریکی کی قیادت میں مائنز اونرز کے وفد کی ملاقات

ملاقات میں معدنیات کے شعبے کو درپیش مسائل پر تبادلہ خیال

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے میر بہروز ریکی کی قیادت میں مائنز اونرز کے نمائندہ وفد نے یہاں ملاقات کی جس میں معدنیات کے شعبے کو درپیش مسائل، مشکلات اور اس کی ترقی و بہتری کے لیے مختلف تجاویز پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران وفد نے وزیراعلیٰ بلوچستان کو مائنز اونرز کو درپیش مسائل اور عملی مشکلات سے آگاہ کرتے ہوئے معدنیات کے شعبے کی ترقی، کاروباری سرگرمیوں کے فروغ اور دستیاب معدنی وسائل سے موثر انداز میں استفادہ کرنے کے حوالے سے اپنی تجاویز پیش کیں۔ وفد نے اس امر (بقیہ نمبر 1 صفحہ 7پر)

بلوچستان ہائیکورٹ' جوائنٹ روڈ کوئٹہ کا جامع سروے کرانے اور دکانوں سے متعلق تفصیلی رپورٹس طلب کرنے کی ہدایت

جوائنٹ روڈ کی توسیع کا مکمل پی سی ون پیش نہ کرنے پر عدالت کا اظہار تشویش، عبوری حکم میں آئندہ سماعت تک توسیع

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ہائیکورٹ نے کوئٹہ کے جوائنٹ روڈ پر ٹریفک کی روانی میں رکاوٹوں، مجوزہ فلنگ اسٹیشن کے سامنے قائم دکانوں اور سڑک کی توسیع کے منصوبے سے متعلق امور کا جائزہ لینے کے لیے جامع سروے کرانے اور متعلقہ حکام سے تفصیلی رپورٹس طلب کر لی ہیں۔ چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ جسٹس محمد کامران خان ملاخیل اور جسٹس محمد نجم الدین مینگل پر مشتمل دو رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کے دوران ڈائریکٹر بلوچستان ٹریفک انجینئرنگ بیورو کو ہدایت کی کہ ڈائریکٹر جنرل ٹریفک انجینئرنگ بیورو کو آگاہ کرکے ایڈووکیٹ جنرل آفس، پاکستان ریلوے اور درخواست گزار یا اس کے وکیل کی موجودگی میں جوائنٹ روڈ کا جامع سروے یقینی بنایا (بقیہ نمبر 2 صفحہ 7پر)

گوادر، عوامی مسائل کے حل اور شہریوں کی شکایات کے فوری ازالے کے لیے کھلی کچہری کا انعقاد

گوادر (خ ن) صوبائی حکومت کی ہدایات کی روشنی میں ضلعی انتظامیہ گوادر کے زیر اہتمام عوامی مسائل کے حل اور شہریوں (بقیہ نمبر 4 صفحہ 7پر)

میٹروپولیٹن کارپوریشن کے چیف فائر آفیسر عبدالحق اچکزئی ریجنل ٹیکس آفس ایف بی آر کوئٹہ میں فائر سیفٹی آگاہی سیشن کے موقع پر، کمشنر انکم ٹیکس رحمت اللہ خان درانی اور دیگر افسران موجود ہیں

گورنر بلوچستان کی قیادت میں مسلم لیگ (ن) بلوچستان فعال اور منظم ہے، سید جہانگیر شاہ

کوئٹہ (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے صوبائی رہنما سید جہانگیر شاہ نے کہا ہے کہ گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل کی قیادت میں مسلم لیگ (ن) بلوچستان فعال اور منظم ہے جعفر خان مندوخیل نے ہمیشہ اصولوں کی سیاست کی ہے اور وہ سب کو ساتھ لیکر چلتے ہیں۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو ملاقات کرنے والے مسلم لیگ (ن) کے رہنماؤں نور احمد محمد حسنی، محمد رفیق جنگ، منور شاہوانی عبدالمالک سمالانی، خضر بلوچ، عبدالطیف کاکڑ، محمد نعیم درانی، ظفر شاہوانی، خالد (بقیہ نمبر 12 صفحہ 7پر)

لورالائی میں 10 سالہ بچے سے مبینہ زیادتی کا افسوسناک واقعہ، سٹی پولیس کی بروقت کارروائی، ملزم گرفتار

لورالائی (این این آئی) لورالائی سٹی پولیس تھانہ میں ڈی ایس پی لورالائی نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتایا کہ کمشنر کالونی کے قریب رہائش پذیر 10 سالہ بچہ اپنے ماموں کے گھر جانے کے بعد ایک نوجوان کے ہاتھ لگ گیا ملزم مبینہ طور پر بچے کو ورغلا کر مقام پر لے گیا جہاں اس کے ساتھ جنسی زیادتی کی گئی، بعدازاں بچے کو ایک ویران مقام پر چھوڑ کر فرار ہوگیا واقعے (بقیہ نمبر 33 صفحہ 7پر)

بلوچستان پولیس میں تقرر و تبادلے

کوئٹہ (آن لائن) سینٹرل پولیس آفس بلوچستان کوئٹہ کے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق تعیناتی کے منتظر سید جاوید اقبال غرشین کو سینئر انسٹرکٹر اے ٹی ایف ٹریننگ سکول کوئٹہ تعینات کیا جبکہ تعیناتی کے منتظر سید عثمان غنی کو رینج کمپلینٹ آفیسر خضدار تعینات کیا اور تعیناتی کے منتظر منظور احمد بلیدی کو وائس پرنسپل پی ٹی سی خضدار تعینات کردیا گیا ہے۔

کوئٹہ مارکیٹ کمیٹی کی جانب سے ہائی وے ٹرکوں پر مبینہ ناجائز ٹیکس وصولی بند کی جائے، گڈز ٹرک اونرز

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن نے کوئٹہ مارکیٹ کمیٹی کے نام پر ہائی وے پر ٹرکوں سے مبینہ طور پر بلاجواز ٹیکس وصولی پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ ایسوسی ایشن کے مطابق تفتان، پنجاب یا ملک کے دیگر علاقوں سے آنے والے ٹرکوں میں مال قانونی دستاویزات، بلٹی اور دیگر سرکاری کاغذات کے ساتھ موجود ہوتا ہے۔ بعض مجبوریوں کے (بقیہ نمبر 24 صفحہ 7پر)

بارکھان میں لرزہ خیز واردات آٹھ روز قبل اغواء کیے گئے دو سگے بھائی قتل لاشیں برآمد

کوئٹہ (این این آئی) ضلع بارکھان میں دو سگے بھائیوں کو مبینہ طور پر اغواء کے بعد فائرنگ کرکے قتل کردیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق دونوں بھائی اپنے علاقے سے ضلع بارکھان جارہے تھے کہ راستے میں مسلح افراد نے انہیں اغواء کرلیا اور آٹھ روز تک اپنے قبضے میں رکھنے کے بعد آج فائرنگ کرکے قتل کردیا۔ مقتولین کی لاشیں تحویل میں لے کر اسپتال منتقل کر دی گئی ہیں، جبکہ واقعے کے بعد علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا ہے۔ پولیس نے واقعے کی تحقیقات شروع کردی ہیں۔

DG کیوڈی اے اورنگ زیب کاسی کا پرعزم کردار قابل تحسین ہے، شاہ ہنگلزئی

موصوف کی کاوشوں سے کیوڈی اے میں شفاف نیلامی اور دیگر معاملات بہتری کی جانب گامزن ہے کوئٹہ (آن لائن) مزدا ٹرک یونین بلوچستان کے صدر شاہ ہنگلزئی جنرل سیکرٹری امان مینگل بابل جان سرپرہ اور دیگر نے جاری کردہ مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ڈائریکٹر (بقیہ نمبر 27 صفحہ 7پر)

چیکنگ کے نام پر عوام کو ہراساں کرنے کی شکایات کا ازالہ کیا جائے، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

کوئٹہ میں رکشوں اور موٹر سائیکلوں کی چیکنگ کے نام پر غریب عوام کو تنگ کرنے کا سلسلہ فوری بند کیا جائے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، ڈپٹی سیکرٹری جنرل حاجی بشیر احمد کاکڑ، مولانا محب اللہ، مولانا محمد ایوب، حاجی ظفر اللہ خان کاکڑ اور دیگر رہنماؤں نے کہا ہے کہ کوئٹہ میں رکشوں اور موٹر سائیکلوں کی چیکنگ کے نام پر غریب عوام کو تنگ کرنے، بلاجواز جرمانے عائد کرنے اور مبینہ طور پر مالی استحصال کا سلسلہ فوری بند کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی، بے روزگاری اور معاشی بدحالی نے پہلے ہی عوام کی زندگی اجیرن بنا رکھی ہے، ایسے میں رکشہ ڈرائیوروں، (بقیہ نمبر 10 صفحہ 7پر)

بارکھان کے علاقے سے 2 سگے بھائیوں کی نعشیں برآمد

سوراب' گاڑی حادثے کا شکار ہونے سے بچوں خواتین سمیت 10 افراد زخمی ہوگئے

کوئٹہ (آن لائن) بارکھان کے علاقے سے 2 سگے بھائیوں کی نعشیں برآمد پولیس ذرائع کے مطابق ایک ہفتہ قبل 2 بھائی بارکھان جارہے تھے جنہیں نامعلوم مسلح افراد نے اغواء کرلیا۔ اور آج ان کی نعشیں ملیں جنہیں فائرنگ کرکے قتل کیا نعشیں ہسپتال منتقل کردی گئیں جنہیں ضروری کارروائی کے بعد شناخت کے لئے مردہ خانے میں رکھ دیا گیا۔ مزید کارروائی پولیس کررہی ہے۔ سوراب سے کراچی جانے والی گاڑی وڈھ کے علاقے میں حادثے کا شکار ہونے سے بچوں خواتین سمیت 10 افراد زخمی ہوگئے جنہیں ہسپتال منتقل کردیا گیا تفصیلات کے (بقیہ نمبر 11 صفحہ 7پر)

فتح 2-ای آر میزائل کے کامیاب تجربے پر مسلح افواج، سائنسدانوں اور انجینئرز کو خراجِ تحسین

فتح 2-ای آر میزائل کا کامیاب تجربہ ملکی دفاع اور قومی خودانحصاری کی جانب اہم سنگِ میل ہے، نور محمد خان دمڑ

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خوراک و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد خان دمڑ نے ہائپر سونک بیلسٹک میزائل فتح 2-ای آر کے کامیاب تجربے پر قوم، مسلح افواج، سائنسدانوں اور انجینئرز کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے تہنیتی پیغام میں صوبائی وزیر نے کہا کہ فتح 2-ای آر کا کامیاب تجربہ پاک افواج کی سائنسی وتکنیکی مہارت اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی دفاعی صلاحیتوں میں اضافے کے لیے مسلح افواج، سائنسدانوں اور انجینئرز کی انتھک کاوشیں لائق تحسین اور قابل ستائش ہیں۔ حاجی نور محمد خان دمڑ (بقیہ نمبر 16 صفحہ 7پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر سردار کوہیار خان ڈومکی ملاقات کررہے ہیں

لورالائی، منی پمپس اور ہوٹلوں کا معائنہ، پیمائش میں بے ضابطگی پر ایک منی پمپ سیل

خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی، اسسٹنٹ کمشنر لورالائی

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی محمد حبیب شجاع کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر لورالائی احمد زیب کاکڑ نے آج شہر میں مختلف منی پمپس اور ہوٹلوں کا دورہ کیا دورے کے دوران اسسٹنٹ کمشنر نے ہوٹلوں میں کھانے پینے کی اشیاء کے معیار، کھانا پکانے کے مقامات کی صفائی ستھرائی، باورچی خانوں اور اشیائے خوردونوش کو ذخیرہ کرنے کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا، تاکہ شہریوں کو صاف ستھرا اور معیاری کھانا فراہم کیا جاسکے اس موقع پر مختلف منی پمپس کی پیمائش بھی چیک کی گئی تاکہ عوام کو مقررہ مقدار کے مطابق پیٹرول فراہم کرنے کو یقینی بنایا جاسکے۔ (بقیہ نمبر 21 صفحہ 7پر)

کمشنر سبی کی زیر صدارت محکمہ سی ڈبلیو پی اینڈ ایچ کے ترقیاتی منصوبوں اور کارکردگی کا جائزہ اجلاس

تمام ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل، تعمیراتی معیار برقرار رکھنے اور میٹریل کی باقاعدہ ٹیسٹنگ یقینی بنائی جائے، عرفان اللہ

سبی (خ ن) کمشنر سبی ڈویژن عرفان اللہ خان کی زیر صدارت محکمہ کمیونیکیشن ورکس، فزیکل پلاننگ اینڈ ہاؤسنگ (CWPP&H) سبی ڈویژن کی کارکردگی اور جاری ترقیاتی منصوبوں سے متعلق اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ، بلڈنگز اور روڈز کے متعلقہ ایگزیکٹو انجینئرز اور سب ڈویژنل آفیسرز (SDOs) نے کمشنر کو محکمے کی کارکردگی، جاری منصوبوں پر پیش رفت اور تعمیراتی کاموں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر کمشنر عرفان اللہ خان نے ہدایت کی کہ تمام ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا (بقیہ نمبر 22 صفحہ 7پر)

ڈپٹی کمشنر لورالائی کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ مائنز لیزان کمیٹی کا اجلاس

کان کنی کے دوران مقامی آبادی کے حقوق کا تحفظ اور قوانین پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے، محمد حسیب شجاع

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ مائنز لیزان کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع میں جاری معدنی سرگرمیوں، مائننگ لیزز، مقامی آبادی کے تحفظات، کان کنی سے متعلق تنازعات اور دیگر اہم امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی اور ضلع میں معدنی وسائل کے استعمال، کان کنی کے علاقوں کی صورتحال، لیز ہولڈرز اور مقامی آبادی کے درمیان پیدا ہونے والے مسائل سمیت مختلف معاملات پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا۔ اس موقع پر متعلقہ حکام کی جانب سے معدنی سرگرمیوں اور زیر غور معاملات کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر کو بریفنگ بھی دی گئی اجلاس میں اس (بقیہ نمبر 29 صفحہ 7پر)

گنداخہ میں محکمہ زراعت کا مکمل سیٹ اپ قائم کیا جائے، رئیس حاجی عبدالحمید جمالی

وزیراعلیٰ بلوچستان اور سیکریٹری زراعت گنداخہ میں زراعت کے دفاتر کی بندش کا نوٹس لیں

کوئٹہ (آن لائن) تحصیل گنداخہ، ضلع اوستہ محمد کے معروف زمینداروں رئیس حاجی عبدالحمید خان جمالی، رئیس علی جان خان جمالی، رئیس سبحان خان جمالی، رئیس شاہ جہان جمالی، میر شمشیر خان جمالی نے حکومت بلوچستان اور محکمہ زراعت کے اعلیٰ حکام سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ گنداخہ میں محکمہ زراعت کا مکمل دفتری سیٹ اپ قائم کرکے متعلقہ افسران کی مستقل تعیناتی کو یقینی بنایا جائے، تاکہ مقامی کاشتکاروں کو زرعی سہولیات ان کی دہلیز پر میسر آسکیں۔ ان خیالات اظہار انہوں نے اپنے ایک اہم مشترکہ جاری کردہ بیان میں کیا۔ بلی علاقہ اور (بقیہ نمبر 28 صفحہ 7پر)

سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان ڈیپارٹمنٹل سب کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے نیشنل پارٹی کے سربراہ و رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک پارٹی رہنما مہراب مری اور میر جلال بلوچ ملاقات کررہے ہیں

قدرتی آفات سے نمٹنے کی پیشگی تیاری کو حکومتی منصوبہ بندی کا حصہ بنانا ہوگا، گورنر بلوچستان

ہمارے صوبے کو اکثر زلزلہ، سیلاب، خشک سالی اور دیگر قدرتی آفات کا سامنا رہتا ہے جیسے ہی ایک آفت کا سلسلہ رکتا ہے تو دوسری آفت سراٹھالیتی ہے

قدرتی آفات اور ماحولیاتی تبدیلی سے پیدا ہونے والے چیلنجز سے موثر انداز میں نمٹنے کی خاطر ایک جامع اور طویل المدتی حکمت عملی تشکیل دینا ناگزیر ہے

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے قدرتی آفات کے نقصانات کو کم کرنے کے انٹرنیشنل ڈے کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہمارے صوبے کو اکثر زلزلوں، سیلابوں، خشک سالی اور دیگر قدرتی آفات کا سامنا رہتا ہے جیسے ہی ایک آفت کا سلسلہ رکتا ہے تو دوسری آفت سراٹھالیتی ہے۔ ان قدرتی آفات کے باعث انسانی جانوں، بنیادی انفراسٹرکچر، زراعت، مالداری اور عوام کے معاشی وسائل کو شدید خطرات لاحق رہتے ہیں لہذا قدرتی آفات سے نمٹنے کی خاطر مختص فنڈز کا درست اور شفاف استعمال، عملی کارکردگی کا قابل پیمائش ہونا اور ان کے ثمرات عوام تک پہنچانا لازمی ہے۔ گورنر نے کہا کہ قدرتی آفات اور ماحولیاتی تبدیلی سے پیدا ہونے والے چیلنجز سے موثر انداز میں نمٹنے کی خاطر ایک (بقیہ نمبر 5 صفحہ 7پر)

کوئٹہ میں آٹے کی قیمت میں مسلسل اضافہ ریکارڈ

15 روپے مہنگا ہونے کے بعد آٹا 145 روپے سے 160 روپے کلو ہوگیا، مارکیٹ ذرائع

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں آٹے کی قیمت میں مسلسل اضافہ ریکارڈ ہونے لگا، 15 روپے مہنگا ہونے کے بعد آٹا 145 روپے سے 160 روپے کلو ہوگیا۔ مارکیٹ ذرائع کے مطابق آٹے کے 20 کلو کے تھیلے کی قیمت میں 300 روپے کا اضافہ ہوا ہے۔ شہر میں آٹے کے 20 کلو کے تھیلے کی قیمت 2 ہزار 900 روپے سے بڑھ کر 3 ہزار 200 روپے تک پہنچ گئی۔ مارکیٹ ذرائع کے مطابق مارچ سے اب تک آٹے کی فی کلو قیمت میں 40 روپے جبکہ 20 کلو تھیلے کی قیمت میں 800 روپے کا اضافہ ہوا ہے۔ دوسری جانب کوئٹہ کے نواحی علاقوں میں 20 کلو آٹے کا تھیلا (بقیہ نمبر 6 صفحہ 7پر)

پنجگور میں کھجور اور زیتون کے مختلف اقسام کی نمائش

پنجگور (این این آئی) پنجگور میں ایک روزہ کھجور اور زیتون میلہ مختلف اقسام کے کھجوروں کی نمائش مقامی سطح پر کھجور اور زیتون (بقیہ نمبر 32 صفحہ 7پر)

قلات میں پولیو مہم کا آغا 2 نومبر سے شروع ہوگا

19 یونین کونسلز میں 40 ہزار 269 بچوں کو قطرے پلانے کا ہدف

قلات (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر ندیم اکرم کے زیر صدارت ڈسٹرکٹ پولیو مہم سے متعلق اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عبدالمالک ڈسٹرکٹ پولیو آفیسر ڈبلیو ایچ او ڈاکٹر مجتبیٰ باجوئی ڈی ایم پی پی ایچ آئی جہانگیر زہری ڈی ایس پی قلات شکیل عمرانی سمیت محکمہ صحت قلات اور دیگر تمام محکموں کے سربراہان ڈبلیو ایچ او کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں آنے والے پولیو مہم سے متعلق تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈبلیو ایچ او کے DPO ڈاکٹر مجتبیٰ باجوئی نے پولیو مہم سے متعلق تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ (بقیہ نمبر 7 صفحہ 7پر)

قلات: ٹریفک حادثے میں جاں بحق ہونے والے چاروں افراد سپرد خاک، ہزاروں سوگواروں کی شرکت

قلات (این این آئی) مستونگ کی تحصیل کھڈکوچہ کے قریب بدرنگ کے مقام پر سوزوکی وین اور مزدا ٹرک کے درمیان تصادم کے نتیجے میں جاں بحق ہونے والے چاروں افراد کو قلات کے مقامی قبرستان میں ہزاروں سوگواروں کی موجودگی میں سپرد خاک کردیا گیا تفصیلات کے مطابق قلات کے محلہ خیل سے تعلق رکھنے والے افراد کوئٹہ میں منگنی کی تقریب میں شرکت کے بعد واپس قلات آرہے تھے کہ بدرنگ کے مقام پر ان کی سوزوکی وین مزدا ٹرک سے ٹکرا گئی۔ (بقیہ نمبر 9 صفحہ 7پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا ضلع ساوتھ ڈیرہ بگٹی کا دورہ

بلدیاتی نظام کی کارکردگی پر برہمی کا اظہار سوئی کے میونسپل چیف آفیسر کو معطل کرنے کے احکامات

ڈیرہ بگٹی (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ضلع ڈیرہ بگٹی کا دورہ کیا جہاں مختلف محکموں کے افسران نے انہیں اپنے اپنے محکموں کی کارکردگی جاری ترقیاتی منصوبوں اور عوام کو فراہم کی جانے والی سہولیات کے حوالے سے بریفنگ دی وزیراعلیٰ بلوچستان نے ضلعی انتظامیہ کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر محمد زوہیب کی خدمات کو سراہا جبکہ محکمہ صحت کی کارکردگی پر ڈی ایچ او اعظم جان بگٹی اور محکمہ تعلیم کے افسر رزاق بگٹی کی کارکردگی کو بھی سراہا گیا وزیراعلیٰ نے محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ (بقیہ نمبر 8 صفحہ 7پر)

صوبائی مشیر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری کی سینیٹر ارباب عمر فاروق کاسی سے تعزیتی ملاقات

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے ارباب ہاؤس کوئٹہ میں عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری سینیٹر نواب ارباب عمر فاروق کاسی سے ملاقات کی اور ان کی کزن اور فرید خان (خان جی) کی ہمشیرہ کے انتقال پر تعزیت وافسوس کا اظہار کیا۔ اس موقع پر صوبائی مشیر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے مرحومین (بقیہ نمبر 17 صفحہ 7پر)

گوادر جامعہ گوادر کے طلباء چائنیز بزنس سینٹر گوادر میں چینی دوستوں کے ہمراہ تہوار وسط خزاں کی تقریب میں شریک ہیں

صلاح الدین نورزئی کی زیرِ صدارت لوکل گورنمنٹ کے ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ اجلاس

پینے کے صاف پانی، واٹر فلٹریشن پلانٹس اور صحت کے منصوبوں پر خصوصی توجہ دی جائے، کمشنر نصیر آباد

نصیر آباد (خ ن) کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کی زیر صدارت ڈویژنل لوکل گورنمنٹ کے افسران کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ڈائریکٹر ترقیات حماد فارس کمبرانی، عبدالصمد سمیت نصیر آباد، جعفر آباد، صحبت پور اور جھل مگسی کے اسسٹنٹ ڈائریکٹرز نے شرکت کی اجلاس میں لوکل گورنمنٹ کے زیر انتظام جاری اور مکمل ہونے والے ترقیاتی منصوبوں ان پر ہونے والی پیش رفت اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے کیے جانے والے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس کے دوران لوکل گورنمنٹ کے افسران نے (بقیہ نمبر 19 صفحہ 7پر)

راجہ رمیش لال کا تربیتی طیارے کے حادثے میں دو افسران کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری برائے اقلیتی امور راجہ رمیش لال نے کوئٹہ میں پاک فوج کے تربیتی طیارے کو پیش آنے والے حادثے کے نتیجے میں انسٹرکٹر پائلٹ میجر حسنین شہزاد ہمایوں اور اسٹوڈنٹ پائلٹ کیپٹن عبدالصمد کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے (بقیہ نمبر 18 صفحہ 7پر)

ملک میں لنگڑی لولی جمہوریت بھی کھٹائی میں دکھائی دے رہی ہے، طاہر بزنجو

سیاسی وغیر سیاسی قوتوں کے گٹھ جوڑ نے جمہوری نظام کے مستقبل پر سنگین سوالات کھڑے کر دیے ہیں، سابق سینیٹر

خیبر پختونخوا میں پرامن نوجوان سیاسی کارکنوں کو ایسے حالات کی طرف دھکیلا جارہا ہے جہاں وہ بندوق اٹھانے پر مجبور ہو جائیں

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور سابق سینیٹر میر طاہر بزنجو نے کہا ہے کہ ملک میں لنگڑی لولی جمہوریت بھی حالتِ نزع میں دکھائی دے رہی ہے سیاسی وغیر سیاسی قوتوں کے گٹھ جوڑ نے جمہوری نظام کے مستقبل پر سنگین سوالات کھڑے کردیے ہیں۔ اپنے بیان میں میر طاہر بزنجو نے کہا کہ وہ مسلسل اس امر کی نشاندہی کرتے آرہے ہیں کہ اقتدار میں شراکت کے ہر فارمولے کو قبول کرکے پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ کے رہنماؤں نے بدترین نوعیت کی آمریت کی راہ ہموار کی یہی وجہ ہے کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کے امکانات کو موجودہ سیاسی تناظر میں کسی حد تک سمجھا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حالات کے آثار ظاہر کررہے ہیں کہ اختلافی آوازوں کو سختی سے دبانے کی کوشش (بقیہ نمبر 20 صفحہ 7پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان کے وژن اور PD رفیق بلوچ کی کاوشیں رنگ لارہی ہیں، رفیق جنگ

کوئٹہ (آن لائن) سرگرم سیاسی رہنما رفیق بلوچ اور صادق بنگلزئی نے جاری کردہ بیان میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے عوام دوست وژن کوئٹہ ڈویلپمنٹ پروجیکٹ کے تحت دارالحکومت کے سڑکوں کی تعمیر وبہتری اور سڑکوں کے درمیان سبزہ کا قیام کے اقدامات قابل توجہ ہیں شہر کے اہم شاہراہوں کی تعمیر بحالی درمیان میں سرسبز پودے لگانے سے نہ صرف ماحول کو خوبصورت بنانے میں مددمل رہی ہے بلکہ کوئٹہ کو دلکش صاف ستھرا شہر بنانے کا سہرا پروجیکٹ ڈائریکٹر رفیق بلوچ اور ان کی ٹیم کو جاتا ہے جن کی نگرانی میں جاری ترقیاتی سرگرمیاں شہریوں کیلئے بہتر سفری سہولیات میں اضافے کا ذریعہ بن سکتی ہیں اس ٹریفک کی روانی کو بھی برقرار رکھنے میں مددمل (بقیہ نمبر 30 صفحہ 7پر)

گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل سے صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو اور ایریا منیجر بینک آف پنجاب عمر شاہ ملاقات کررہے ہیں

سرکاری فرائض میں غفلت اور غیر حاضری برداشت نہیں کی جائے گی، ارشد حسین

طبی وتعلیمی اداروں کی مانیٹرنگ بلاتعطل جاری رہے گی، ڈپٹی کمشنر ہرنائی

ہرنائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر ہرنائی ارشد حسین جمالی نے ضلع میں سرکاری اداروں کی کارکردگی، عملے کی حاضری اور عوام کو فراہم کی جانے والی بنیادی سہولیات کا جائزہ لینے کے لیے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر (DHQ) اسپتال اور گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج کا اچانک تفصیلی دورہ کیا۔ اس دورے کا بنیادی مقصد طبی وتعلیمی شعبوں میں بہتری لانا اور اپنے فرائض میں غفلت ولاپرواہی برتنے والے عناصر کا سدباب کرنا تھا؟ اسپتال کے دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے ڈیوٹی روسٹر اور ملازمین کی حاضری کا باریک بینی سے معائنہ کیا۔ انہوں نے ایمرجنسی، مختلف وارڈز (بقیہ نمبر 31 صفحہ 7پر)

اوستہ محمد، میونسپل کارپوریشن کے مستقل و عارضی ملازمین چار ماہ سے تنخواہوں سے محروم

اوستہ محمد (آن لائن) میونسپل کارپوریشن کے مستقل و عارضی ملازمین چار ماہ سے تنخواہوں سے محروم، فاقہ کشی پر مجبور میونسپل کارپوریشن اوستہ محمد کے مستقل اور عارضی ملازمین گزشتہ چار ماہ سے تنخواہوں کی عدم ادائیگی کے باعث شدید مالی مشکلات سے دوچار ملازمین کا کہنا ہے کہ مسلسل چار ماہ سے تنخواہیں نہ ملنے کے باعث ان کے گھروں کے چولہے ٹھنڈے پڑ گئے اور وہ فاقہ کشی کرنے پر مجبور ہوگئے ہیں، جبکہ بچوں کی ضروریات اور روزمرہ کے گھریلو اخراجات برداشت کرنا ناممکن ہوگیا ہے دوسری جانب میونسپل (بقیہ نمبر 35 صفحہ 7پر)

مجھے میرے پیسے واپس دلوا کر انصاف کے تقاضے پورے کیے جائیں، محمد نسیم

میری 7 ایکڑ سے زائد زمین پر قبضے کرکے مجھے دستبردار کرانے کی کوشش کی جارہی ہے، پریس کانفرنس

کوئٹہ (آن لائن) کچلاک کے رہائشی محمد نسیم نے وزیراعلیٰ بلوچستان اور اعلیٰ حکام سے اپیل کی ہے کہ میرے رشتہ داروں کی جانب سے زبردستی زمین پر قبضہ کرکے 70 لاکھ روپے لینے کے باوجود دھمکیاں دی جارہی ہے اس کا نوٹس لیکر ان کے خلاف کارروائی کرکے مجھے انصاف دیا جائے۔ یہ بات انہوں نے منگل کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ کچلاک میں میری 7 ایکڑ سے زائد زمین پر قبضے کرکے مجھے دستبردار کرانے کی کوشش کی جارہی ہے اور مجھ سے دھوکہ دہی کے ذریعے انگوٹھے لگوا کر 70 لاکھ روپے لے گئے جس (بقیہ نمبر 36 صفحہ 7پر)

بنکاک، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سے سعودی فنڈ برائے ترقی (ایس ایف ڈی) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر سلطان عبدالرحمٰن المرشد ملاقات کررہے ہیں

پرنٹر و پبلشر وسیم احمد نے اولس
پرنٹرز یونیورسل کمپلیکس کالون
روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر
''روزنامہ عوام''
302 یونیورسل کمپلیکس جناح
روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
ای میل ایڈریس
dailyawamqta@gmail.com
فون نمبر: 2832244 فیکس نمبر 2832255